10 *x meṅ ghusnā* to enter forcefully into x
11 *x kā dil bahlānā* to entertain x

# ۴۔ مٹّی[1] کے صنم[2]  کرشن چندر

اُس زمانے کے مہنڈر[3] میں ریڈیو نہیں تھا۔ ریل، موٹر، تانگہ[4] تک نہیں تھا لیکن لوگ خوش تھے اور جب لوگ یہ کہتے ہیں کہ مشینوں کے بغیر خوشی ممکن[5] نہیں ہے تو مجھے یقین[6] نہیں آتا۔ میں نے مشینوں کے بغیر بھی خوشی دیکھی ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ مشینوں کو ہماری معیشت[7] سے باہر نکال دیا جائے۔ مشینوں کو اب ہمارے سماج[8] سے باہر نکالا[9] نہیں جاسکتا۔ درست[10] بھی نہیں ہوگا۔ لیکن یہ کہ خوشی صرف مشینوں سے آتی ہے، میں باور[11] نہیں کرسکتا۔ دو وقت پیٹ بھر کھانے کو ملے[12]۔ موٹا جھوٹا[13] پہننے[14] کو ملے، دوستوں اور ساتھیوں کی محبت ملے تو آدمی مٹی کے گھر میں یا کھلے آسمان تلے[15] بھی خوشی سے رہ سکتا ہے۔ میں نے وہ خوشی دیکھی ہے جو مشینوں کی محتاج[16] نہیں تھی۔ پرانے زمانے میں ہل[17] کسان[18] کے لیے تھا، کسان ہل کے لیے نہیں تھا۔ آج مشینوں کی اہمیت[19] آدمی سے زیادہ ہے، چاروں طرف مشینوں کے جنگل اُگے[20] ہوئے ہیں اور خوشی کہیں نہیں ہے۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ ایسے گاؤں میں ہیں جہاں انٹرنیٹ نہیں ہے۔ گاؤں میں

---

1 *miṭṭī* f soil
2 *sanam* m beloved, idol
3 name of a village
4 *tāṅgā* m two-wheeled horse cart
5 *mumkin* possible
6 *x ko yaqīn ānā* int for x to be certain of something
7 *maīšat* f economics
8 *samāj* m society
9 *x se bāhar nikālnā* to remove something from x
10 *durust* right
11 *bāvar karnā* to believe
12 *peṭ bhar khāne ko milnā* int to get enough food to fill your stomach
13 *moṭā jhūṭā* inexpensive, rough, coarse (not fine)
14 *pahannā* to wear
15 *x ke tale* under x
16 *x ka mohtāj honā* to be in need of x, to depend on x
17 *hal* m plough
18 *kisān* m farmer
19 *ahamīat* f importance
20 *ugnā* int to grow

انٹرنیٹ لگانے[1] کے لیے آپ حکومت کو عرضی[2] لکھتے ہیں اور انٹرنیٹ کے دس فائدے[3] بتاتے ہیں۔

1 *inṭerneṭ lagānā* to install the internet
2 *arzī* f petition
3 *fāidā* m benifit

## ۵۔ لیلیٰ[1] کے خطوط[2] اور مجنوں[3] کی ڈائری — قاضی عبدالغفار

مرد اپنے بستر کے لیے عورتیں تلاش[4] کرتا ہے تو اُس کو سب سے زیادہ یہ فکر[5] ہوتی ہے کہ عورت حسین ہو۔ چاہے وہ خود کتنا ہی مکروہ[6] صورت ہو، مگر عورت حسین چاہتا ہے۔ نکاح[7] سے پہلے وہ لڑکی کی صورت دیکھ کر مطمئن[8] ہو جانا چاہتا ہے، مگر کبھی اِس بات پر غور[9] نہیں کرتا کہ اگر عورتیں بھی شادی سے پہلے مرد کی صورت دیکھ لینا چاہیں تو کیا گناہ[10] ہے؟ کیا بھیڑ[11] بکریاں ہم ہی ہیں کہ تم ذبح[12] کرنے کے لیے خریدنے سے پہلے ہماری کھال[13] دیکھتے ہو کہ ڈھلی[14] ہوئی تو نہیں، مہروں[15] پر جھگڑتے[16] ہو، قیمتی جہیز[17] مانگتے ہو! اور اس طرح اپنے من[18] کا سودا[19] خریدنا چاہتے ہو!

......................

مشق ۔ فرض کیجیے آپ ایک اخبار کے لیے کالم لکھ رہے ہیں جس کا موضوع[20] ہے 'عورتوں کے حقوق[21]'۔ عورتوں کے حقوق پر دس جملے[22] لکھیے۔

---

1 *lailā* f name of a legendary beloved
2 *xutūt* m pl letters
3 *majnūṅ* m laila's lover
4 *talāš karnā* to search, find
5 *fikr honā* int to have a worry
6 *makrūh* disgusting
7 *nikāh* m wedding
8 *mutmain honā* to be satified
9 *x par ğaur karnā* to take x into account, to consider x
10 *gunāh* m sin
11 *bheṛ* f lamb
12 *zabah karnā* to slaughter
13 *khāl* f skin
14 *ḍhalnā* int to decline
15 *maher* m dowry from the groom's side
16 *x par jhagaṛnā* to fight over x
17 *jahez* m dowry from the bride's side
18 *man kā* wishful
19 *saudā* m goods
20 *mauzū* m subject, topic
21 *huqūq* m pl rights
22 *jumlā* m written or spoken sentence

## ٦۔ جاں نثار اختر کے نام خط[1] صفیہ اختر

اختر! ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میرے خون کے ہر قطرے[2] میں اور دل کی ہر دھڑکن[3] میں تمہارا وجود[4] شامل[5] ہے۔ یہ سب کیا ہے، میں کہہ نہیں سکتی۔ میں تمہارے خطوط کے سہارے جیوں[7] گی۔ وہ دن بھی جلد آ جائیں گے جب میں تمہاری نظروں کے سائے[8] میں پھر سکون[9] پا سکوں گی۔ آؤ، تمھیں بہت سا پیار کر لوں۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے یہ خط آپ کے نام ہے۔ اس کا جواب دس جملوں میں لکھیے۔

---

1 *x ke nām xat* letter for x
2 *qatrā* m drop
3 *dhaṛkan* f heartbeat
4 *vajūd* m existence
5 *šāmil honā* included
6 *x ke sahāre jīnā* to live/survive with the support of x
7 *nazar* f vision
8 *x ke sāye meṅ* under the shelter of x
9 *sukūn* m peace, franguility

## ۷۔ شیعہ اور سنّی میں شادی کا سوال

http://www.urdupages.com

سوال: کوئی سنّی لڑکی کسی شیعہ لڑکے کے ساتھ شادی کر سکتی ہے؟

جواب: بھائی جان، کسی کو کافر نہیں کہنا چاہیے۔ کافر کو بھی کافر نہیں کہنا چاہیے۔ کیا پتا کہ وہ کب مسلم ہو جائے۔ اللہ نے اس بات سے منع[1] کیا ہے۔ میں ایک سنّی ہوں۔

جواب: میرے ذاتی[2] خیال کے مطابق[3] یہ مناسب[4] نہیں۔ باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔ ویسے اس طرح کے سوالات علماء[5] سے پوچھے جاتے ہیں اور آپ بھی اُنھیں سے پوچھیں تو زیادہ بہتر ہوگا کیونکہ وہ ہم سب سے زیادہ علم رکھتے[6] ہیں۔

جواب: اسد بھائی نے ٹھیک کہا ہے کہ یہ سوالات علماء ہی ٹھیک بتا سکتے ہیں۔ یہاں معلوم کرنے سے کسی سنّی یا شیعہ بھائی کی دل آزاری[7] ہو سکتی ہے۔ میں ایک سنّی ہوں۔

جواب: میرے مطابق[8] یہ سوال آپ کو نہیں کرنا چاہیے تھا کیونکہ اِس سے یو پی کی فضا[9] خراب ہو سکتی ہے۔ ایسے سوالات اور باتوں سے گریز[10] کیا کریں جس سے دوسرے انسان کے دل کو دکھ پہنچے[11]۔ مجھ سے زیادہ غیر جانبداری[12] سے مشورہ[13] کوئی اِس وقت دے بھی نہیں سکتا کیونکہ نہ میں سنّی ہوں نہ شیعہ ہوں۔

جواب: بھائی کرنے والے کرتے ہیں اور نہیں کرنے والے نہیں کرتے۔ ایک سنّی لڑکی نے اپنی مرضی[14] سے شیعہ لڑکے سے خفیہ[15] نکاح[16] کیا اور بعد میں جب لڑکی کے

---

1 *x se manā karnā* to prohibit from x
2 *zātī* personal
3 *x ke mutābiq* according to x
4 *munāsib* proper
5 *ulamā* m pl learned (people)
6 *x se ziādā ilm rakhnā* having more knowledge than x
7 *x kī dil āzārī honā* for x to be hurt
8 *x ke mutābiq* according to x
9 *fizā* f situation, ambience
10 *x se gurez karnā* to refrain from x
11 *x ko dukh pahuṅcnā* int for x to feel pain/ sorrow
12 *ǧair jānib dārī* f impartiality
13 *mašvarā denā* to give advice
14 *x kī marzī se* according to x's wish
15 *xūfiā* hidden, secret
16 *x se nikāh karnā* to marry x

گھر والوں کو پتا چلا تو انھوں نے کسی عالم صاحب سے فتویٰ[1] لے لیا کہ شیعہ کے ساتھ شادی جائز[2] نہیں ہے۔ یہ کہہ کر لڑکی کو گھر میں بیٹھا لیا[3] اور رشتہ کہیں اور طے[4] کر دیا بغیر طلاق[5] دلوائے۔

جواب: نہیں کر سکتی۔

جواب: ارے یہ سنّی اور شیعہ ہی کی لڑائی نے تفرقہ[6] ڈالا ہے۔ خود کو جسٹ مسلم کہو، نہ کہ سنّی شیعہ اور نہ ہی کوئی اور مسلک[7] کا کہو۔ اِن باتوں کا حساب دینا[8] پڑے گا۔ یاد رکھو، قرآن صرف ایک دینِ اسلام کے لیے اتارا گیا ہے۔ خود کو تفرقوں میں رکھو گے تو کیسے ہوگی مغفرت[9]۔ میں ایک مسلم ہوں، الحمدللہ[10]۔

جواب: کمال کا آپ لوگوں نے ذہن[11] پایا ہے یار۔ کب سے یہ ڈسائڈ نہیں کر پاتے کہ صحیح کیا اور غلط کیا! اتنا تو پتا ہے نا کہ تم لوگ اہلِ کتاب[12] سے شادی کر سکتے ہو، مینس اگر تم مسلم ہو تو کرسچن کے ساتھ شادی کر سکتے ہو، تو یہ سنّی شیعہ کیا بنا رکھا ہے۔ دونوں کا یقین[13] قرآن پر ہے اور اللہ ایک ہے، کوئی شک[14] نہیں اور محمد اُن کے آخری رسول ہیں۔ اِس کے علاوہ[15] اور کیا چاہیے؟

.......................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کے ماں باپ آپ کی شادی کرنا چاہتے ہیں اور آپ کو شادی

---

1 *fatvā lenā* to ask for a religious decree
2 *jāiz* lawful
3 *laṛkī ko ghar meṅ baiṭhā lenā* to bring the girl back from her husband's house
4 *rištā tai karnā* to fix the wedding
5 *talāq denā* to divorce
6 *tafriqā dālnā* to put dispute
7 *maslak* m school of belief
8 *x kā hisāb denā* to give accounts of x, to give answer for x
9 *mağfirat honā* int to be forgiven
10 *alhamdulillāh* praise God
11 *zahan* m mind, thinking
12 *ahl-e-kitāb* m one who believes in a revealed religion, people who have revealed books
13 *x par yaqīn honā* to believe in x
14 *šak* m doubt
15 *x ke alāvā* except x

نہیں کرنا ہے۔آپ کا خیال ہے کہ زندگی کو مکمل بنانے کے لیے شادی کرنا ضروری نہیں
ہے۔اپنے نظریے[1] کی دس جملوں میں حمایت[2] کیجیے۔

---

1 *nazarīā* m view, point of view
2 *x ki himāyat karnā* to support x

## ۸۔قوم[1] کا خادم[2] پریم چند

خادمِ قوم نے کہا، ملک کی نجات[3] کا ایک ہی نسخہ[4] ہے اور وہ ہے نیچوں کے ساتھ برادرانہ سلوک[5]۔ رذیلوں[6] کے ساتھ مساوات[7] کا برتاؤ[8]۔ دنیا میں سبھی بھائی ہیں۔ کوئی نیچا[9] نہیں، کوئی اونچا[10] نہیں۔

دنیا نے نعرۂ تحسین بلند[11] کیا۔ کتنی وسعتِ نظر[12] ہے۔ کتنا درد رس[13] دل! اُس کی حسین لڑکی اِندرا نے سنا اور دریائے فکر میں ڈوب[14] گئی۔

خادمِ قوم نے رذیل نوجوان کو گلے[15] لگایا۔ دنیا نے کہا یہ فرشتہ ہے۔ ولی[16] ہے۔ قوم کا ناخدا[17] ہے۔

اِندرا نے دیکھا اور اُس کا چہرہ روشن[18] ہو گیا۔

خادمِ قوم رذیل نوجوان کو مندر میں لے گیا۔ دیوتا کے درشن[19] کرائے اور کہا ہمارا معبود[20] غربت[21] میں ہے، نکبت[22] میں ہے، افلاس[23] میں ہے، ذلّت[24] میں ہے، پستی[25] میں ہے۔

---

1 *qaum* f people
2 *xādim* m servant
3 *najāt* f salvation
4 *nusxā* m formula, prescription
5 *sulūk* m treatment
6 *razīl* lowest social rank
7 *musāvāt* f equality
8 *x kā bartāo* behavior of x, treatment of x
9 *nīcā* low-class
10 *ūṅcā* high-class
11 *nāra-e-tahsīn buland karnā* to raise a slogan of joy
12 *vusat-e-nazar* f broad-mindness
13 *dard ras* afflicted, soft
14 *darīā-e-fikr meṅ ḍūbnā* int to get lost in thoughts
15 *x ko gale lagānā* to hug x
16 *valī* m saint
17 *nāxudā* m captain of a ship, leader
18 *cehrā raušan honā* int to blush
19 *daršan karnā* to pay a tribute through ones eyes
20 *mābūd* m god
21 *ğurbat* f misery, poverty, to be in a foreign land
22 *nakbat* f calamity
23 *iflās* m poverty
24 *zillat* f humiliation
25 *pastī* f inferiority, defeat, lowness

دنیا نے کہا، کتنا روشن ضمیر[1] آدمی ہے! کیا عارفِ کامل[2]!

اِندرا نے دیکھا اور مسکرائی۔

اِندرا خادمِ قوم کے پاس جا کر بولی، میرے قابلِ تعظیم[3] باپ! میں موہن سے بیاہ[4] کرنا چاہتی ہوں۔

خادمِ قوم نے پیار کی نظروں سے دیکھ کر پوچھا، موہن کون ہے؟

اِندرا نے پُرجوش[5] انداز سے کہا، موہن وہی نوجوان ہے جسے آپ نے گلے لگایا، جسے آپ مندر میں لے گئے، جو سچّا، بہادر، اور نیک ہے۔

خادمِ قوم نے نگاہِ قہر[6] سے اُس کی طرف دیکھا اور منھ پھیر[7] لیا۔

.........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ سے پوچھا گیا ہے کہ دنیا کو دہشت گردی[8] سے نجات[9] کیسے مل سکتی ہے۔ دس جملوں میں اپنا جواب دیجیے۔ اس جواب میں دہشت گردی کے اسباب[10] کو بھی شامل[11] کرنا ہے۔

---

1 *raušan zamīr* enlightened
2 *ārif-e-kāmil* holy man, agnostic
3 *qābil-e-tāzīm* respected, worthy of respect
4 *biāh karnā* to marry
5 *purjoš* passionate
6 *nigāh-e-qahar se dekhnā* to look angrily, to look by the glance of fury
7 *munh phernā* to ignore
8 *dahšat gardī* f terrorim
9 *x se najāt milnā* to get deliverance from x
10 *x ke asbāb* m pl reasons of x
11 *x ko šāmil karnā* to include

## ۹۔ ماں کی محبت　　محمد حسین آزاد

ماں بچے کو گود[1] میں لیے بیٹھی ہے۔ باپ حقہ[2] پی رہا ہے اور دیکھ دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ بچہ آنکھیں کھولے پڑا ہے۔ انگوٹھا چوس[3] رہا ہے۔ ماں محبت بھری نگاہوں سے اُس کو تک[4] رہی ہے، اور پیار سے یہ کہتی ہے، میری جان! وہ دن کب آئے گا میٹھی میٹھی باتیں کرے گا! بڑا ہوگا! سہرا[5] بندھے گا! دولھا بنے[6] گا! دلھن بیاہ[7] لائے گا! ہم بڑھے ہوں گے! تو کمائے[8] گا! آپ کھائے گا! ہمیں کھلائے گا!

بچہ مسکراتا ہے تو ماں کا دل باغ باغ[9] ہو جاتا ہے۔ جب ننھا سا ہونٹ نکال کر رونی صورت[10] بناتا ہے تو یہ بے چین[11] ہو جاتی ہے۔ سامنے پنگورا[12] لٹک[13] رہا ہے۔ سلانا[14] ہوتا ہے تو اُس میں لٹا دیتی ہے۔ رات کو اپنے ساتھ سلاتی ہے، جاگ اٹھتا ہے تو جھٹ چونک[15] پڑتی ہے۔ کچی نیند[16] میں رونے لگتا ہے تو آدھی آدھی رات تک یہ بے چاری مامتا کی ماری[17] لیے بیٹھی رہتی ہے۔ صبح جب بچے کی آنکھ کھلتی[18] ہے تو آپ بھی اُٹھ بیٹھتی ہے۔ دن چڑھے[19] منہ دھلاتی ہے۔ آنکھوں میں کاجل لگاتی[20] ہے اور یہ کہتی ہے، کیا چاند سا مکھڑا[21] نکل آیا! واہ واواہ!

.........................

---

1 *god* f the lap
2 *huqqā pīnā* to smoke hookah
3 *angūṭhā cūsnā* to suck a thumb
4 *x ko taknā* to stare at x
5 *sehrā bandhnā* int to get married
6 *dūlhā bannā* int to become a groom
7 *x ko biāh lānā* to bring x after marrying her
8 *kamānā* to earn a living
9 *dil bāğ bāğ honā* to be delighted
10 *ronī sūrat banānā* to make a cry-face
11 *becain honā* int to become restless
12 *pingūrā* m cradle
13 *laṭaknā* to hang
14 *x ko sulānā* to make x to sleep
15 *caunk paṛnā* int to wake up suddenly, to be startled
16 *kaccī nīnd* f in the middle of sleep
17 *māmtā kī mārī* stricken by maternal affection
18 *ānkh khulnā* to wake up
19 *din caṛhe* early morning
20 *kājal lagānā* to apply eyeliner, kohl
21 *mukhṛā* m mouth, face

مشق ۔ فرض کیجیے آپ اپنی والدہ کو مدرس ڈے کا کارڈ بھیج رہے ہیں۔ آپ کی والدہ کو مدرس ڈے کی روایت [1] کے بارے میں معلوم نہیں ہے۔ آپ کارڈ میں اُن کو مدرس ڈے کے بارے میں بتائیے اور یہ بھی بتائیے کہ مدرس ڈے آپ کے لیے کتنا اہم [2] ہے۔

1 *rivāyat* f tradition
2 *aham* important

## ۱۰۔مولوی[1] صاحب کا گھوڑا　　　　محمد حسین آزاد

مولوی صاحب گھوڑے پر سوار[2] ہیں۔ مدرسے[3] جاتے ہیں۔ دو تین شاگرد ساتھ ہیں۔ ایک کے ہاتھ میں کتاب ہے، ایک کی بغل[4] میں جزدان[5] ہے۔ ایک نے سامنے سے آ کر سلام کیا ہے۔ مولوی صاحب نے گھوڑا روک لیا۔ شاید اُس سے کچھ باتیں کریں گے۔ یہ لڑکے بڑے شوقین[6] ہیں۔ ایک کچھ پوچھ رہا ہے۔ دوسرا برابر لگا ہے کہ یہ کب ہٹے اور میرا وار[7] آئے۔ مولوی صاحب بھی دل سے چاہتے ہیں کہ ان کو کچھ آ جائے۔ گھر پر بھی پڑھاتے ہیں۔ رستے میں بھی بتاتے ہیں۔ مدرسے کا بھی خیال ہے کہ وقت پر پہنچ جائیں۔ وہاں بہت سے شاگرد بیٹھے راہ دیکھ[8] رہے ہوں گے۔ مولوی صاحب بڑے محنتی[9] ہیں۔ ہمیشہ اُن کی جماعت[10] کے لڑکے امتحان میں پاس ہوتے ہیں۔

سنو میاں لڑکو! علم بڑی دولت ہے۔ جہاں تک ہو سکے حاصل کیے جاؤ۔ اٹھتے، بیٹھتے، چلتے، پھرتے، گھر ہو یا مکتب[11] ہو، وقت کو ضائع[12] نہ ہونے دو۔ پڑھنے لکھنے[13] کی یہی عمر ہے۔ پھر ایسی بےفکری[14] کہاں؟ بڑے ہو گئے تو دنیا کے دھندوں[15] میں پھنس[16] جاؤ گے۔ اِس وقت نہ پڑھا تو عمر بھر پچھتاؤ[17] گے۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کے ہائی اسکول ٹیچر ریٹائر ہو رہے ہیں۔ اِس موقعے[18] پر آپ

---

1 *maulavī* m teacher, scholar
2 *x par savār honā* to ride on x
3 *madarsā* m school
4 *baġal* f under arms
5 *juzdān* m a wooden stand or cloth cover for the Qoran
6 *šauqīn* passionate, fond
7 *vār (*synonym of *bārī)* m turn
8 *x kī rāh dekhnā* to wait for x
9 *mehentī* hard working
10 *jamāt* f class, group
11 *maktab* m elementary school
12 *zāe karnā* to waste
13 *paṛhnā likhnā* to study
14 *befikrī* f state of being carefree
15 *dhandā* m business
16 *phaṅsnā* int to stuck, to be trapped
17 *pachtānā* int to regret
18 *mauqā* m occasion

ایک تقریر[1] کر رہے ہیں۔ اپنے ٹیچر کے بارے میں ایسی دس باتیں بتایئے جن کی وجہ سے آپ اُن کو کبھی نہیں بھول[2] سکیں گے۔

1 *taqrīr* f speech
2 *bhūlnā* int to forget

# ۱۱۔ کبوتر[1]   محمد حسین آزاد

ماں نے بچے کے بہلانے[2] کو کبوتر پال[3] رکھے ہیں۔ چھت پر کھڑی دانہ[4] ڈال رہی ہے۔ بچہ تماشا[5] دیکھنے ماں کے پاس جانا چاہتا ہے۔ سیڑھیوں پر چڑھ[6] رہا ہے۔ دیکھو! ایک کبوتر چھت پر بیچ میں بیٹھا ہے۔ دوسرا گردن جھکائے دانہ چگ[7] رہا ہے۔ کئی کبوتر چھت کے کنارے منڈیر[8] پر بیٹھے ہیں۔ اُن میں ایک لقّا[9] ہے، سینہ کسے، دم کو چنور[10] کیے۔ ایک چھتری سے نیچے کو اتر رہا ہے۔ چھتری کہاں ہے؟ وہ مندر کی دیوار سے بندھی ہوئی ہے۔ ایک سینہ کسے دیوار پر بیٹھا ہے۔ ایک اوپر سے نیچے کو آ رہا ہے۔ وہ کہاں؟ شوالے[11] کے کلس[12] کے برابر۔ ایک محراب[13] کے چھجے[14] پر بھی ہے۔

کبوتر کیا ستھرا[15] جانور ہے۔ اِس کی بھولی بھالی صورت، پیاری پیاری گردن، اِس کی بانکی[16] چال، رسیلی آنکھیں، اِس کا رنگ، اِس کا روپ، دیکھنے کے قابل ہے۔ ایسی محبت اور ملنساری[17] کسی پرندے[18] میں نہیں۔ دیکھو! سب مل کر کیسے ساتھ اڑتے ہیں۔ آدمی سے کیسے ہل[19] جاتے ہیں اور کس وفاداری سے اِسے نباہتے[20] ہیں۔ اِن کی یادداشت[21] تعریف[22] کے قابل ہے۔ وہ اپنے گھروں کو خوب پہچانتے ہیں۔ منزلوں[23] سے بھاگ کر آتے ہیں، اور برسوں نہیں بھولتے۔

..........................

1 *kabūtar* m pigeon
2 *x ko bahlānā* to entertain x
3 *x ko pālnā* to nurture x
4 *dānā ḍālnā* to put out grain (for birds)
5 *tamāšā dekhnā* to see a spectacle, show
6 *sīṛhīyoṅ par caṛhnā* to climb stair
7 *dānā cugnā* to pick up food (with the beak)
8 *muṅḍer* f parapet-wall
9 *laqqā* m the fan-tail pigeon
10 *caṅvar karnā* to spread the feathers of tail in a circle form
11 *šivālā* m any temple dedicated to lord shiva
12 *kalas* m rounded pinnacle
13 *mehrāb* f arch
14 *chajjā* m portico
15 *suthrā* neat
16 *bāṅkā* dashing
17 *milansārī* f friendliness
18 *parindā* m bird
19 *x se hilnā* to be tamed by x
20 *vafādārī nibāhanā* to maintain the faithfulness
21 *yāddāšt* f memory
22 *tārīf* f praise
23 *manzil* f destination, destiny

مشق۔ فرض کیجیے آپ بلی پالنا چاہتے ہیں لیکن آپ کے روم میٹ کو بلیاں پسند نہیں۔
آپ اپنے روم میٹ[1] کو منانے کے لیے بلیوں کی دس خوبیاں[2] بتائیے۔

1 *x ko manānā* to soothe x
2 *xūbī* f goodness

## ۱۲۔چاندرات[1] روزنامہ[2] آگ، لکھنؤ

### رات بھر لوگوں نے کی خریداری[3] اور ایک دوسرے کو دی مبارکباد[4]

لکھنؤ (نامہ نگار[5]) آسمان پر عید کا چاند نمودار[6] ہوتے ہی جہاں بچوں کے چہروں پر خوشی کی لہر[7] دوڑ گئی وہیں بڑے بھی عید کی خوشی کو روک نہ سکے۔ بچوں میں عید کے موقعے پر نئے کپڑے پہننے، سوئیں[8] کھانے اور اپنے بزرگوں سے عیدی[9] لینے کا شوق جوش مارنے[10] لگا۔ عید کے چاند کی خبر[11] ملتے ہی لوگوں نے موبائل فون کے ذریعے اپنے ملنے والوں اور رشتہ داروں کو عید کی مبارکباد دینا شروع کر دی اور عید کے چاند کی اطلاع[12] ملتے ہی بازار میں گہما گہمی[13] بڑھ گئی اور لوگوں نے کپڑوں، جوتوں، چپلوں[14] اور خواتین نے اپنی آرائش[15] کی اشیاء[16] کی دیر رات تک خریداری کی۔

اِس کے علاوہ کھانے پینے کی دکانوں پر بھی پوری رات بھیڑ[17] لگی رہی۔ عید کی چاند رات پر آج پرانے لکھنؤ، خاص کر امین آباد، نخاس، وکٹوریہ اسٹریٹ، چوک، اکبری گیٹ سمیت شہر کے شاپنگ مال میں دیر رات تک خریداروں کا ہجوم[18] رہا۔ عید کے موقعے پر عطر[19] کی دکانوں پر بھی زبردست بھیڑ رہی اور لوگوں نے عطر کی خریداری کی۔ عید کے چاند کی خبر ملتے ہی لوگوں میں عید کی مبارکباد دینے کا سلسلہ[20] شروع ہو

---

1 *cānd rāt* f the night in which the new moon appears
2 *roznāmā* m daily newspaper
3 *xarīdārī karnā* to do shopping
4 *mubārakbād denā* to give wishes, congratulate
5 *nāmā nigār* m newspaper's reporter
6 *namūdār honā* int to appear
7 *xušī kī lahar* f wave of happiness, excitement
8 *sivaīyāṅ* f indian vermicelli, a special sweet dish for Eid
9 *īdī* f gift-money given to children at eid
10 *x kā još mārnā* to be enthusiastic about x
11 *xabar* f news
12 *x kī ittilā milnā* to get the information of x
13 *gahmā gahamī* f hustle-bustle
14 *cappal* f footwear
15 *ārāiš* f make-up
16 *ašīā* f pl things
17 *bhīṛ* f crowd
18 *hujūm* m crowd
19 *itr* m oil based perfume
20 *silsilā* m series

گیا۔ کسی نے موبائل فون کے ذریعے[1] مبارکباد دی تو کسی نے ایس ایم ایس کے ذریعے عید کی مبارکباد دی۔ اِس کے علاوہ[2] لوگوں نے انٹرنیٹ کے ذریعے بھی اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو عید کی مبارک باد دی۔

عید کے پیشِ نظر[3] مسجدوں کے اردگرد[4] صفائی کا خصوصی انتظام[5] کرنے کے ساتھ ہی گلیوں[6] اور سڑکوں پر بھی صفائی کا خصوصی انتظام کیا گیا ہے۔ مساجد میں نمازیوں[7] کے وضو[8] کے لیے پانی کے خصوصی انتظام کے ساتھ ہی متعدد[9] مساجد پر شامیانے[10] وغیرہ کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔

.........................

مشق ۔ فرض کیجیے آپ کی ملاقات[11] ایک ہندوستانی سے ہوتی ہے جس کو ہیلوئین تہوار[12] کے بارے میں معلوم نہیں ہے۔ آپ اُس کو کم سے کم دس جملوں میں اِس تہوار کے بارے میں بتائیے۔

---

1 *x ke zarīye* by the mean of x
2 *x ke alāvā* except x
3 *x ke peš-e-nazar* for x
4 *ird gird* around vicinity
5 *xusūsī intizām* m special arrangement
6 *galī* f lane
7 *namāzī* m a person who offers namaz
8 *vuzū karnā* to perform a sacred ablution before namaz
9 *mutādid* several
10 *šāmīānā* m tent canopy
11 *mulāqāt* f meeting
12 *tehvār* m festival

## ۱۳۔ قسطنطنیہ[1] شبلی نعمانی

کہتے ہیں کہ دنیا کا کوئی شہر قسطنطنیہ کے برابر خوش منظر[2] نہیں ہے۔ واقعی حقیقت یہ ہے کہ منظر کے لحاظ[3] سے اِس سے زیادہ خوش نما[4] ہونا خیال میں بھی نہیں آتا۔ اِسی لحاظ سے اِس کی بندرگاہ[5] کو انگریزی میں گولڈن ہارن کہتے ہیں۔ کہیں کہیں عین[6] دریا کے کنارے پر عمارتوں کا سلسلہ[7] ہے اور دور تک چلا گیا ہے، عمارتوں کے آگے جو زمین ہے وہ نہایت ہموار[8] اور صاف ہے۔ اِس کی سطح[9] سمندر کی سطح کے بالکل برابر ہے اور وہاں عجیب خوش نما منظر[10] پیدا ہو گیا ہے۔

شہر کی وسعت[11] اور تمدن[12] کا اِس سے اندازہ[13] ہو سکتا ہے کہ خاص[14] استنبول میں پانچ سو جامع مسجدیں، ۱۷ حمام، ۳۲۴ سرائیں[15]، ۱۶۴ مدارسِ قدیم، ۵۰۰ مدارسِ جدید، ۱۲۹ کالج، ۴۵ کتب خانے[16]، ۳۰ خانقاہیں[17]، ۸۴ چھاپے خانے[18] ہیں۔ کاروبار اور کثرتِ آمد و رفت[19] کی یہ کیفیت[20] ہے کہ متعدد[21] ٹرام گاڑیاں، بارہ دخانی جہاز[22]، زمین کے اندر کی ریل (جو ہر آدھے گھنٹے کے بعد چلتی ہیں) ہر وقت چلتی رہتی ہیں اور باوجود اِس کے سڑکوں پر پیادہ پا[23] چلنے والوں کا اِس قدر ہجوم[24] رہتا ہے کہ ہر وقت میلہ[25]

---

1 *qustuntunīā* m the city of Istanbul
2 *xuš manzar* scenic
3 *x ke lihāz se* in terms of x
4 *xušnumā* good looking
5 *bandargāh* f harbor
6 *ain* exact
7 *x kā silsilā* series of x
8 *hamvār* smooth, levelled
9 *satāh* f surface
10 *xušnumā manzar* m beautiful scene
11 *vusat* f spaciousness, expansion
12 *tamaddun* m civilisation
13 *x kā andāzā honā* int to get an idea of x
14 *xās* particular, important
15 *sarāi* f motel
16 *kutub xānā* m library
17 *xānqāh* f monestary
18 *chāpā xānā* m press (printing)
19 *kasrat-e-āmad-o-raft* f lots of coming and going
20 *kaifiat* f condition
21 *mutādid* numerous
22 *duxānī jahāz* m steam-ship
23 *pīādā pā calnā* int to on walk on foot
24 *hujūm* m rush, crowd
25 *melā* m fair, carnival

سا معلوم ہوتا ہے۔غلطہ اور استنبول کے درمیان[1] میں جو پل[2] ہے اُس پر سے گذرنے کا محصول[3] فی شخص ایک پیسہ ہے۔اس کی روزانہ آمدنی[4] پانچ چھ ہزار روپیہ سے کم نہیں ہے۔

قہوہ خانے[5] نہایت کثرت سے ہیں۔میرے تخمینے[6] میں چار پانچ ہزار سے کم نہ ہوں گے۔بعض بعض نہایت عظیم الشان ہیں، جن کی عمارتیں شاہی محل معلوم ہوتی ہیں۔قہوہ خانوں میں ہمیشہ ہر قسم کے شربت اور چائے وقہوہ وغیرہ مہیا[7] رہتا ہے۔اکثر قہوہ خانے دریا کے ساحل[8] پر اور بعض عین دریا میں ہیں جن کے لیے لکڑی کا پل بنا ہوا ہے۔قہوہ خانوں میں روزانہ اخبارات بھی موجود رہتے ہیں۔لوگ قہوہ پیتے جاتے ہیں اور اخبارات دیکھتے جاتے ہیں۔قسطنطنیہ بلکہ اُن تمام ممالک میں قہوہ خانے ضروریاتِ زندگی[9] میں شامل[10] ہیں۔میرے عرب احباب[11] جب مجھ سے سنتے تھے کہ ہندوستان میں اِس کا رواج[12] نہیں ہے تو تعجب سے[13] کہتے تھے، وہاں لوگ جی کیوں کر بہلاتے[14] ہیں؟ اُن ملکوں میں دوستوں کے ملنے جلنے[15] اور گرمیِ صحبت[16] کے موقعے[17] یہی قہوہ خانے ہیں۔

افسوس ہے کہ ہندوستانیوں کو اِن باتوں کا ذوق[18] نہیں، وہ جانتے ہی نہیں کہ اِس قسم کی عام صحبتیں زندگی کی دلچسپی[19] کے لیے کس قدر ضروری ہیں اور طبیعت کی شگفتگی[20] پر اِن کا

---

1 *x ke darmīān* in between x, in the middle of x
2 *pul* m bridge
3 *mahsūl* m toll
4 *rozānā āmdanī* f daily income
5 *qahva xānā* m coffee-house
6 *taxmīnā* m guess, estimate
7 *muhaīā* available
8 *sāhil* m sea-shore
9 *zarūrīāt-e-zindagī* f pl basic needs of life
10 *x meṅ šāmil honā* to be included in x
11 *ahbāb* m pl friends
12 *x kā rivāj* tradition of x
13 *tājjub se* surprisingly
14 *x ka jī bahlānā* to entertain x
15 *x se milnā julnā* int to see x, to meet x
16 *garmī-e-sohbat* f enthusiasm of companionship
17 *x kā mauqā* chance/opportunity of x
18 *x kā zauq* aesthetic sense of x
19 *dilcaspī* f entertainment
20 *šaguftagī* f delight

کیا اثر پڑتا ہے۔ دوستانہ مجلسیں[1] ہمارے یہاں بھی ہیں جس کا طریقہ یہ ہے کہ کسی دوست کے مکان پر دو چار احباب کبھی کبھی مل بیٹھتے[2] ہیں لیکن اِس طریقے میں دو بڑے نقص[3] ہیں۔ اوّل تو تفریح[4] کے جلسے[5] پُرفضا[6] مقامات میں ہونا چاہیے کہ تازہ اور لطیف[7] ہوا کی وجہ سے صحت کو فائدہ پہنچے، دوسری سخت خرابی یہ ہے کہ چوں کہ یہ جلسے پرائیویٹ جلسے ہوتے ہیں اس لیے اِن میں غیبت[8]، شکایت اور اِس قسم کی لغویات[9] کے سوا اور کوئی تذکرہ[10] نہیں ہوتا۔ قسطنطنیہ اور مصر میں میں ہمیشہ شام کے وقت دوستوں کے ساتھ قہوہ خانوں میں بیٹھا کرتا تھا لیکن میں نے کبھی اِس قسم کے تذکرے نہیں سنے، تفریح اور بذلہ سنجی[11] کے سوا وہاں کوئی ذکر نہیں ہوتا تھا اور نہ ہوسکتا تھا۔

.........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ ہوائی جہاز میں سفر کررہے ہیں۔ آپ کو اپنی پاس والی سیٹ پر بیٹھے مسافر سے عشق[12] ہوگیا ہے۔ آپ کو اپنے شہر کے دس دیدہ زیب[13] مقاموں[14] کے بارے میں بتا کر اُس کو متاثر[15] کرنا ہے۔

---

1 *dostānā majlis* f friendly gathering
2 *mil baiṭhnā* int to sit together
3 *nuqs* m defect
4 *tafrīh* f enjoyment
5 *jalsā* m gathering
6 *purfizā maqām* pleasant space
7 *latīf* delicate
8 *ğībat* f backbiting
9 *lağvīāt* m pl nonsense things, talks, matters
10 *tazkirā* m conversation
11 *bazlasanjī* f enjoyment, sense of humor
12 *x se išq honā* int to be in love with x
13 *dīdāzeb* worth watching
14 *muqām* m place
15 *x ko mutāssir karnā* to impress x

## ۱۴۔قرآن کا ترجمہ[1]       نذیر احمد

(شروع) اللہ کے نام سے (جو) نہایت[2] رحم والا مہربان[3] (ہے)۔ ہر طرح کی تعریف[4] خدا ہی کو (سزاوار[5]) ہے (جو) تمام[6] جہاں[7] کا پروردگار[8] (ہے) نہایت رحم والا مہربان، روزِ جزا[9] کا حاکم[10] (اے خدا) ہم تیری ہی عبادت[11] کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم کو (دین[12] کا) سیدھا راستہ دکھا اُن لوگوں کا راستہ جن پر تو نے (اپنا) فضل[13] کیا، نہ اُن کا جن پر (تیرا) غضب[14] نازل[15] ہوا اور نہ گمراہوں[16] کا۔

........................

مشق ۔ فرض کیجیے آپ ایک مضمون[17] لکھ رہے ہیں جس کا عنوان[18] ہے 'امریکہ کی سیاست[19] میں مذہب کا دخل[20]'۔ اپنے مضمون کا خاکہ[21] کم سے کم دس جملوں[22] میں بنائیے۔

---

1 *tarjumā* m translation
2 *nihāyat* f extremely
3 *miharbān* kind
4 *tārīf karnā* to praise
5 *sazāvār* deserving
6 *tamām* whole
7 *jahāñ* m the universe, world
8 *parvardigār* m the cherisher
9 *roz-e-jazā* m the day of retribution
10 *hākim* m master
11 *ibādat karnā* to worship
12 *dīn* m faith
13 *x par fazal karnā* to shower blessing/grace on x
14 *ğazab* m anger
15 *x par nāzil honā* to descend on x
16 *gumrāh* misled
17 *mazmūn* m article, topic
18 *unvān* m title
19 *sīyāsat* f politics
20 *x ka daxl* interference of x
21 *xākā* m draft outline, rough thought
22 *jumlā* m sentence

## ۱۵۔ دیباچہ[1]　　شفیق الرّحمٰن

یہ دستور[2] ہے کہ کتاب کہیں بھی لکھی گئی ہو مصنف[3] اگر ایک مرتبہ[4] بھی ولایت[5] گیا ہے تو دیباچہ ضرور لندن کا لکھا ہوگا۔ اِن دنوں میں لندن میں ہوں، اِس لیے مجبور[6] ہوں کہ اِس روایت[7] کو قائم[8] رکھوں۔

ویسے میں کوئی خاص بات نہیں کہنا چاہتا سوائے[9] اِس کے کہ یہ دیباچہ جسے میں نے لندن میں لکھا ہے۔ (اگست ۱۹۵۳ء)

.......................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کا دوست اُداس[10] ہے۔ چلیے! اُس کو ایک لطیفہ[11] سُنا کر خوش کر دیجیے۔ لطیفہ کم سے کم دس جملوں میں ہونا چاہیے۔

---

1 *dībācā* m preface
2 *dastūr* m fashion, style
3 *musannif* m writer
4 *martabā* m time, status
5 *vilāyat* m foreign country, England
6 *majbūr* helpless
7 *rivāyat* f tradition
8 *qāim rakhnā* to keep up
9 *x ke sivāe* with except x
10 *udās* sad
11 *latīfā sunānā* to crack a joke

## ۱۶۔ پاپا جی          شوکت کیفی

پرتھوی راج جی اپنے آرٹسٹوں کے ساتھ ایک باپ یا بڑے بھائی کا سا برتاؤ[1] کرتے تھے۔ بہت ہی حساس[2]، خوددار[3] اور محبت والے انسان تھے۔ جب وہ چار سال کے تھے تو اُن کی والدہ کا انتقال[4] ہو گیا تھا۔ اُن کے دادا نے اُن کو پالا[5] تھا لیکن وہ ماں کی محبت کے لیے ترستے[6] تھے۔ کہتے تھے: جب میں چھوٹا سا تھا تو اپنی عمر کے ایک لڑکے کے ساتھ جو میرا بہت اچھا دوست بھی تھا، اسکول کے بعد بجائے[7] اپنے گھر جانے کے، اُس کے گھر جاتا تھا اور دروازے میں کھڑا یہ دیکھا کرتا تھا کہ اُس کی ماں کس طرح اُس کا سواگت[8] کرتی ہے۔ کیسے پیار سے اُس کا بستہ[9] لیتی ہے، لپٹا[10] کر پیار کرتی ہے، کھانے کو دیتی ہے۔

میں اب بھی پرتھوی راج جی کی یہ بات سوچتی ہوں تو میری آنکھوں میں آنسو آ جاتے ہیں۔ شاید یہی کمی[11] تھی جس نے اُس بچے کو اتنا بڑا آدمی بنایا، ایک ایسا حساس انسان بنایا جس کے دل میں سارے ہندوستان کے لیے محبت تھی۔ پرتھوی راج جی کی خواہش[12] تھی کہ وہ اپنے ڈرامے ہندوستان کے چھوٹے سے چھوٹے گاؤں میں جا کر دکھائیں۔

تین گھنٹے کے شو کے بعد پرتھوی راج جی دروازے پر ایک جھولی[13] لے کر گردن نیچی کیے کھڑے ہو جاتے تھے تاکہ لوگ باہر نکلتے وقت جھولی میں جتنے پیسے ڈالنا چاہیں ڈال دیں۔ جو کچھ ملتا وہ منیجروں کے حوالے کر کے میک اپ روم میں چلے جاتے۔ یہ پیسہ تھیٹر کے ورکر فنڈ میں جمع ہوتا اور ضرورت مند[14] آرٹسٹوں کو ادھار[15] دیا جاتا تھا۔ پھر

---

1 *x sā bartāo karnā* to behave like x
2 *hassās* sensitive
3 *xuddār* self-respecting
4 *intiqāl honā* int to die
5 *x ko pālnā* to raise x
6 *x ke liye tarasnā* int to long for x
7 *x ke bajāe* instead of x
8 *x kā suvāgat karnā* to welcome x
9 *bastā* m bag
10 *lipṭānā* to hug
11 *kamī* f shortage, deficiency
12 *xāhiš* f desire
13 *jholī* f small bag
14 *zarūrat mand* needy
15 *udhār denā* to lend

اُن کی تنخواہ[1] سے اُن کی مرضی[2] کے مطابق کاٹا جاتا تھا۔ اِس فنڈ سے میں نے کئی بار فائدہ اٹھایا۔ جب میرا بیٹا بابا اعظمی آٹھ مہینے کی عمر میں بیمار ہوا تو میں نے اسی فنڈ سے قرض[3] لے کر اُس کا علاج[4] کروایا تھا۔ اُس وقت میری تنخواہ سو روپئے تھی اور میں اپنے دونوں بچوں کو اُن کی آیا[5] ایلس کے ساتھ ٹور پر لے جایا کرتی تھی۔ تھیٹر صرف ٹور پر ہی پیسے کماتا[6] تھا ورنہ بمبئی میں تو وہ نقصان میں ہی چلتا تھا۔ اتوار کی صبح نو بجے لوگ ڈرامہ دیکھنے کم ہی آتے تھے۔

میں نے سارا ہندوستان پرتھوی تھیٹر کی بدولت[7] ہی دیکھا تھا۔ کبھی کبھی ایک شہر سے دوسرے شہر ہم بس سے جاتے تھے۔ راستے میں رک کر کبھی چائے کے لیے بس رکتی تو پرتھوی راج جی اپنے آرٹسٹوں سے مخاطب[8] ہو کر کہتے: دیکھو بچو! یہ وقت ہے مختلف لوگوں کے کیریکٹر کی اسٹڈی کرنے کا۔ وہ دیکھو وہ بوڑھی عورت کس طرح بیٹھی ہے۔ اُس کے کپڑے کیسے ہیں۔ اُس کے چہرے پر جھریاں[9] کہاں کہاں ہیں۔ یہ کس طبقے[10] کی عورت ہے۔ غور سے[11] دیکھو۔ جب کسی ڈرامے میں تم کو یہ کیریکٹر کرنے کا موقع ملے گا تو تمہارا یہ observation کام آئے گا۔

اُنھیں آثارِ قدیمہ[12] دیکھنے کا بہت شوق[13] تھا۔ جب بھی ہم ایسے کسی شہر میں جاتے جہاں پرانے کھنڈر[14] ہوتے تو وہ اپنے آرٹسٹوں کو لے کر وہاں ضرور جاتے اور ایک ایک پتھر تک کو بڑے غور سے دیکھتے۔ پٹنہ کے تمام آثارِ قدیمہ میں نے اُن کے ساتھ دیکھے اور بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔

---

1 *tanxāh* f salary
2 *x kī marzī ke mutābiq* according to the will of x
3 *qarz lenā* to borrow money
4 *ilāj* m treatment
5 *āyā* f female babysitter
6 *kamānā* to earn
7 *x kī badaulat* because of x
8 *x se muxātib honā* to address x
9 *jhurrī* f wrinkle
10 *tabqā* m class
11 *ğaur se* minutely
12 *āsār-e-qadīmā* m pl archeological sites
13 *shauq* m fondness
14 *khaṇḍar* m ruins

وہ بے انتہا رحم دل[1] تھے۔ ایک مرتبہ کلکتے میں، ایک ورکر جس کا نام ڈھونڈو تھا، اُسے ہیضہ[2] ہو گیا۔ پرتھوی راج جی کسی میٹنگ میں باہر گئے ہوئے تھے۔ دن کے ڈیڑھ بجے تھے۔ اُس کی الٹیوں[3] کے مارے اس کے کمرے کے آس پاس فضلوں[4] سے کمرہ بے حد گندہ ہو گیا تھا۔ ہم لڑکیاں تو ڈر کے پاس بھی نہیں جا رہی تھیں۔ جب پرتھوی جی باہر سے آئے تو کسی نے کہہ دیا کہ ڈھونڈو کو کالرا ہو گیا ہے۔ بس پاپا جی بغیر جوتے اتارے اُس کے کمرے کی طرف بھاگے اور جا کر اُسے اپنے سینے سے لگا[5] لیا۔ ڈھونڈو کا جسم ٹھنڈا ہوتا جا رہا تھا مگر پاپا جی اُسے ڈاکٹر کے آنے تک اِس طرح لپٹائے رہے کہ بس اُس کو جسم کی کچھ حرارت ملتی رہے۔ جب ڈاکٹر آیا تو اُس نے کہا: پرتھوی راج جی، اِس شخص کی جان صرف آپ نے اپنے جسم کی گرمی دے کر بچائی[6] ہے ورنہ یہ بالکل ٹھنڈا[7] ہو گیا تھا۔

میں کتنے ہی دن حیرت اور تعجب سے سوچتی رہی کہ انھوں نے وہاں کی گندگی کا بھی خیال نہیں کیا اور نہ ہی یہ سوچا کہ یہ بیماری انھیں لگ جائے گی۔ میرے دل میں اُن کے لیے عزت اور بڑھ گئی۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کی سہیلی[8] کو آپ کے پرانے عاشق سے پیار ہو گیا ہے۔ آپ نہیں چاہتیں کہ آپ کی سہیلی آپ کے پرانے عاشق سے پیار کرے۔ آپ اپنی سہیلی کو اپنے پرانے عاشق کی دس ایسی باتیں بتائیے کہ وہ اُس سے نفرت[9] کرنے لگے۔

---

1 *rahamdil* soft hearted
2 *haizā honā* int to have cholera
3 *ulṭī* f vomiting
4 *fuzlā* m stool
5 *sīne se lagānā* to hug
6 *x kī jān bacānā* to save x's life, to rescue x
7 *ṭhanḍā honā* int to die
8 *sahelī* f woman's female friend
9 *x se nafrat karnā* to hate x

## ۱۷۔ دلّی کی سیر[1]  رشید جہاں

اچھی بہن ہمیں بھی آنے دو، یہ آواز دالان[2] سے آئی، اور ساتھ ہی ایک لڑکی کرتے[3] کے دامن[4] سے ہاتھ پونچھتی[5] ہوئی کمرے میں داخل[6] ہوئی۔ ملکہ بیگم ہی پہلی تھیں جو اپنی سب ملنے والیوں میں پہلے پہل[7] ریل میں بیٹھی تھیں۔ اور وہ بھی فرید آباد سے چل کر دہلی ایک روز کے لیے آئی تھیں۔ محلے والیاں[8] تک اُن کی داستانِ[9] سفر سننے کے لیے موجود تھیں۔ اے ہے، آنا ہے تو آؤ! میرا منھ تو بالکل تھک[10] گیا۔ اللہ جھوٹ نہ بلوائے تو سیکڑوں[11] ہی بار تو سنا چکی ہوں۔ یہاں سے ریل میں بیٹھ کر دلی پہنچی اور وہاں ان کے ملنے والے کوئی نگوڑے[12] اسٹیشن ماسٹر مل گئے۔ مجھے اسباب[13] کے پاس چھوڑ یہ رفو چکر[14] ہوے اور میں اسباب[15] پر چڑھی برقعے[16] میں لپٹی[17] بیٹھی رہی۔ ایک تو کمبخت[18] برقعہ، دوسرے مردوے[19]۔ مرد تو ویسے ہی خراب ہوتے ہیں، اور اگر کسی عورت کو اِس طرح بیٹھے دیکھ لیں تو اور چکر پر چکر[20] لگاتے ہیں۔ پان[21] کھانے تک کی نوبت[22] نہ آئی۔ کوئی کمبخت کھانسے[23]، کوئی آواز کسے[24]، اور میرا ڈر کے مارے دم نکلا[25] جائے۔ اور بھوک[26] وہ غضب کی لگی ہوئی کہ خدا کی پناہ[27]! دلّی کا اسٹیشن کیا ہے

---

1 *sair* f tour
2 *dālān* m gallery
3 *kurtā* m shirt
4 *dāman* m skirt
5 *poṅchnā* to wipe
6 *dāxil honā* int to enter
7 *pahle pahal* first and foremost
8 *muhalle vālī* f female neighbor
9 *dāstān* f long story
10 *thaknā* int to become tired
11 *saiṅkṛā* m one hundred
12 *nigoṛā* adj & m wretched
13 *asbāb* m luggage
14 *rafū cakkar honā* int to disappear
15 *asbāb* m luggage
16 *burqā* m a robe that women use to cover themselves
17 *lipaṭnā* int to be wrapped
18 *kambaxt* unfortunate, wretched
19 *mardūā* m a man
20 *cakkar pe cakkar lagānā* to take many rounds
21 *pān* m betel-leaf
22 *naubat* f opportunity
23 *khāṅsnā* to cough
24 *āvāz kasnā* to pass a comment
25 *ḍar ke māre dam nikalnā* int to die out of fear
26 *bhūk lagnā* to feel hungry
27 *xudā kī panāh* may god protect

بوا، قلعہ [1] بھی اتنا بڑا نہ ہوگا۔ جہاں تک نگاہ جاتی تھی اسٹیشن ہی اسٹیشن نظر آتا تھا اور ریل کی پٹریاں [2]، انجن اور مال گاڑیاں [3]۔ سب سے زیادہ مجھے اُن کالے کالے مردوں سے ڈر لگا جو انجن میں رہتے ہیں۔

انجن میں کون رہتے ہیں؟ کسی نے بات کاٹ [4] کر پوچھا۔

کون رہتے ہیں؟ نہ معلوم کون! نیلے نیلے کپڑے پہنے، کوئی ڈاڑھی والا، کوئی صفاچٹ [5]۔ ایک ہاتھ سے پکڑ کر چلتے انجن میں لٹک [6] جاتے ہیں۔ دیکھنے والوں کا دل سن سن [7] کرنے لگتا ہے۔ صاحب [8] اور میم صاحب [9] تو بوا دلّی اسٹیشن پر اتنے ہوتے ہیں کہ گنے نہیں جاتے۔ ہاتھ میں ہاتھ ڈالے گٹ پٹ [10] کرتے چلے جاتے ہیں۔ ہمارے ہندوستانی بھائی بھی آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر تکتے [11] رہتے ہیں۔ کمبختوں کی آنکھیں نہیں پھوٹ [12] جاتیں۔ ایک میرے سے کہنے لگا: ذرا منہ بھی دکھا دو۔ میں نے فوراً۔۔۔۔

تو تم نے کیا نہیں دکھایا؟ کسی نے چھیڑا [13]۔ اللہ اللہ کرو [14]۔ میں اُن موؤں [15] کو منہ دکھانے گئی تھی۔ دل بلیوں اچھلنے [16] لگا۔ تیور بدل [17] کر: سننا ہے تو بیچ میں نہ ٹوکو [18]۔ ایک دم خاموشی چھا [19] گئی۔ ایسی مزیدار باتیں فرید آباد میں کم ہوتی تھیں۔ اور ملکہ کی باتیں سننے تو عورتیں دور دور سے آتی تھیں۔ ہاں بوا، سودے والے [20] ایسے نہیں جیسے

---

1 *qilā* m fort
2 *paṭrī* f railway track
3 *mālgāṛī* f goods' train
4 *bāt kāṭnā* to interrupt
5 *safācaṭ* clean shave
6 *laṭaknā* int to swing, cling
7 *sansan karnā* to feel anxiety
8 *sāhab* m an English man, sir
9 *mem sāhab* f an English woman
10 *giṭ piṭ karnā* f to talk in any foreign language
11 *āṅkheṅ phāṛ kar taknā* to stare with eyes wide open
12 *phūṭnā* to burst
13 *cheṛnā* to tease
14 *allāh allāh karo* say good things, for God's sake
15 *mūā* wretched
16 *dil ballīoṅ uchalnā* int to get excited, afraid
17 *tevar badalnā* to change facial expression
18 *ṭoknā* to interrupt
19 *xāmošī chānā* to become silent
20 *saude vālā* m costermonger

ہمارے ہاں ہوتے ہیں۔ صاف صاف خاکی کپڑے اور کوئی سفید لیکن دھوتیاں[1] کسی کسی کی میلی[2] تھیں، ٹوکرے[3] لیے پھرتے ہیں۔ پان، بیڑی[4]، سگریٹ، دہی بڑے[5]، کھلونا ہے کھلونا، اور مٹھائیاں چلتی ہوئی گاڑیوں میں بند کیے بھاگے پھرتے[6] ہیں۔ ایک گاڑی آ کر رکی، وہ شور غل[7] ہوا کہ کانوں کے پردے پھٹے[8] جاتے تھے۔ اِدھر قلیوں[9] کی چیخ پکار[10] اُدھر سودے والے کان کھائے[11] جاتے ہیں۔ مسافر ہیں کہ ایک دوسرے پر پلے[12] پڑتے ہیں، اور میں بچاری[13] بیچ میں اسباب پر چڑھی ہوئی۔ ہزاروں ہی کی ٹھوکریں[14] اور دھکّے[15] کھائے ہوں گے۔ بھئی، جل تو جلال تو آئی بلا کو ٹال تو[16]، گھبرا گھبرا کر پڑھ رہی تھی۔ خدا خدا کر کے[17] ریل چلی تو مسافر اور قلیوں میں لڑائی شروع ہوئی: ایک روپیہ لوں گا، نہیں دو آنے[18] ملیں گے۔ ایک گھنٹہ جھگڑا[19] ہوا جب کہیں اسٹیشن خالی ہوا۔ خالی کیا ہوا اسٹیشن کے شہدے[20] تو جمع ہی رہے۔ کوئی دو گھنٹے کے بعد یہ[21] موچھوں پر تاؤ[22] دیتے دکھائی دیے، اور کس لاپرواہی[23] کے ساتھ۔ بھوک لگی ہو تو کچھ پوریاں وریاں لا دوں، کھاؤ گی؟ میں تو اُدھر ہوٹل میں کھا آیا۔

---

1 *dhotī* f a cloth worn round the waist
2 *mailā* dirty
3 *ṭokrā* m large basket
4 *bīṛī* f a thin cigar
5 *dahī baṛā* m a dish made of curd and chickpea flour
6 *bhāge phirnā* int to run in hurry
7 *šor-o-ğul* m noise
8 *kānoṅ ke parde phaṭnā* int to become deaf
9 *qulī* m portar
10 *cīx pukār* f yelling and shouting
11 *x ke kān khānā* to scream in x's ear
12 *x par pil paṛnā* to rush against x
13 *bicārā* poor
14 *x ki ṭhokar khanā* to be kicked by x
15 *x kā dhakkā khanā* to be pushed around by x
16 *jal tū jalāl tū āī balā ko ṭāl tū* a mystical verse to ward off a bad omen, o glorious and powerful god destroy this calamity
17 *xudā xudā kar ke* by God's sake
18 *ānā* m a unit of currency 1/10th of a rupee
19 *jhagṛā* fight, argument
20 *šohdā* m scoundrel
21 *yeh* he (in the old times, women do not take husband's name)
22 *mūnchoṅ par tāv denā* a gesture of showing manlihood, to twist mustaches
23 *lāparvāhī* f carelessness

میں نے کہا کہ خدا کے لیے مجھے میرے گھر پہنچا دو۔ میں باز آئی[1] اس موئی دلّی کی سیر سے۔ تمہارے ساتھ تو کوئی جنت میں بھی نہ جائے۔ اچھی سیر کرانے لائے تھے۔ فریدآباد کی گاڑی تیار کھڑی تھی۔ اُس میں مجھے بٹھا اور منہ پھلا[2] لیا کہ تمہاری مرضی[3]، سیر نہیں کرتیں تو نہ کرو!

.......................

مشق۔ فرض کیجیے نیو یارک سے لاہور جانے والا جہاز ۱۵ گھنٹے کے لیے پیرس میں رک جاتا ہے۔ اِس تاخیر[4] سے ہونے والی پریشانی[5] اور نقصان[6] کا دعویٰ[7] کرنے کے لیے آپ ایئر لائن کو ایک درخواست[8] لکھیے۔

---

1 *bāz ānā* to give up
2 *muṅh phulānā* to get upset
3 (*jaisī*) *tumhārī marzī* as you wish
4 *tāxīr* f delay
5 *parešānī* f trouble
6 *nuqsān* m loss
7 *dāvā karnā* to claim
8 *darxāst* f application

# ۱۸۔ میرے خواب کے جزیرے[1]      حجاب امتیاز علی تاج

زندگی —— تپتے[2] ہوئے ویران[3] ریگستانی[4] صحرا[5] کی بے رونق[6] زندگی ۔۔۔ گذرتی گئی —— !

وہ اُس ویرانے میں کبھی کسی پھول کے کھلنے[7] کا خواب بھی نہیں دیکھ سکتی تھی۔

جب کبھی وہ سوچتی کہ زندگی کے تمام لمحات[8] اُس نے خدائے محبت کی منکر[9] رہ کر گذار دیے ہیں تو اُس کا دل اِس طرح لرز[10] جاتا، جیسے طوفانی رات میں جنگل کے درخت!

اُسے پتا نہ تھا کہ تقدیر کے افق[11] —— پر جلد ہی ایک درخشاں[12] ستارہ ابھرنے[13] والا ہے۔

تم نے کبھی غور[14] کیا —— ؟

خزاں[15] کی پہلی صبح میں گلاب کی پنکھڑیوں[16] کو شاخ[17] سے نوچ[18] کر کون زمین پر بکھیر[19] دیتا ہے؟ ۔۔۔

وہ کس کی انگلیاں ہیں؟

---

1 *jazīrā* m island
2 *tapnā* int to be heated
3 *vīrān* deserted
4 *registānī* deserted
5 *sahrā* m desert
6 *beraunaq* dull
7 *khilnā* int bloom
8 *lamhāt* m pl moments
9 *x kā munkir* denouncer of x
10 *laraznā* int to shake
11 *ufaq* m horizon
12 *daraxšāṅ* shining
13 *ubharnā* int to rise
14 *ğaur karnā* to notice
15 *xizāṅ* f autumn
16 *pankhuṛī* f petal
17 *šāx* f branch
18 *nocnā* to pluck out
19 *bikhernā* to scatter

اور پھر کبھی تم نے غور کیا۔۔۔؟

موسمِ بہار[1] کی پہلی چمکیلی[2] دوپہر سبز[3] ٹہنیوں[4] پر سرخ[5] اور کاسنی[6] کونپلوں[7] کو کون سنوارتا[8] ہے۔۔۔؟

یہ میرے لیے اک راز[9] ہے!

میں انگلیوں کے مس[10] کو محسوس کرتی ہوں۔ پر چہرہ نہیں دیکھ سکتی!

ناکامی کا خوف: آہ شاید یہ دنیا اک دن تمام[11] ہو جائے...

اور میں یوں ہی ناکام اِس درِ تخیل[12] پر فقیر بن کر سائل[13] کی صورت میں کھڑی کی کھڑی رہ جاؤں!

صدیاں گذر جائیں گی، دنیا میں نئی نئی روحیں آئیں گی اور واپس چلی جائیں گی...

آبادی ویرانی، اور ویرانی آبادی میں تبدیل ہو جائے گی۔

اور شاید میں یوں ہی ناکام، اک طوفان کی طرح ساحلِ تمنّا[14] کو پہنچنے کی کوشش ہی کرتی رہ جاؤں گی۔

........................

---

1 *mausam-e-bahār* m (weather) spring
2 *camkīlā* shiny
3 *sabz* green
4 *ṭahnī* f branch of a tree
5 *surx* red
6 *kāsnī* blue
7 *koṅpal* f flower bud
8 *saṅvārnā* to decorate
9 *rāz* m secret
10 *mas* m touch
11 *tamām honā* int to end
12 *dar-e-taxaīul* m door of imagination
13 *sāel* m beggar
14 *sāhil-e-tamannā* m destination, shore of desire

مشق ۔ فرض کیجیے کہ ابھی ابھی بہار[1] کا موسم[2] آیا ہے اور آپ اپنے معشوق[3] سے دور ہیں ۔ آپ دس جملوں[4] میں موسم کی خوبصورتی کا ذکر[5] کر کے اپنے معشوق کو بلانے کی کوشش کرتے ہیں ۔

1 *bahār* f spring
2 *mausam* m season
3 *māšūq* m beloved
4 *jumlā* m sentence
5 *x ka zikr karnā* to mention x, to talk about x

## ۱۹۔ اپنا مضمون[1] دیکھ کر — حجاب امتیاز علی تاج

شہاب ملا۔ اس میں اپنے مضمون کے نیچے چند سطریں[2] دیکھ کر میں بڑی حیران[3] ہوئی۔ یعنی میرے مضمون میں آپ نے یہ منسلک[4] کر دیا ہے:

عورت کی زبان گو[5] تین انچ کی ہوتی ہے جس سے وہ چھ فٹ کے مرد کو مارتی ہے۔

ہائے اللہ، یہ میں نے کب لکھا؟ میرا مضمون تو وہیں ختم ہو گیا، جہاں میں ساحلِ تمنّا[6] کو پہنچنے کی کوشش ہی کرتی رہ جاتی ہوں۔ آپ ضرور شہاب کے ناظرین[7] کے دل سے اِس غلط فہمی[8] کو دور کر دیجیے، وہ عورت والی سطریں میری نہیں ہیں۔ دوسری تاکید[9] یہ ہے کہ آئندہ[10] اگر کبھی میرا مضمون چھپے تو اُس کے نیچے کوئی واہیات[11] سطر نہ ہو یعنی کوئی عبارت[12] نہ ہو۔

اچھا، آپ نے مجھے اس قدر وعدہ فراموش[13] سمجھ رکھا ہے کہ فرما[14] رہے ہیں کہ میرے وعدے کبھی شرمندۂ وفا[15] نہ ہوے۔ اِس طرح مجھے غصّہ نہ دلائیے[16] ورنہ[17] ممکن ہے[18] چڑھ[19] کر کوئی افسانہ فوراً بھیج دوں تا کہ آپ کی بات کی تردید[20] ہو جائے۔

.......................

---

1 *mazmūn* m article, essay
2 *satr* f line
3 *hairān honā* int to surprise
4 *munsalik karnā* to attach
5 *go* even, though
6 *sāhil-e-tamannnā* m sea-shore of desires
7 *nāzirīn* m pl readers, spectators
8 *ğalat fahmī* f misconception
9 *tākīd* f reminder
10 *āindā* next time
11 *vāhīāt* nonsense
12 *ibārat* f a written line
13 *vādā farāmoš* forgetful of one's promise
14 *farmānā* to say
15 *šarminda-e-vafā honā* int to be fulfilled
16 *x ko ğussā dilānā* to make x angry
17 *varnā* otherwise
18 *mumkin hai* it is possible
19 *ciṛhnā* int to be irritated
20 *tardīd* f rejection

مشق۔ فرض کیجیے آپ نے اپنے دوست سے فلم دیکھنے کا وعدہ کیا تھا لیکن آپ کسی وجہ سے فلم دیکھنے نہیں جا سکے۔ آپ کا دوست اس بات سے چڑھ گیا ہے اور آپ کو وعدہ فراموش کہہ رہا ہے۔ دس جملوں میں اپنی صفائی[1] دیجیے۔

---

1 *safāī denā* to give clarification, explanation

## ۲۰۔ بگّی[1] کے پیچھے چھوکرا[2] مخدوم محی الدین

میرے بچپن[3] میں کوئی بچپن ہی نہ تھا (چیخوف)

اب سے ۳۹ برس پہلے ۱۹۱۸ء میں پہلی جنگِ عظیم[4] کے بعد انگریزوں کی فتح کا جشن منایا[5] جا رہا ہے۔ ہجوم[6] سے انگریز بادشاہ سلامت کی درازیِ عمر و اقبال کی دعائیں منگوائی[7] جا رہی ہیں۔ دھرم ونت ہائی اسکول کے کشادہ[8] دالان[9] و پیش[10] دالان کے سامنے صحن میں مدرسے کے سب بچے قطاریں[11] بنا کر کھڑے ہیں۔ بڑے بچے پیچھے ہیں چھوٹے بچے آگے ہیں۔ کشن، گلاب، اور میں اگلی صف[12] میں ہیں۔ اُن دنوں شاید ہم پہلے درجے[13] میں پڑھتے ہوں گے۔ مٹھائی تقسیم[14] ہو رہی ہے اور ساتھ ہی ساتھ ہر بچے کو کاغذ کا بنا ہوا حجامت[15] کی بلیڈ کے سائز کا ایک یونین جیک بھی دیا جا رہا ہے۔ ہمارے ہیڈ ماسٹر جوشی اور کلاس ٹیچر مولوی جعفر علی بہت مصروف[16] ہیں۔ ان دونوں سے ہم سب بچوں کی روح کانپتی[17] تھی۔ بے رحم[18] بید[19] کی سزا[20] عام تھی۔

کشن لال کسی دولت مند[21] سیٹھ کا لڑکا تھا، گورا چٹّا[22]، صحت مند مگر ضرورت سے زیادہ

---

1 *baggī* f horse-cart
2 *chokrā* m boy, lad
3 *bacpan* m childhood
4 *jaṅg-e-azīm* f world war
5 *jašn manānā* to celebrate
6 *hujūm* m crowd
7 *darāzī-e-umr-o-iqbāl kī duā māṅgnā* to pray for longevity and prosperity
8 *kušādā* spacious
9 *dālān* m a front porch
10 *peš-dālān* m an ante-chamber
11 *qatār* f line, queue
12 *saf* f line, queue
13 *darjā* m grade
14 *taqsīm honā* int to be distributed
15 *hajāmat* f shaving
16 *masrūf* busy
17 *rūh kāṅpnā* int to be terrified
18 *beraham* cruel
19 *bed* f stick
20 *sazā* f punishment
21 *daulat mand seṭh* wealthy-man, rich-man
22 *gorā ciṭṭā* extremely fair

موٹا۔ دوپہر کی چھٹی[1] میں وہ اپنے دوستوں کو چبینا[2] اور چورن[3] کی نارنگیاں[4] کھلایا کرتا تھا۔ دوسرا سیاہ فام[5] بچہ گلاب ہے، گولیاں[6] کھیلنے، چھرے[7] سے گنا[8] کاٹنے کے مقابلوں[9] میں اپنے محلے کے بچوں میں سب سے پار[10] تھا۔ اِس لیے مجھے اُس پر رشک[11] بھی آتا تھا۔ گلاب کے تعلق[12] سے میرے ذہن میں راز[13] اور اسرار[14] کی فضا[15] وابستہ[16] رہتی تھی۔ اُس کی ماں طوائف[17] تھی جو گھانسی میاں کے بازار میں حضرت مسکین شاہ صاحب قبلہ کے مکان سے قریب رہتی تھی۔ اُن دنوں میں چمپا دروازے میں رہتا تھا جہاں اب ہائی کورٹ ہے۔ گلاب اور میں کبھی کبھی مل کر بھی کھیلتے تھے۔

اپنی قطار میں، میں نے دیکھا کہ بچے مٹھائی کھا رہے ہیں اور اُن کے سینے پر یونین جیک لگا ہوا ہے۔ میں نے جھنڈا[18] لے تو لیا، مگر دماغ میں اپنے چچا کا یہ قول[19] چکر لگا[20] رہا تھا کہ انگریز ہمارا دشمن ہے۔ میرے مشفق[21] چچا، والد کے انتقال[22] کے بعد میرے سرپرست[23] اور میرے معلم[24] تھے، وہ نیک دل کنبہ پرور[25]، مذہبی آدمی تھے۔ مذہبی تعلیم کے ساتھ ساتھ انگریزوں سے نفرت[26] اور وطن سے محبت کا سبق انھوں نے ہی

---

1 *dopahar kī chuṭṭī* f midday break
2 *cabenā* m snacks
3 *cūran* m digestive powder
4 *nārangī* f orange
5 *sīāh fām* adj & m dark complexion
6 *golī* f marble, bullet, tablet
7 *churā* m large knife
8 *gannā* m sugarcane
9 *muqābilā* m competition
10 *pār* skilful
11 *x par rašk ānā* to be envious of x
12 *x ke tālluq se* in the connection of x
13 *rāz* m mystery, secret
14 *asrār* m mystery, secret
15 *x kī fizā* atmosphere of x
16 *x se vābastā* associated with x
17 *tavāif* f dancing girl, prostitute
18 *jhanḍā* m flag
19 *qaul* m saying
20 *cakkar lagānā* to round
21 *mušfiq* sympathetic
22 *intiqāl* m death
23 *sarparast* guardian
24 *muallim* m tutor
25 *kunbā parvar* m supporter of a family
26 *nafrat* f hatred

پڑھایا[1] تھا۔ میں نے سب سے پہلے انقلابِ[2] روس اور لینن کا نام اپنے چچا کی زبان ہی سنا تھا۔ مجھے اب تک اچھی طرح یاد ہے کہ چچا نے ایک رات دسترخوان[3] پر سب عورتوں، بچوں کو بالشویک انقلاب کی خبر سنائی تھی۔ وہ خوشی اور جوش کے ساتھ کہہ رہے تھے کہ روس میں بالشویکوں نے بادشاہ کا تختہ الٹ[4] دیا ہے۔ مساوات[5] آ گئی ہے۔ اب کوئی امیر اور غریب نہیں۔ سب برابر ہو گئے ہیں۔ اور سب ایک دسترخوان پر مل کر کھاتے ہیں۔ اُس وقت میرے ننھے دماغ میں انقلاب تو کچھ سمجھ میں نہیں آیا مگر ذہن میں اِس خیال کی عجیب وغریب[6] تصویر سی تھی کہ سب لوگ، جب ایک دسترخوان پر کھاتے ہوں گے تو وہ دسترخوان کتنا بڑا ہوتا ہوگا؟

اِن سارے خیالات ہی کا اثر تھا کہ یوں محسوس ہوا، گویا انگریز کا جھنڈا کرتے پر لگانا سخت ترین گناہ[7] کرنا ہے۔ میں نے آنکھ بچا کر[8] جھنڈا چپکے سے زمین پر گرا دیا، دل دھڑک[9] رہا تھا کہ کہیں مولوی جعفر علی اور جوشی نہ دیکھ لیں۔ مگر دل میں ہمت[10] بھی تھی کہ اچھا کام کیا ہے۔ کشن اور گلاب نے بھی ایسا ہی کیا۔ اور تقویت[11] ہوئی۔

ہم نے جھنڈے کے بارے میں ایک بات بھی نہیں کی، ہم سب کے ساتھ مٹھائی کھاتے رہے۔ وہ کشن اور وہ گلاب معلوم نہیں اب کہاں ہیں۔ مگر یہ ہماری سیاسی جہاد کی بسم اللہ[12] تھی۔

چمپا دروازے سے یاقوت پورہ دروازے کے قریب دھرم ونت ہائی اسکول تک

---

1 *x kā sabaq paṛhānā* to teach a lesson of x
2 *inqilāb-e-rūs* m Russion revolution
3 *dastarxān* m cloth on which meals are spread, table spread
4 *taxtā ulaṭnā* int to be dethroned
5 *musāvāt* f communism, justice, equality
6 *ajīb-o-ğarīb* strange
7 *saxt tarīn gunāh* m severe sin
8 *āṅkh bacā kar* secretly
9 *dhaṛaknā* int to beat, palpitate
10 *himmat* f courage
11 *taqvīyat honā* int to get encouragement
12 *x kī bismillāh* the beginning of x

روزانہ[1] پیدل جانا[2] ہوتا۔ اُس زمانے میں نہ بسیں تھیں نہ سائکلیں، نہ رکشا، موٹریں بھی بہت کم دکھائی دیتی تھیں۔ سڑکوں پر ہاتھی، اونٹ، بیل کی رتھیں[3]، شکریں[4]، جھٹکے[5]، تانگے[6]، بگیاں[7] دکھائی دیتی تھیں۔

امیروں کے بچے بگیوں میں آتے، ایک گھوڑے کی بگی، بعض زیادہ امیر ہوں تو دو گھوڑوں کی بگی، کوچوان[8] کے ساتھ ایک اور نوکر سامنے بیٹھا ہوا، اور پیچھے دو جوان باضابطہ[9] وردی[10] میں کھڑے ہوے، ہٹو بچو[11] کی آوازیں لگاتے[12] تھے، امیر بچوں کی حفاظت[13] کرتے تھے۔ پیدل بچے ایسی بگیوں کی کھوج[14] میں رہتے تھے جس کے پیچھے جوان نہ کھڑے ہوں، لپک[15] کر پیچھے کے تختے[16] پر سینے کے نیچے ہاتھ لے کر، پاؤں اٹھا کر لٹک جاتے۔ راستے کے بچوں کا اُس وقت فرض[17] ہوتا تھا کہ کوچوان کو پکار کر آگاہ[18] کریں، بگی کے پیچھے چھوکرا۔ کوچوان سامنے سے اپنی لمبی چابک[19] بیٹھے بیٹھے اِس زور سے چلاتا کہ لٹکے ہوے بچے کبھی مار سے بچ جاتے، کبھی زد[20] میں آ کر اتر کر بھاگ جاتے۔ میرے لیے بھی ایسی سواری عام[21] تھی۔

.........................

1 *rozānā* daily
2 *paidal jānā* to go on foot
3 *rath* f carriage
4 *šikram* f horse cart
5 *jhaṭkā* m horse cart
6 *tāṅgā* m two-wheeled horse cart
7 *baggī* f horse cart
8 *kocvān* m coachman
9 *bāzābitā* formal, according to rule
10 *vardī* f uniform
11 *haṭo! baco!* stay aside
12 *āvāz lagānā* to call, to yell
13 *hifāzat karnā* to guard
14 *x kī khoj meṅ* in the search of x
15 *lapaknā* int to hurry
16 *taxtā* m board
17 *farz* m duty
18 *āgāh karnā* to inform, warn
19 *cābuk* m whip
20 *x kī zad meṅ ānā* int to come in the range of x
21 *ām* common

مشق۔ فرض کیجیے آپ کو اخبار کے لیے ایک اداریہ[1] لکھنا ہے جس میں عورت اور مرد کے حقوق[2] پر بحث[3] کر کے بتانا ہے کہ دونوں کے حقوق مساوی[4] ہیں۔

---

1 *idarīā* m editorial
2 *huqūq* m pl rights
3 *bahas karnā* to discuss, argue
4 *musāvī* equal

## ۲۱۔ رضیہ سجّاد کے نام خط — سجّاد ظہیر

۱۶ / مارچ ۱۹۴۰ء سنٹرل جیل، لکھنؤ

جان سے زیادہ عزیز رضیہ! میرا خیال[1] تھا کہ تم دوسرے دن صبح کو بھی آؤ گی اور یہاں اطلاع[2] بھی ملی کہ آنے والی ہو لیکن جب بارہ بج گئے تو بالکل مایوسی[3] ہو گئی کیونکہ میں سمجھ گیا کہ اب تم الہ آباد کے لیے روانہ بھی ہو گئی ہو گی۔ خیر!

خط لکھنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا لکھوں۔ کیونکہ اب جبکہ تنہائی[4] ہے۔ بس تمہارا ہی خیال ہردم[5] آتا ہے۔ یہ چھوٹی سی کوٹھری[6] جس میں اِس وقت بند ہوں۔ (شام کے سات بجے ہیں اور ہم لوگ ساڑھے پانچ بجے مقفل[7] ہو جاتے ہیں) بالکل خیال معلوم ہوتی ہے۔ یقین[8] نہیں ہوتا کہ اِس میں بند ہوں اور اِس وجہ سے تم تک پہنچ نہیں سکتا۔ بس ایک احساس[9] ہے۔ ایک اصلیت[10] ہے اور ایک حقیقت[11]۔ اور وہ یہ کہ ایک دوسرے سے جدا ہیں، دور ہیں، مجبور ہیں اور پاس نہیں ہو سکتے۔ اِس وقت بڑی خوشگوار[12] ہوا چل رہی ہے اور میں گردن کھڑکی کی طرف موڑتا[13] ہوں تو آسمان پر وہ ستارہ[14] چمکتا[15] نظر آتا ہے، جو میں نے ایک دفعہ[16] تمہیں الہ آباد میں جمنا[17] کے کنارے[18] دکھایا تھا۔ یاد ہے؟ غالباً[19] زہرہ[20]... خوب چمکتا ہوا (یا خوب چمکتی ہوئی) ابھی تھوڑی دیر میں چاندنی[21] بھی یہاں سے دکھائی دینے لگے گی مگر چاند

---

1 *xayāl* m thinking, assumption
2 *ittilā* f information
3 *māyūsī* f hopelessness
4 *tanhāī* f loneliness
5 *dam* m moment, life, strength
6 *koṭhrī* f cell, closset
7 *muqaffal* locked
8 *yaqīn* m belief
9 *ahsās* m feeling
10 *aslīyat* f reality
11 *haqīqat* f truth, reality
12 *xušgavār* pleasant
13 *moṛnā* to turn
14 *sitārā* m star
15 *camaknā* to shine
16 *dafā* f (one) time
17 *jamnā* f name of a river
18 *jamunā kā kinārā* m the bank of river Jamna
19 *ğāliban* most probably
20 *zohrā* m the planet Venus
21 *cāndnī* f moonlight

دکھائی نہ دے گا۔ اچھا ہی ہے۔ اِس سے اور کوفت[1] ہوتی اور اکیلے پن[2] کا احساس اور تیز ہوتا ہے۔ تمہاری یاد، تمہاری صورت، تمہاری ہنسی کی آواز، تمہاری سب باتیں، ایک ایک چیز ہمارے کمرے، وہ صبحیں[3] اور وہ شام اور راتیں، یہ سب اتنی صاف دل و دماغ پر اپنی پرچھائیں[4] ڈال رہی ہیں کہ میں دنیا کا نہیں بلکہ عام خیال کا باشندہ[5] بن گیا ہوں۔ اِن سب کے ساتھ ایک ایسا شدید[6] روحانی[7] درد ہے جیسے کوئی دل کے نازک ترین[8] احساسات کو بے دردی[9] سے مسل[10] دے۔ اِس درد کا کوئی علاج[11] سمجھ میں نہ آئے اور درد بڑھتا ہی چلا جائے۔

آج مجھے قید ہوئے پانچواں دن ہے۔ ایک عجیب بات جو یہاں رہ کر معلوم ہوئی ہے، وہ یہ کہ مشاہدہ[12] اور احساس کی قوت[13] میں بہت زیادہ اضافہ[14] ہو جاتا ہے۔ سب کو ہوتا ہے یا نہیں، مجھے معلوم ہوتا ہے کہ مجھ میں یہ تبدیلی[15] ضرور ہوئی ہے۔ اِس کوٹھری کا اندھیرا[16] اور اس کا اندھیرا پن[17]، چند ابابیلوں[18] کا اِدھر اُدھر چکر کاٹنا[19]، دوپہر میں ایک فاختہ[20] کی آواز۔ جیل کے باہر سے آس پاس کے دیہات[21] سے آنے والا ہولی کے گانوں[22] اور ڈھول[23] کا شور[24]، میرے ساتھی قیدیوں[25] کی چھوٹی چھوٹی باتیں، کسی کی ہنسی، کسی کے چہرے کی شکن[26] وغیرہ، شاید اکیلے ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے کہ

---

1 *koft* f sadness, regret
2 *akelāpan* m loneliness
3 *subhā* f morning
4 *parchāīṅ* f reflection
5 *bāšindā* m inhabitant
6 *shadīd* strong
7 *rūhānī* spiritual
8 *nāzuk tarīn* very delicate
9 *bedardī se* with cruelty
10 *masalnā* to crush
11 *ilāj* m remedy
12 *mušāhidā* m observation
13 *qūvat* f strength
14 *izāfā* m increase
15 *tabdīlī* f change
16 *andherā* m darkness
17 *andherāpan* m darkness
18 *abābīl* m a swallow
19 *cakkar kāṭnā* to take rounds
20 *fāxtā* f ringed turtle-dove
21 *dehāt* m village, country side
22 *holī kā gānā* m songs for the Holi festival
23 *ḍhol* m large drum
24 *x kā šor* noise of x
25 *qaidī* m prisoner
26 *šikan* f wrinkle

یہاں کی دنیا اتنی چھوٹی ہے کہ دل اور دماغ کی دنیا بہت وسیع .... ہر دم ایک روحانی تضاد[1]، کش مکش[2] کا عالم[3] طاری[4] رہتا ہے۔ مگر یہ سب پڑھ کر تم خواہ مخواہ[5] پریشان ہوگی لیکن ہونا مت کیونکہ شاید یہ نوگرفتار[6] ہونے کی وجہ سے ہے۔ ابھی تو بس کتابیں پڑھتا ہوں۔ جب کچھ لکھنا شروع کروں گا تو دل بہل[7] جائے گا۔ یہاں کوئی علمی[8] مضمون یا کتاب لکھنا تو مشکل ہوگا۔ ایک ناول شروع کرنے کی فکر[9] ہے۔ بہت سے پلاٹ خیال میں آ رہے ہیں مگر طبیعت[10] ابھی کسی پر جمی نہیں۔

اب میرا پروگرام سنو۔ صبح کو ساڑھے چھ بجے سے پہلے اٹھ جاتا ہوں۔ تھوڑی سی ورزش[11] کے بعد دس منٹ باغیچے میں گھومتا ہوں۔ پھر چائے اور اخبار۔ ساڑھے آٹھ بجے تک نہا دھو کر تیار[12]۔ نو ساڑھے نو بجے تک پھر یا اخبار یا کسی اور کتاب کی پڑھائی۔ اس بیچ میں اگر کوئی آیا اور اجازت ملی تو جیل کے دروازے پر گیا۔ پھر ساڑھے بارہ اور ایک کے درمیان[13] جو گھر سے کھانا آتا ہے، وہ کھایا، کھانے کے بعد اِدھر اُدھر ٹہلا پھر پلنگ[14] پر لیٹ کے کوئی اچھی سی سہل[15] سی کتاب پڑھی، ہندی کا سبق[16] لیا اور اونگھا[17] یا سو یا۔ اتنے میں ساڑھے تین بج جاتے ہیں، پونے چار سے بیڈمنٹن کھیلنا شروع کیا۔ ایک گھنٹہ کھیلنے کے بعد چائے پی ... اب اِس کے ذرا دیر بعد ہی ساڑھے پانچ اور جیل پر ایک وحشت[18] اور خاموشی چھائی[19]، سب اپنی اپنی بارک یا کوٹھری میں بند۔ ساڑھے پانچ سے چھ تک پھر کچھ پڑھتا ہوں۔ اُس کے بعد آدھے گھنٹے سے ایک

---

1 *tazād* m contradiction
2 *kašmakaš* f struggle
3 *x kā ālam* state of x
4 *tārī rahnā* int to linger
5 *xāhmaxāh* willingly or unwillingly
6 *nau giriftār* newly arrested
7 *dil bahalnā* int to be diverted
8 *ilmī* literary, scholarly
9 *fikr* f thought, worry
10 *x par tabīyat jamnā* for the mind to settle on x
11 *varziš* f exercise
12 *nahā dho kar taiyār honā* int to get ready after taking bath
13 *x ke darmiān in* between x
14 *palaṅg* m bed
15 *sahal* easy
16 *x kā sabaq lenā* to take lesson of x
17 *ūṅghnā* int to doze off
18 *vahšat* f sadness, fear
19 *xāmošī chānā* int to become silent

گھنٹے کا وقت بڑی مشکل سے کٹتا[1] ہے۔ نہ روشنی نہ اندھیرا، مچھر، بے ساختہ[2] باہر نکلنے اور ٹہلنے کو دل چاہتا ہے۔ لیکن یہاں ساڑھے سات قدم سے زیادہ چہل قدمی[3] بھی نہیں کر سکتے۔

سات بجے تک اندھیرا اچھی طرح ہو جاتا ہے اور پھر سے پڑھائی شروع کر دیتا ہوں۔ اسی وقت ہی تمہیں یہ خط لکھ رہا ہوں۔ آٹھ بجے کھانا (جو دن ہی کو آ جاتا ہے) نکال کر میز پر سجا[4] دیتا ہوں اور اکیلے[5] میں جیسے کھاتے بنتا[6] ہے، کھاتا ہوں، نو دس تک پھر پڑھائی، ساڑھے دس تک بستر پر چلا جاتا ہوں۔ وہاں جب بھی نیند[7] آئے۔

اب میرا حال تو سن لیا، بابا سے مقدمے[8] وغیرہ کے بارے میں تفصیل[9] معلوم ہو ہی گئی ہوگی۔ اس لیے سب کچھ نہیں لکھتا، تم یہ بتاؤ کہ خط کیوں نہیں بھیجا۔ ہفتے میں ایک خط کی اجازت ہے۔ تم مہربانی سے اپنی خیریت بالتفصیل[10] برابر لکھتی رہو۔ میں بھی ایک خط ہفتہ وار[11] لکھتا رہوں گا۔

تمہارا امتحان[12] تو اب بالکل سر پر ہی کھڑا[13] ہے۔ امید ہے کہ تمہاری صحت اب اچھی رہے گی اور تمام پریشانیوں کے ہوتے ہوئے بھی تم امتحان اچھی طرح ختم کر لوگی۔ زیدی اگر آئے ہوں تو میری طرف سے آداب و تسلیمات[14] کہنا اور اجمیر میں بھی سب کو درجہ بدرجہ[15] سلام و دعا۔ خاص طور پر ڈکلی کو۔ برائے مہربانی[16] میری کتابوں کی الماریوں[17] میں خوب اچھی طرح صفائی[18] کروا دینا اور بازار سے نفتھلین منگوا کر جابر

---

1 *vaqt kaṭnā* int for time to pass
2 *besāxtā* spontaneously
3 *cahal qadamī karnā* to walk
4 *sajānā* to serve, decorate
5 *akele meiṅ* lonely, alone
6 *khāte bannā* to able to eat
7 *nīnd ānā* int to feel sleepy
8 *muqaddama* m court case
9 *tafsīl* f detail
10 *biltafsīl* with detail
11 *haftāvār* weekly
12 *imtehān* m exam
13 *sar par khaṛā honā* int to be in urgency
14 *taslīmāt* f pl greetings
15 *darjā badarjā* according to the rank
16 *barā-e-meherbānī* please
17 *kitāboṅ kī almārī* f bookcase
18 *safāī karnā* to clean

سے کہنا کہ ان میں ڈال دے۔ اور میرے گرم کپڑے جو ٹنگے[1] ہوئے تھے، اُن میں بھی گولیاں[2] ڈلوا کر رکھ دیے جائیں۔ تمہاری کتاب جو میں نے چوہان کو عاریتاً[3] دی تھی، وہ اُن سے ضرور منگوا لینا۔

تمہیں بابا میرے بارے میں[4] اور باتیں بتائیں گے۔ ۲۷/ مارچ کو میری پیشی[5] مجسٹریٹ کے سامنے ہوگی۔ اُس دن معلوم ہوگا کہ میرے اوپر کوئی مقدمہ چلے یا صرف نظر بندی[6] ہوگی، یا کیا ہوگا۔ اُس وقت تو غالباً لکھنؤ ہی میں رکھا جاؤں۔ اپنے امتحان کے ایک دو روز بعد یہاں آ جاؤ، اور پھر اجمیر چلی جانا۔ میری تو یہی رائے[7] ہے لیکن ڈیڈی اور بابا سے مشورہ[8] ضروری ہے۔ اُس وقت تک میرے بارے میں بھی کچھ نہ کچھ بات ضرور معلوم ہو جائے گی۔

اچھا میری جان بہت سا پیار اور رخصت[9]۔

میری سب تمنائیں[10]، یادیں[11] اور آرزوئیں[12] تمہارے لیے ہیں۔

..........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ حکومت[13] سے بغاوت[14] کرنے کے جرم[15] میں قید ہیں۔ اپنے معشوق[16] کو ایک مزاحیہ[17] خط لکھ کر اُس کو اطمینان[18] دلائیے کہ آپ قید میں زیادہ سکون[19] سے ہیں۔

---

1 *ṭangnā* int to be hung
2 *golī* f small ball, pill, tablet
3 *āriyatan denā* to lend
4 *x ke bāre meṅ* regarding x, about x
5 *pešī* f court hearing
6 *nazar bandī* f house arrest
7 *rāe* f advice
8 *mašvarā* m consultation
9 *ruxsat* f bye, departure
10 *tamannā* f wish
11 *yād* f memory
12 *ārzū* f desire
13 *hukūmat* f government
14 *x se bağāvat karnā* to rebel against x
15 *jurm* m crime
16 *māšūq* m beloved
17 *mizāhīā* funny
18 *x ko itmīnān dilānā* to assure about x
19 *sukūn* m peace

# ۲۲۔ یومِ آزادی[1]    مجتبیٰ حسین

بچّو! آج یومِ آزادی ہے، ۵۲ برس پہلے آج ہی کے دن ہم نے آزادی حاصل[2] کی تھی۔ کیوں حاصل کی تھی؟ یہ سوال شاید اُس وقت کے رہنماؤں[3] کو معلوم رہا ہو، آج کسی کو نہیں معلوم۔ تم بھی جان کر کیا کروگے۔ جس طرح ہر کسی کو سوال کرنے کی آزادی ہے اُسی طرح تمہیں بھی کسی سوال کا جواب نہ جاننے[4] کی آزادی حاصل ہے۔ آزادی کے یہی تو فائدے[5] ہیں۔ فارسی میں ایک مقولہ[6] ہے۔ جواب جاہلاں باشد خموشی (جاہلوں[7] کا جواب خاموشی[8] ہے)۔ ہمیں فارسی نہیں آتی تاہم[9] ہم نے اپنی دانست[10] کے مطابق اِس کا ترجمہ[11] یہ کر رکھا ہے کہ دانشوروں[12] کی کسی بات کا جواب نہ دو۔ مانا[13] کہ یہ ترجمہ بھی آزاد ہے کیونکہ ہم نے جاہلوں کا ترجمہ دانشوروں کر دیا ہے۔ تاہم موجودہ حالات[14] کے مطابق[15] یہی ترجمہ درست[16] ہے کیونکہ آزادی سے پہلے ہمارے ملک کے دانشور، دانشور ہی کہلاتے تھے۔ مگر اب اُن کا شمار[17] جاہلوں میں ہونے لگا ہے۔ اِس کا مطلب[18] یہ ہے کہ دانشوروں کو بھی اب یہ آزادی حاصل ہوئی ہے کہ جب جی چاہا[18] جاہلوں کی سی باتیں کریں۔ آزادی کے یہی تو فائدے ہیں۔

جب تک ہمارا ملک آزاد نہیں ہوا تھا تب تک ہمیں روزمرّہ[20] کے کام کرنے میں بڑی

---

1 *yaum-e-āzādī* m independence day
2 *hāsil karnā* to acquire
3 *rähnumā* m leader
4 *jānnā* to know
5 *fāidā* m benefit
6 *maqūlā* m saying statement
7 *jāhil* ignorant, illiterate
8 *xāmošī* f silence
9 *tāham* yet
10 *dānist ke mutābiq* according to knowledge, understanding
11 *tarjumā* m translation
12 *dānišvar* wise, intellectual
13 *mānnā* to believe, accept, admit
14 *hālāt* m pl circumstances
15 *x ke mutābiq* according to x
16 *durust* correct
17 *x kā šumār* counting of x
18 *matlab* m meaning
19 *cāhanā* to like, want
20 *roz-marrā* m routine, daily routine

دشواریوں[1] کا سامنا کرنا[2] پڑتا تھا۔ انگریز[3] ہر معاملے[4] میں اپنی ٹانگ اڑا[5] دیتے تھے۔ اب حالات بدل گئے ہیں کیونکہ ہم اب بالکل آزاد ہیں۔ تاجروں[6] کو آزادی حاصل ہے کہ وہ جب جی چاہے[7] چیزوں کے دام[8] بڑھا دیں۔ انہیں یہ بھی آزادی حاصل ہے کہ وہ چیزوں میں جی بھر کے[9] ملاوٹ[10] کریں۔ ایک مرغی کے گوشت میں ایک سالم[11] اونٹ کا گوشت ملا دیں اور یہ اعلان[12] کریں کہ انہوں نے تو صرف پچاس فیصد[13] ملاوٹ کی ہے۔ اِس ملاوٹ پر اونٹ اور مرغی کو بھلے ہی اعتراض ہو تو ہو لیکن عام آدمی کو اعتراض[14] کرنے کی کوئی گنجائش[15] نہیں ہوتی۔

سیاست دانوں[16] کو یہ آزادی ملی ہوئی ہے کہ وہ جتنی چاہیں پارٹیاں بدلیں[17]۔ جب جی چاہے اپنے نظریات[18] بدلیں۔ یہی وجہ ہے کہ آزادی کے بعد سیاسی[19] پارٹیوں کی حیثیت[20] ٹی پارٹیوں کی سی ہوگئی ہے کہ چائے پی لی اور دوسری پارٹی کی طرف چلے گئے۔ بعض لیڈروں کو اب یہ بھی یاد نہیں رہا کہ آزادی کے بعد وہ کتنی پارٹیاں بدل چکے ہیں۔ ایک زمانے میں لیڈر کسی پارٹی میں شامل[21] ہوتا تھا تو اُس پارٹی کے کارکن[22] کی حیثیت سے ہی اُس کا جنازہ[23] اٹھتا تھا۔ اب لیڈر کے جنازے کو کندھا دینے[24] والے ایک ہی پارٹی کے لوگ نہیں ہوتے بلکہ مخلوط[25] جنازے نکلتے ہیں۔

---

1 *dušvārī* f difficulty
2 *x kā sāmnā karnā* to face x, to deal with x
3 *aṅgrez* m an Englishman
4 *māmalā* m matter
5 *x meṅ ṭāṅg aṛānā* to interfere in x
6 *tājir* m merchant
7 *jī cāhanā* to want
8 *x kā dām baṛhānā* to increase the price of x
9 *jī bhar ke* to (one's) heart's content, as much as one wishes
10 *milāvaṭ* m mixing
11 *sālim* whole
12 *elān karnā* to announce
13 *fīsad* percent
14 *etirāz* m objection
15 *gunjāiš* f space, room
16 *sīāsatdāṅ* m politician
17 *badalnā* to change
18 *nazarīāt* m pl viewpoints, ideologies
19 *sīāsī* political
20 *haisīyat* f reputation, status
21 *šāmil honā* int to be entered, to join
22 *kārkun* m worker
23 *janāzā uṭhnā* int for a funeral to process
24 *kāṅdhā denā* to carry away (the dead)
25 *maxlūt* mixed

یہ اور بات ہے کہ اِن دنوں فضا میں آلودگی[1] بہت بڑھ گئی ہے۔ اِس کی وجہ بھی آزادی ہے۔ ہر ایک کو یہ آزادی حاصل ہے کہ وہ فضا کو آلودہ[2] کرے۔ اپنے گھر کی گندگی[3] کو سڑک پر پھینک دے۔ اپنی موٹروں کا دھواں[4] فضا میں پھیلا[5] دے، کارخانے[6] ایسی جگہ قائم[7] کرے جہاں سے آلودگی سیدھے لوگوں کی ناک میں چلی جائے، کہیں اور نہ جائے۔ دوسری طرف لوگوں کو یہ آزادی بھی حاصل ہے کہ وہ اِس آلودہ فضا کو جتنا چاہیں استعمال کریں کوئی پابندی[8] نہیں ہے۔ آزادی کے یہی تو فائدے ہیں۔ یہ تو تمہیں معلوم ہی ہوگا کہ ہم نے آزادی انگریزوں سے حاصل کی تھی۔ انگریز بڑے ظالم[9] تھے۔ جب تک اِس ملک میں رہے تاریخ[10] بناتے رہے، جاتے ہوئے اس ملک کا جغرافیہ[11] بگاڑ گئے۔

انگریز برسوں اِس ملک کی دولت[12] کو لوٹتے[13] رہے کسی اور کو لوٹنے کا موقع[14] ہی نہیں دیتے تھے۔ جب سے ملک آزاد ہوا ہے تب سے مقامی[15] لوگوں کو بھی لوٹنے کی یہ آزادی مل گئی ہے۔ مقامی تاجر، سرمایہ دار[16]، صنعت کار[17]، سیاستداں، افسر[18] غرض[19] سبھی لوٹنے کے معاملے میں آزاد ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ انگریز ملک کو لوٹتے تھے اب براہ راست[20] عوام کو لوٹا جاتا ہے اور یہ بانگِ دہل[21] لوٹا جاتا ہے۔ چاہے کچھ بھی ہو لوٹنے والے غیر ملکی[22] تو نہیں ہیں۔ اپنے لوگ ہی اپنے لوگوں کو لوٹ

---

1 *ālūdagī* f pollution
2 *ālūdā karnā* to pollute
3 *gandagī* f trash, filth
4 *dhūāṅ* m smoke
5 *phailānā* to spread
6 *kārxānā* m factory
7 *qāim karnā* to set up, establish
8 *pābandī* f restriction
9 *zālim* cruel, tyrant
10 *tārīx* f history
11 *x kā juǧrāfīā bigāṛnā* to spoil/distort the look of x
12 *daulat* f wealth
13 *lūṭnā* to rob
14 *x kā mauqā* the opportunity of x
15 *maqāmī* local
16 *sarmāyadār* capitalist
17 *sanatkār* industrialist
18 *afsar* m officer
19 *ǧaraz* in short
20 *barāh-e-rāst* directly
21 *bāṅg-e-dahal* loudly
22 *ǧair mulkī* foreigner

رہے ہیں۔ غیروں کے ہاتھوں لٹنے[1] سے بہتر تو یہی ہے کہ آدمی اپنوں کے ہاتھوں لٹ جائے۔ آزادی سے پہلے مقامی لوگوں کو لوٹنے کی یہ آزادی حاصل نہیں تھی کیونکہ انگریز اپنی ٹانگ اڑا[2] دیتے تھے۔ انگریز تو خیر ہمارے ملک کی دولت کو برطانیہ[3] پہنچاتے تھے لیکن اب مقامی افراد[4] کو بھی یہ آزادی حاصل ہوگئی ہے کہ وہ اپنی فالتو[5] دولت کو سوئٹزرلینڈ میں رکھیں۔ آزادی سے پہلے کوئی اپنی دولت کو سوئٹزرلینڈ میں رکھنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ آزادی کے یہی تو فائدے ہیں۔

بچّو! آزادی نے ہمیں کئی نعمتوں[6] سے سرفراز[7] کیا ہے۔ آزادی سے پہلے اِس ملک میں اظہارِ خیال[8] کی آزادی نہیں تھی۔ اب اظہارِ خیال کی پوری آزادی ہے۔ اگر ایک مقرر[9] کسی جلسے[10] میں ایک گھنٹے سے لگاتار بول[11] رہا ہو اور اگر ایسے میں کوئی اُس کے لگاتار بولنے پر اعتراض کردے تو وہ بگڑ[12] جائے گا کہ صاحب آپ کون ہوتے ہیں میرے اظہارِ خیال پر پابندی لگانے[13] والے۔ اِس ملک میں سب کو اظہارِ خیال کی آزادی حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اظہارِ خیال کی آزادی سے اب وہی لوگ زیادہ فائدہ اٹھاتے ہیں جن کے پاس خیال تو کوئی بھی نہیں ہوتا صرف اظہارِ خیال کی صلاحیت[14] ہوتی ہے۔ اظہارِ خیال کی اِس آزادی کا نتیجہ ہے کہ اِس ملک میں اب ہر آدمی اپنی اپنی ڈفلی[15] بجائے چلا جارہا ہے۔ آزادی سے پہلے لوگوں کی ڈفلیاں بیکار پڑی رہتی تھیں۔ اب یہ صورتِ حال[16] نہیں رہی۔

یہ تو آپ جانتے ہی ہیں کہ انگریزوں نے اِس ملک میں پہلی ریل گاڑی چلائی تھی۔ بعد

---

1 *x ke hāthoṅ luṭnā* to be robbed by x
2 *ṭāṅg aṛānā* to interfere
3 *bartānīā* m Britain
4 *maqāmī afrād* m pl local people
5 *fāltū* surplus, useless
6 *nemat* f boon
7 *x se sarfarāz karnā* to honor with x
8 *izhār-e-xayāl karnā* to express
9 *muqarrir* m speaker
10 *jalsā* m meeting
11 *lagātār bolnā* to speak continuously
12 *bigaṛ jānā* int to become angry
13 *x par pābandī lagānā* to put on ban on x
14 *x kī salāhīat* ability of x
15 *apnī apnī ḍaflī bajānā* to play one's own tune
16 *sūrat-e-hāl* f situation

میں ریل گاڑیاں تو بہت چلنے لگیں لیکن انگریزوں کے خوف[1] کی وجہ سے ایک پٹری[2] پر ایک ہی ریل گاڑی کو چلانا پڑتا تھا۔ اب چونکہ ملک آزاد ہوگیا ہے اس لیے ہمیں یہ آزادی مل گئی ہے کہ ہم دو مخالف[3] سمتوں[4] سے آنے والی ٹرینوں کو بھی ایک ہی پٹری پر چلا دیں۔ مانا کہ اِس طرح ٹرینوں کے حادثے[5] ہو جاتے ہیں لیکن اِس کے دو فائدے ہیں۔ ایک تو یہ کہ ملک کی آبادی قابو[6] میں رہتی ہے اور دوسرا فائدہ یہ کہ بعض اوقات[7] وزیرِ ریلوے استعفیٰ[8] بھی دے دیتا ہے۔ اگر حادثہ نہ ہو تو وزیرِ ریلوے کبھی استعفیٰ نہ دے کیونکہ وزیر ایک بار گدّی[9] پر بیٹھ جاتا ہے تو پھر نیچے نہیں اترتا۔ یہ ٹرینوں کے حادثوں کی برکت[10] ہی ہے کہ اب تک ریلوں کے کئی وزیر[11] استعفیٰ دے چکے ہیں۔ انگریزوں کے زمانے میں چونکہ دو مخالف سمتوں سے آنے والی ٹرینوں کو ایک ہی پٹری پر چلنے کی آزادی نہیں تھی اس لیے انگریز برسوں گدّی پر بیٹھے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہیں بڑی مشکل سے اس ملک سے نکالنا پڑا۔ آزادی سے پہلے لوگ ملک کے لیے قربانی[12] دینے کو ہر دم تیار رہتے تھے۔ اتنی قربانیاں دیں کہ قربانیوں کا سارا اسٹاک ہی ختم ہوگیا۔ اب ہر ایک کو یہ آزادی حاصل ہے کہ وہ اپنی قربانی اپنے پاس ہی رکھے۔ اسے بلا وجہ ضائع[13] نہ کرے۔

آزادی نے ہمیں کئی نئے لفظ بھی دیے ہیں۔ لفظ گھوٹالا[14] کو ہی لیجیے۔ آزادی سے پہلے کوئی اِس لفظ کو نہیں جانتا تھا اب بچہ بچہ[15] جانتا ہے کیونکہ ہر شہری[16] کو کوئی نہ کوئی گھوٹالا کرنے کی آزادی حاصل ہے۔ آئے دن اتنے گھوٹالے ہوتے رہتے ہیں کہ اب یہ

---

1 *x kā xauf* m fear of x
2 *paṭrī* f railway track
3 *muxālif* opposite
4 *simt* f direction
5 *x kā hādisā* accident of x
6 *qābū meṅ rahnā* int to stay in control
7 *bāz auqāt* sometimes
8 *istifā denā* to resign
9 *gaddī par baiṭhnā* int to ascend the throne
10 *x kī barkat* blessing of x
11 *vazīr* m minister
12 *qurbānī denā* to sacrifice
13 *zāyā karnā* to waste
14 *ghoṭālā* m scam
15 *baccā baccā* every single child
16 *šahrī* m citizen

روزمرہ زندگی کا معمول[1] بن گئے ہیں۔ اگر آزادی نہ ملتی تو ہماری زبان میں ایسے نئے نئے لفظ کہاں سے آتے۔ ملک ترقی کرے یا نہ کرے ہماری زبان تو کرتی چلی جا رہی ہے۔ آزادی کے بعد ہمارے رہنماؤں نے طے[2] کیا تھا کہ اِس ملک سے غریبی کو ہٹا[3] دیا جائے گا۔ چنانچہ پچھلے کئی برسوں سے غریبی کو ہٹانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یہ نہیں ہٹی تو اب سرکاریں غریبوں کو ہی ہٹانے میں لگ گئی ہیں۔

بچو! تم تو جانتے ہو کہ مہاتما گاندھی نے عدم تشدد[4] کے ذریعے[5] اِس ملک کو آزادی دلائی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ ایک پاگل نے انہیں گولی مار کر شہادت[6] کا درجہ[7] عطا[8] کر دیا۔ آزادی سے پہلے گولی مارنے کو بہت برا سمجھا جاتا تھا لیکن اب حالات بدل گئے ہیں۔ ہماری فلموں میں ہیرو اور ہیروئینوں کی اتنی اہمیت[9] نہیں ہوتی جتنی کہ پستولوں، بندوقوں، برچھوں[10] اور بھالوں[11] کی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب ملک میں ہر کسی کو گولی چلانے کی آزادی حاصل ہو گئی ہے۔

گولیاں دو قسم کی ہوتی ہیں۔ ایک دوا کی گولی[12] اور دوسری پستول کی گولی۔ دوا کی گولی سے وقتی طور پر[13] علاج[14] ہو جاتا ہے البتہ پستول کی گولی بہت مجرّب[15] ہوتی ہے۔ اِس سے گولی کھانے والی ساری بیماریوں کا ایک ہی وقت میں ہمیشہ کے لیے علاج ہو جاتا ہے۔

بچو! آؤ ہم سب مل کر آج کے دن آزادی کا جشن[16] منائیں۔ ذرا دیکھو تو سہی[17] ہمیں

---

1 *x kā māmūl* routine of x
2 *tai karnā* to decide
3 *haṭānā* to remove
4 *adam tašaddud* m non-violence
5 *x ke zarīye* through x
6 *šahādat* f martyrdom
7 *darjā* m designation, class
8 *atā karnā* to grant
9 *ahamīyat* f importance
10 *barchā* m spear
11 *bhālā* m large spear
12 *davā kī golī* f tablet (medicine)
13 *vaqtī taur par* for the time being
14 *ilāj* m treatment
15 *mujarrab* proved
16 *jašn manānā* to celebrate
17 *zarā dekho to sahī* lets see

کتنی آزادیاں ملی ہوئی ہیں۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کے دوست ایک احتجاجی ریلی[1] کی تیاری کر رہے ہیں۔ آپ اپنے دوست کو عدم تشدد کی خوبیوں سے آگاہ[2] کیجیے۔

1 *ehtijājī railī* f protest rally
2 *x se āgāh karnā* to warn of x

## ۲۳۔ مسکینوں[1] کا احاطہ[2] — نیر مسعود

گھر چھوڑتے[3] وقت میری عمر بائیس چوبیس سال کی رہی ہوگی۔ گھر چھوڑنے کا سبب[4] میرے باپ کا رویّہ[5] تھا۔ انھیں شکایت[6] تھی کہ میری عادتیں بگڑ[7] گئی ہیں۔ اب سوچتا ہوں تو اُن کی شکایت صحیح[8] معلوم ہوتی ہے، اور وہ اپنے طور پر[9] جو میری مصروفیتوں[10] کا سراغ[11] لگاتے رہتے تھے وہ بھی صحیح معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اُس وقت مجھ کو یہ سب اُن کی بہت زیادتی[12] نظر آتی تھی جس کی میں اپنی ماں سے شکایت کرتا رہتا تھا۔ مجھ کو سب سے بڑی شکایت یہ تھی کہ باپ کو جب بھی میری کسی ناشائستہ[13] حرکت[14] کا پتا چلتا تو وہ انجان[15] بن کر مجھ سے پوچھ گچھ[16] شروع کرتے اور چاہتے تھے کہ میں خود قبول[17] کرلوں کہ میں نے کیا کیا ہے۔ اِس پوچھ گچھ میں بعض مرتبہ[18] بہت دیر لگتی تھی، اس لیے کہ وہ بہت دور سے بات شروع کرتے تھے اور بیچ بیچ میں غیر متعلق باتیں بھی پوچھتے رہتے تھے۔ مجھ کو شروع ہی میں اندازہ ہوجاتا کہ اُن کو پوری بات معلوم ہو چکی ہے، لیکن میں بھی اُن کے سوالوں کا دوٹوک[19] جواب نہیں دیتا تھا اور بیچ بیچ میں غیر متعلق[20] باتیں چھیڑ[21] دیتا تھا۔ اس پر وہ بہت الجھتے[22] تھے۔

---

1 *miskīn* destitute
2 *ahātā* m premises
3 *choṛnā* to leave
4 *x kā sabab* reason of x
5 *ravaīyā* m behaviour
6 *šikāyat* f complaint
7 *x kī ādateṅ bigaṛnā* the habits of x become bad improper
8 *sahī* correct
9 *apne taur par* on his/her own
10 *masrūfīyat* f engagement, busy-ness
11 *surāğ lagānā* to spy
12 *zīyādatī nazar ānā* int to been seen cruelty
13 *nāšāistā* improper, indecent
14 *harkat* f activity, action, mischievousness
15 *anjān bannā* int to pretend ignorance
16 *pūch gach* f inquiry, interrogation
17 *qubūl karnā* to accept, admit
18 *bāz martabā* some times
19 *do ṭūk javāb denā* to give blunt/frank answer
20 *ğair mutāliq* unrelated
21 *cheṛnā* to begin, tease
22 *x par ulajhnā* to be annoyed on x

آخر اُن کی جرحوں[1] کا سامنا کرتے[2] کرتے میرے اعصاب[3] جواب دینے لگے۔ ایک دن وہ کسی بات پر پہلے ہی سے غصے میں تھے۔ اس کے ساتھ ہی اُن کے پاس ایک گم نام[4] خط آیا جس میں میری کسی تازہ حرکت[5] کا بہت تفصیل[6] سے ذکر تھا۔ اُس دن گرمی بھی بہت پڑ[7] رہی تھی۔ میں باہر سے جلا بھنا[8] گھر میں داخل ہوا۔ انھوں نے مجھ کو دیکھتے ہی جرح شروع کر دی، پانی پینے کا بھی موقع نہیں دیا۔ اُس دن میرا سر گھوم[9] گیا۔ میں نے اُن سے بدتمیزی سے بات[10] کی اور یہاں تک کہہ دیا:

جب آپ کو معلوم ہے تو اِس ناٹک[11] کی کیا ضرورت ہے؟

ناٹک کے لفظ پر وہ غصے میں تھرتھرانے[12] لگے۔ مجھ کو بہت کچھ کہا اور آخر میں کہا:

میری حق حلال کی کمائی[13] تیری آوارگیوں[14] کے لیے نہیں ہے۔ اِس سے اچھا تھا کہ تو اس گھر میں پیدا ہی نہ ہوا ہوتا۔

میرا بھی دماغ خراب[15] ہو گیا۔

اب تو پیدا ہو گیا ہوں، میں نے کہا، لیکن اِس گھر کے لیے آج سے مرا جاتا ہوں۔

ٹھیک ہے، وہ بولے، ہمارے لیے آج سے تو مر گیا۔

میری ماں سیدھی سادی[16] عورت تھیں۔ میرے باپ سے ڈرتی بھی تھیں اور میرے

---

1 *jirah karnā* to interrogate
2 *x kā sāmnā karnā* to face x, to deal with x
3 *āsāb javāb denā* int to have a nervous breakdown
4 *gumnām* anonymous
5 *tāzā harkat* f recent activity
6 *tafṣīl* f detail
7 *garmī paṛnā* int to be hot
8 *jalā bhunā* scorched, enraged
9 *sar ghūmnā* int to feel dizzy
10 *badtamīzī se bāt karnā* to talk rudely
11 *nāṭak* m drama
12 *ğusse meṅ thartharānā* to shiver with anger
13 *haq halāl kī kamāī* f fair income
14 *āvāragī* f inappropriate activities, wondering
15 *dimāğ xarāb honā* int to become mad
16 *sīdhī sādī* innocent

ضدّی[1] مزاج[2] سے بھی واقف[3] تھیں۔ اُن کی آنکھوں سے آنسو بہنے[4] لگے، لیکن وہ کچھ بول نہ سکیں۔ میں نے اپنے دو ایک جوڑے[5] ایک تھیلے میں رکھے اور اُسی وقت گھر سے نکل گیا۔

ڈیوڑھی[6] میں اندھی نانی ہمیشہ کی طرح چٹائی[7] پر بیٹھی چھالیہ[8] کاٹ رہی تھیں، میری چاپ[9] سن کر بولیں:

اے بھیّا، ابھی آئے اور ابھی چلے؟

میں نے کوئی جواب نہیں دیا اور ڈیوڑھی سے باہر نکل آیا۔

سیدھا مراد میاں کے اڈّے[10] پر پہنچا۔ وہ جُوا[11] کھلاتے تھے اور اُن سے میرا ملنا جلنا میرے باپ کو خاص طور پر ناگوار[12] ہوتا تھا۔ اُن کے باپ میرے باپ کے دوست تھے۔ اُن کو جوے کی لت[13] تھی جس میں انھوں نے اپنی ساری دولت اُڑا[14] دی تھی۔ پھر انھوں نے قرض[15] لے کر جوا کھیلنا شروع کر دیا اور جب قرض حد سے بڑھ گیا تو ایک دن افیون[16] کھا کر خودکشی کر لی۔ وہ میرے باپ کے بھی مقروض[17] تھے۔ باپ کو اُن کے حرام موت مرنے کا بھی افسوس[18] تھا، اپنی رقم ڈوبنے[19] کا بھی، اور سب سے زیادہ افسوس اِس کا تھا کہ اُن کی حلال کمائی[20] جوے میں اڑا دی گئی۔ انھیں یہ بھی معلوم

---

1 *ziddī* stubborn
2 *mizāj* m nature
3 *x se vāqif honā* to be familiar with x
4 *āṅkhoṅ se āṅsū bahnā* int to run tears from ones eyes
5 *joṛā* m dress, set
6 *ḍeoṛhī* f porch, threshhold
7 *caṭāī* f mat
8 *chāliyā* f betel-nut
9 *cāp* f sound of foot-steps
10 *aḍḍā* m a regular meeting point
11 *jūā* m gambling
12 *nā gavār* unacceptable
13 *x kī lat (paṛnā)* to become addicted to x
14 *daulat uṛānā* to waste money
15 *qarz* m debt
16 *afyūn* f opium
17 *maqrūz* indebted
18 *afsos honā* int to feel sorry
19 *raqam ḍūbnā* int to lose one's money
20 *halāl kī kamāī* f fair income

ہوگیا تھا کہ مراد میاں جوے کا اڈّا چلاتے [1] ہیں، اس لیے وہ اُن سے بہت چڑھتے [2] تھے۔ لیکن مراد میاں بڑے فخر [3] سے کہتے تھے کہ اُن کے ابّا نے جو پیسہ جوا کھیل کر گنوایا [4] ہے، وہ اب اسے جوا کھلا کر واپس لا رہے ہیں۔ انھوں نے میرے باپ کا قرض بھی ادا [5] کرنا چاہا [6] تھا لیکن باپ نے جوے کی کمائی کا ایک پیسہ بھی لینا گوارا [7] نہ کیا اور مراد میاں کو اُن کے باپ سے بھی زیادہ برا سمجھنے لگے تھے۔

میں اُس وقت مراد میاں ہی سے مل کر گھر پہنچا تھا۔ اتنی جلدی میرا پھر اُن کے پاس جانا اُن کے سمجھنے کے لیے کافی تھا کہ کوئی بات ہوگئی ہے۔ اُن کو میرے گھر کے حالات معلوم تھے، اس لیے فوراً پوچھا:

باپ سے لڑ بیٹھے ہو؟

میں نے جلدی جلدی ساری روداد [8] سنا دی۔ یہ بھی بتا دیا کہ میں نے گھر چھوڑ دیا [9] ہے، کسی دوسرے شہر جا رہا ہوں اور کبھی واپس نہیں آؤں گا۔

کبھی نہیں؟ مراد میاں نے تعجب سے پوچھا، اور جاؤ گے کہاں؟

کہیں بھی، میں نے کہا۔

کھاؤ گے کہاں سے؟

کوئی بھی کام کرلوں گا۔

بھیک [10] بھی نہیں ملے گی، انھوں نے کہا، کام ملنا کوئی آسان ہے؟ اور تمھیں آتا کیا

---

1 *jūe kā aḍḍā calānā* to run a casino
2 *ciṛhnā* int to be irritated
3 *faxr se kahnā* to say with pride
4 *gaṅvānā* to lose, to throw away
5 *adā karnā* to pay
6 *cāhanā* to want
7 *gavārā karnā* to endure, bear
8 *rūdād sunānā* to narrate an incident, report
9 *choṛnā* to leave, abondon
10 *bhīk* f alm

ہے۔

مجھے واقعی کچھ نہیں آتا تھا۔ تعلیم بھی معمولی سی تھی۔

کچھ نہیں تو مزدوری[1] کروں گا۔

مزدوری؟ مراد میاں بولے، تین دن میں بول[2] جاؤ گے۔

مجھے بھی خیال آیا کہ مزدوری کرنا بھیک مانگنے سے بھی زیادہ مشکل ہے۔ آخر میں نے کہا:

مراد میاں، آپ ہی کچھ بتایئے۔

اچھا پہلے کچھ کھا پی لو، انھوں نے کہا، مجھ کو ایک گلاس پانی پلوایا[3]، ہوٹل سے کچھ کھانے کو منگوایا۔ دیر کے بعد، جب میں پنکھے کی ہوا میں سُستا[4] رہا تھا، وہ میرے پاس آ کر بیٹھے۔ دو ایک اِدھر اُدھر کی باتیں کیں، پھر بولے:

ہماری رائے[5] یہ ہے میاں کہ اپنے گھر جاؤ۔ آج نہیں تو دو دن بعد سہی۔ باپ کو ناراض کر[6] کے پھل[7] نہیں پاؤ گے۔

وہ مجھے پیدا کر کے پچھتا[8] رہے ہیں۔ کبھی مجھ سے سیدھے منہ بات[9] نہیں کی ہے۔ جو بھی کرتا ہوں اُن کی مرضی[10] کے خلاف ہوتا ہے۔ انھوں نے آج سے مجھے مرا ہوا سمجھ لیا ہے۔

1 *mazdūrī* f physical labor
2 *bol jānā* int to become exhausted
3 *pānī pilānā* to give water to drink
4 *sustānā* int to rest
5 *rāe* f opinion
8 *x ko nārāz karnā* to hurt x
7 *phal pānā* int to able to prosper, progress
8 *pachtānā* int to regret
9 *sīdhe muṁh bāt karnā* to talk nicely
10 *x kī marzī ke xilāf* against x's wish

غصّہ ہے، اتر[1] جائے گا۔

نہیں اترے گا، میں نے کہا، اور میرا ابھی غصّہ نہیں اترے گا۔

اچھا تو دو تین دن ہمارے یہاں رہو، اُس کے بعد۔۔۔

مراد میاں، اب میں اِس شہر میں نہیں رہوں گا۔

ارے میاں نہ رہنا۔ لیکن ہمیں بھی تو کچھ وقت چاہیے۔ اِتنے میں تمھارے لیے کوئی ترکیب نکالیں گے۔

.........................

مشق ۔ فرض کیجیے آپ کا سولہ سال کا بھائی گھر سے الگ اکیلے رہنا چاہتا ہے۔ آپ اِس کے بارے میں اپنے بھائی سے کیا بات کریں گے؟

1 *x ka ğussā utarnā* for x's anger to pass

# ۲۴۔ مکّہ مسجد — محی الدین قادری

آج صبح سے حیدرآباد کے بازاروں میں عجیب چہل پہل[1] ہے۔ انسانوں کا ایک سیلاب[2] ہے کہ ہر گلی کوچے[3] سے چار مینار[4] کی طرف جانے والی سڑکوں میں داخل ہو رہا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ چاروں سڑکیں بڑے بڑے دریا ہیں جن میں چھوٹی چھوٹی ندیوں اور نالوں[5] سے آنے والے سیلابوں کی وجہ سے طغیانی[6] کے آثار[7] نمایاں[8] ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ انسانی سیلاب ایک ہی مرکز[9] کی طرف بہہ رہا ہے اور چار مینار تک پہنچ کر جنوب مغرب کے عظیم الشان[10] میدان میں جذب[11] ہوتا جاتا ہے۔

نوجوانوں کی ٹولیاں[12] اپنی وضع قطع[13] اور چست[14] لباس میں زندگی اور زندہ دلی[15] کا صحیح نمونہ پیش[16] کر رہی ہیں۔ بڑے بوڑھے اور ثقہ[17] لوگ اپنے اپنے ہتھیار[18] سنبھالے اور وضع وضع کی پگڑیاں[19] لپیٹے[20] چلے آ رہے ہیں۔ کوئی بادشاہ کے غیر معمولی زہد[21] و اتقاء[22] اور مذہبی شغف[23] کا ثنا خواں[24] ہے۔ کوئی اُس کی درویش صفت[25] زندگی کے قصّے سنا رہا ہے۔ کسی کی زبان پر سلطنت کی ہر دل عزیز ملکہ حیات بخشی بیگم

---

1 *cahal pahal* f liveliness
2 *sailāb* m flood
3 *kūcā* m narrow street
4 *cār mīnār* m a historical monument in Hyderabad
5 *nadī aur nāla* m canal and drain
6 *tuğyānī* f flood
7 *x ke āsār* signs of x
8 *numāyāṅ* prominent
9 *markaz* m centre
10 *azīmuššān* splendid
11 *jazb honā* int to absorb, indulge
12 *ṭolī* f band, group
13 *vazā qatā* f style
14 *cust* tight, active
15 *zindā dilī* f passion
16 *x kā namūnā peš karnā* to present a sample of x
17 *siqā* confident
18 *hathiyār* m weapon
19 *pagṛī* f turban
20 *lapeṭnā* to roll up
21 *zohad* m devotion
22 *ittiqā* m avoiding from sin
23 *šağaf* m devotion
24 *sanā xāṅ* adj & m one who praises
25 *darveš sifat* darvesh-like

کے رفاہِ عام[1] کے کاموں اور خیرات[2] کا تذکرہ[3] ہے اور کوئی اُس کے باپ سلطان محمد قلی کی فیاض[4] طبیعت اور اُس کے زمانے کی رنگ رلیوں[5] سے موجودہ عہد[6] کا مقابلہ کر رہا ہے۔ لیکن اکثروں کی گفتگو کا موضوع[7] آج ہی کی تقریب[8] ہے جس میں شرکت کے لیے اِس ذوق وشوق[9] سے ہر شخص کے قدم چار مینار کی طرف بڑھتے نظر آ رہے ہیں۔

کئی روز قبل اِس وسیع[10] شہر اور اس کے اطراف و اکناف[11] کے ہر گلی کوچے میں جہاں پناہ کے حکم سے یہ منادی[12] کر دی گئی ہے کہ:

شہر کے وسط[13] میں جس عظیم الشان مسجد کی تعمیر کی جانے والی ہے اُس کا سنگِ بنیاد[14] وہی شخص رکھے گا جس کی کوئی نماز بارہ سال کی عمر سے قضا[15] نہ ہوئی ہو۔

اِس اعلان کے بعد سے ہر شخص روزِ مقررہ[16] کا بے چینی[17] سے منتظر[18] تھا۔ اکثر قدیم طرز کے بزرگوں کو اب محسوس ہو رہا تھا کہ سلطنتِ قطب شاہیہ کے اِس پُرشکوہ[19] پایہ تخت[20] میں اس کے شایانِ شان[21] مسجد موجود نہیں تھی۔ حالانکہ بھاگ نگر کے بسانے والے پریمی بادشاہ محمد قلی نے اس امر[22] کا التزام[23] کیا تھا کہ اُس کی محبوب بستی ہر

---

1 *rifāh-e-ām* m public welfare
2 *xairāt* f charity
3 *tazkirā* m remembrance
4 *faiyāz* generous
5 *rangralīyāṅ* f fun
6 *ahad* m era, period
7 *guftagū kā mauzū* topic of discussion
8 *taqrīb* f function, ceremony
9 *zauq-o-šauq* m taste and pleasure
10 *vasī* wide, broad
11 *x ke atrāf-o-aknāf* around x
12 *munādī* f proclamation by drum, public announcement
13 *vast* m middle
14 *sang-e-bunyād rakhnā* to lay a foundation stone
15 *namāz qazā honā* int a prayer to be skipped
16 *muqarrarā* m fixed
17 *becainī se* impatiently
18 *x kā muntazir honā* for x to be waited for
19 *puršikoh* magnificent
20 *pāe taxt* m the capital
21 *x ke šāyān-e-šān* as splendid as x
22 *amr* m affair, business, matter, case
23 *x kā iltizām karnā* to bring the interest of x

لحاظ[1] سے دنیا کے بڑے سے بڑے اور شائستہ[2] سے شائستہ شہروں پر سبقت[3] لے جائے۔ لیکن تعجب ہے کہ جہاں اُس نے چار مینار، دولت خانۂ عالی، اور دارالشفا جیسی بلند عمارتیں بنائیں، نیز[4] سیکڑوں حمام، مدرسے اور خانقاہیں[5] تعمیر کیں صرف جامع مسجد پر اکتفا[6] کیا جو وسعت و بلندی[7] کے لحاظ سے متذکرہ[8] عمارتوں کی صف[9] میں شریک نہیں کی جاسکتی۔ سچ تو یہ ہے کہ سلطان محمد قلی زیادہ تر فنون لطیفہ[10] اور شعر و سخن[11] کا دل دادہ[12] تھا۔ اُس کو موجودہ جہاں پناہ سلطان محمد قلی قطب شاہ کی طرح مذہب و فلسفے سے دلچسپی نہ تھی۔ اُس کی زندگی عشق و محبت کی سرگوشیوں[13] میں گذر گئی۔ اور واقعہ یہ ہے کہ خود شہر حیدرآباد اور اس کی ساری عظمت[14] اسی عاشق مزاج کی بے نظیر[15] محبت کی لازوال[16] یادگار ہے۔

.......................

مشق۔ فرض کیجیے آپ ایک ٹور گائڈ کی نوکری کے لیے انٹرویو کی تیاری[17] کر رہے ہیں۔ انٹرویو کے لیے آپ اپنے شہر کی کسی عمارت کے بارے[18] میں دلچسپ[19] انداز[20] میں بتایئے۔

---

1 *x ke lihāz se* in regard of x
2 *šāistā* decent
3 *x par sabqat le jānā* to take the lead on x
4 *nīz* moreover
5 *xānqāh* f monastery
6 *x par iktifā karnā* to be satisfied with x
7 *vusat-o-bulandī* f capacity and height
8 *mutazakkirā* mentioned above
9 *x kī saff meṅ* in the line/ series of x
10 *funūn-e-latīfā* m pl art forms
11 *šer-o-suxan* m poetry
12 *x kā/kī dildādā* fan/admirar of x
13 *sargošī* f whispering
14 *azmat* f greatness
15 *benazīr* incomparable
16 *lāzavāl yādgār* f eternal memory
17 *x kī taīyārī karnā* to prepare for x
18 *x ke bāre meṅ* about x
19 *dilcasp* interesting
20 *andāz* m style

## ۲۵۔ تپش کشمیری، ۱                سعادت حسن منٹو

مجھے اُن کا اصل[1] نام ابھی تک معلوم نہیں۔۔۔ حالانکہ[2] میں اُن کو بارہ برس سے جانتا ہوں۔۔۔ سات برس تو ہم اکٹھے[3] ایک ساتھ رہے۔۔۔ دراصل اُن کا نام پوچھنے کی مجھے کبھی ضرورت ہی محسوس نہ ہوئی۔۔۔ تپش کشمیری کافی تھا۔

وہ اِس نام سے مشہور تھے۔

تپش کشمیری عجیب وغریب[4] شخصیت[5] کے مالک تھے۔ جب وہ لاہور میں تھے تو ضلع کچہری[6] کی ایک عدالت[7] میں اہلِ مد[8] تھے۔ آپ نے ترقی کی طرف قدم بڑھایا[9] تو آپ پیادہ[10] ہو گئے۔۔۔ اِس ترقیِ معکوس[11] کا اُن پر کچھ اثر نہ ہوا اور وہ ہر حالت میں خوش رہتے تھے۔

جس مجسٹریٹ سے وہ منسلک[12] تھے، اُس کی روز ہجو[13] لکھتے اور کاغذ اُسی کی میز پر رکھ آتے۔۔۔ وہ چیختا چلاتا[14]۔۔۔ مگر تپش صاحب خاموش رہتے۔ جیسے اُن کو کسی بات کا علم[15] ہی نہیں۔۔۔ فی البدیہہ[16] شعر کہنے میں مہارتِ تامہ[17] رکھتے تھے۔

ایک دفعہ کا ذکر[18] ہے، بمبئی میں ایک ناگپوری شاعر نے جو بزعمِ خود[19] فی البدیہہ شعر

---

1 *asl* f original
2 *hālāṅki* although
3 *ikaṭṭhā* collected, gathered
4 *ajīb-o-ğarīb* strange
5 *šaxsīyat* f personality
6 *zilā kacehirī* f district tribunal
7 *adālat* f court of law or justice
8 *ahl-e-mad* m person in charge of a department
9 *qadam baṛhānā* to take a step forward
10 *pīyādā* m footman, peon
11 *taraqqī-e-mäküs* f reverse progress
12 *x se munsalik honā* int to be associated with x
13 *hajo* f satire
14 *cīxnā cillānā* to yell and scream
15 *x kā ilm honā* int to have a knowledge of x
16 *filbadīh* extempore
17 *mahārat-e-tāmā* f expertise
18 *ek dafā kā zikr hai* once upon a time
19 *bazām-e-xud* with self-pride

کہنے میں ظفر علی خان[1] سے کئی مصرعے[2] آ گئے تھے۔ تپش صاحب سے کہا:

حضرت! چلو آج گفتگو شعروں ہی میں ہو۔۔۔

تپش صاحب نے بڑی انکساری[3] کے ساتھ کہا:

جیسے آپ کی مرضی۔۔۔

اور ساتھ ہی گفتگو[4] کا آغاز[5] ایک شعر سے کر دیا۔۔۔ ناگپوری شاعر سٹپٹا[6] گئے اور ذہن پر زور دے[7] کر تپش صاحب کے اُس شعر کا جواب شعر میں دینے کی فکر[8] کرنے لگے۔

تپش صاحب نے فوراً ایک اور شعر گڑھ[9] کر اُن سے پوچھا کہ جناب دیر کیوں لگا[10] رہے ہیں۔۔۔ جلدی گفتگو شروع کیجیے۔

ناگپوری شاعر بوکھلا[11] گیا۔

میرا خیال ہے کہ اُن کے اِس استفسار[12] سے اُس کے دماغ سے وہ سب کچھ نکل گیا جو اُس نے بڑی محنت سے سوچا تھا۔

تپش صاحب نے اِس پر تین چار شعر اور چست[13] کر دیے اور وہ بے چارہ[14] ناگپوری چاروں خانے چت[15] ہو گیا۔

---

1 *Zafar Alī Xān* m an Urdu poet of satire
2 *misrā* m single line (of a poem)
3 *inkisārī* f humility
4 *guftagū* f conversation
5 *x kā āġāz karnā* to begin x
6 *satpatānā* int to be confounded, flustered
7 *zahan par zor denā* to think hard
8 *x kī fikr karnā* to worry about x
9 *garhnā* to form, create, carne
10 *der lagānā* to take long time
11 *baukhlānā* int to become speechless
12 *istifsār* m question
13 *cust karnā* to tighten
14 *becārā* adj & m miserable
15 *cāroṅ xāne cit karnā* to knock out

میں یہاں پر عرض[1] کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ تپش صاحب کی شاعری میں کوئی جان[2] نہیں۔۔۔ یوں تو اُن کا ہر شعر بڑا جچا تلا[3] ہوتا ہے، عروض[4] کی کوئی خامی[5] نہیں ہوتی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دھرم کانٹے[6] میں تُل[7] کر آیا ہے، بڑی سنگلاخ زمینوں[8] میں طبع آزمائی[9] کرتے ہیں اور قریب ہر روز دو تین غزلیں یا نظمیں فی البدیہہ لکھتے ہیں، لیکن شاذ و نادر[10] اُن کے قلم سے کوئی ایسا شعر نکلتا ہے جو صحیح معنوں میں شعر کہلانے کا مستحق[11] ہو۔

اُنھوں نے بلا مبالغہ[12] دس بارہ لاکھ شعر لکھے ہوں گے مگر اِس کو وہ باعثِ افتخار[13] نہیں سمجھتے، وہ خود کو شاعر کہلانا بھی پسند نہیں کرتے۔ ان کو اپنی شاعری سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ بیشتر[14] اِس کے کہ میں کچھ اور بیان کروں، میں تپش صاحب کی عجیب و غریب شخصیت کے بارے میں چند اور باتیں بھی بتانا چاہتا ہوں جو بہت دلچسپ[15] اور حیرت انگیز[16] ہیں۔

ایک زمانہ تھا وہ لاہور کے ضلع کچہری[17] میں ملازم تھے۔ ایک وقت ایسا آیا کہ اُن کو اسلامیہ اسکول کے ایک لڑکے سے عشق ہوگیا۔ بڑا افلاطونی[18] قسم کا، اُن کو معلوم ہوا کہ یہ لڑکا نماز پڑھتا ہے۔ صبح سویرے اپنے محلے کی مسجد میں فجر[19] کی نماز ادا[20]

---

1 *arz karnā* to say with respect
2 *jān* f charm, beloved, life
3 *jacā tulā* well made, well measured
4 *urūz* m the study of the metrical structure of verse
5 *xāmī* f defect
6 *dharam kāṅṭā* m scale
7 *tulnā* int to be weighed
8 *saṅgalāx zamīn* f difficult poetic rhythm
9 *tabā āzmaī karnā* to trial of genius or of skill
10 *šāz-o-nādir* rarely
11 *x kā mustahaq honā* int to deserve x
12 *bilā mubāliğā* without exaggeration
13 *x ko bāīs-e-iftixār samajhnā* to take x as a reason of honor
14 *beštar* mostly
15 *dilcasp* interesting
16 *hairat aṅgez* astonishing
17 *mulāzim* m employee
18 *aflātūnī* platonic
19 *fajar* f daybreak
20 *namāz adā karnā* to offer prayer

کرنے جاتا ہے، یہ معلومات[1] حاصل ہوتے ہی آپ صبح تین بجے اٹھتے۔ سخت سردیوں کا موسم تھا۔ مسجد میں جا کر جھاڑو[2] دیتے۔ پھر ٹھنڈے یخ[3] پانی سے غسل[4] کرتے اور اذان دینا[5] شروع کر دیتے۔ مسجد کا مُلّا[6] جو بہت ہی بڈھا اور سُست تھا، اپنے حجرے[7] میں چونک[8] پڑتا کہ یہ اذان کون دے رہا ہے۔ جب تک وہ اٹھ کر باہر نکلتا، تپش صاحب نے امامت[9] شروع کر دی ہوتی تھی۔ وہ لڑکا اُن کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہوتا، اِس سے اُن کو بڑی روحانی مسرت حاصل[10] ہوتی تھی۔ یہ سلسلہ[11] کافی دیر تک جاری[12] رہا۔

ایک مرتبہ اُس لڑکے کی سائکل خراب ہو گئی۔ اُس نے اپنے نوکر کو دی کہ ٹھیک کرا لائے۔۔۔ تپش صاحب نے دیکھ لیا۔۔۔ اور سائکل نوکر سے لے کر ایک دکان پر لے گئے، اُس کے تمام پرزے[13] علیحدہ[14] کر دیے۔ مٹی[15] کے تیل میں ڈبو کر اُن کو صاف کیا۔۔۔ دکاندار سے، جو اُن کا دوست تھا، کپڑا مانگا کہ وہ انھیں خشک کریں۔۔۔ مگر اُس کے پاس نہیں تھا۔ چنانچہ[16] تپش صاحب نے اپنی نئی بوسکی[17] کی قمیص[18] اتاری، اُس کو پھاڑا[19] اور تمام پرزوں پر سے تیل خشک کر کے اُن کو خوب چمکایا[20]۔

جب سائکل ٹھیک ہو گئی تو اُس لڑکے کے نوکر کے حوالے[21] کر دی اور کہا:

---

1 *mālūmāt hāsil honā* int for information to be possessed
2 *jhāṛū denā* to sweep
3 *yax* chilled
4 *ğusl karnā* to take a bath
5 *azān denā* to call for prayer
6 *mullā* m priest
7 *hujrā* m a chamber, cell
8 *cauṅk uṭhnā/cauṅk paṛnā* int to be surprised, startled
9 *imāmat karnā* to lead prayer (namaz)
10 *rūhānī masarrat hāsil honā* int to feel spiritual happiness
11 *silsilā* m series
12 *jārī rahnā* int to be continued
13 *purzā* m part
14 *alāhidā karnā* to separate
15 *miṭṭī ka tel* f kerosene oil
16 *cunānce* so that
17 *boskī* f Chinese silk
18 *qamīs* m shirt
19 *phāṛnā* to tear
20 *camkānā* to polish, shine
21 *havāle karnā* to hand over

دیکھو۔۔۔ بابو جی سے مت کہنا کہ میں نے ٹھیک کی ہے۔ اُس لڑکے کی دوستی اِسی دوران[1] میں اپنے ایک ہم جماعت[2] سے ہوگئی۔ تپش صاحب کو اِس کا اتنا دکھ ہوا کہ نیم[3] پاگل سے ہوگئے۔ داڑھی بڑھا لی، سخت گرمیاں تھیں۔۔۔ مگر آپ اوورکوٹ پہنتے تھے۔۔۔ سر پر پانامہ ہیٹ، اور چھینٹ[4] کی نیکر۔۔۔ پاؤں میں فل بوٹ۔۔۔ لیکن اُن کی باتیں جب بھی غیر متوازن[5] نہیں ہوتی تھیں۔

اُس زمانے میں انھوں نے اُس لڑکے کے بارے میں بے شمار شعر کہے جو شعر کہلانے کے مستحق ہیں۔ اِس لیے کہ اُن میں تپش صاحب کے دل کو جو ٹھیس[6] پہنچی تھی، اُس کا صاف پتہ چلتا ہے۔ اُن میں درد ہے کسک[7] ہے، اور افلاطونی عشق کی تمام گہرائیاں بھی موجود ہیں۔ یوں بھی تپش صاحب کو دنیاوی معاملات[8] سے کوئی خاص دلچسپی نہیں تھی، لیکن اِس حادثے کے بعد وہ بالکل بے نیاز[9] ہوگئے۔ کھانا ملا ہے تو کھالیا ہے، نہیں ملا تو کوئی پروا[10] نہیں۔

.........................

## تپش کشمیری، ۲ سعادت حسن منٹو

مجھے ایک لطیفہ[11] یاد آ گیا۔۔۔

ہم لاہور کے حاجی[12] ہوٹل میں بیٹھے تھے، تپش صاحب کھانا کھا چکے تھے لیکن مجھے کھانا تھا۔ وہ میرے پاس بیٹھے تھے کہ اتنے میں اُن کے چند دوست آئے جو پاس والی

---

1 *x ke daurān* meanwhile x, during x
2 *ham jamāt* m class-fellow
3 *nīm pāgal honā* int to become mentally disturbed
4 *chīṃṭ* f cotton cloth with block prints
5 *ğair mutavāzin* unbalanced
6 *ṭhes pahuṅcnā* int to be hurt
7 *kasak* f pain
8 *dunyāvī māmlāt* m pl worldly matters
9 *beniyāz honā* int to become carefree
10 *parvā* f care
11 *latīfā* m joke
12 *hājī* m pilgrim who has performed the pilgrimage (of mecca)

میز پر بیٹھ گئے۔ اُن میں سے ایک نے تپش صاحب سے علیک سلیک[1] کرنے کے بعد کہا: آیئے کھانا تناول فرمایئے[2]۔

تپش صاحب نے شکریہ ادا کیا: خدا آپ کو بہت بہت دے۔۔۔ میں گھر سے کھا کر آیا ہوں۔

اُن کے دوست نے بڑا اصرار[3] کیا کہ وہ ضرور کھائیں۔ آخر تنگ[4] آ کر وہ اُن کے پاس بیٹھ گئے اور بارہ روٹیاں اور سالن منگوایا۔ اُس کے بعد فرنی[5] کی چار پلیٹیں کھائیں اور خدا کا شکر ادا[6] کر کے وہاں سے اٹھے اور میرے پاس چلے آئے۔ اُن کے اُس دوست کی حالت[7] قابلِ رحم[8] تھی۔ جس نے از راہِ تکلف[9] اُن کو دعوت دی[10] تھی۔ وہ بالکل مبہوت[11] تھا۔ وہ شاید اُس لمحے پر لعنتیں[12] در لعنتیں بھیج رہا تھا۔۔۔ جب اُس نے تپش صاحب سے کہا تھا: آیئے! کھانا تناول فرمایئے۔۔۔

میرا خیال ہے کہ تپش صاحب میں ذائقے[13] کی حس[14] موجود نہیں تھی۔ وہ ہر چیز کھا سکتے تھے۔ تھوہر[15] اور کیلے میں اُن کے نزدیک[16] کوئی فرق نہیں تھا۔ کچے چاول ہوں یا اُبلے[17] ہوئے۔۔۔ تازے ہوں یا پانچ چھ روز کے باسی[18]، اُن کے لیے ایک جیسے تھے۔

---

1 *alaik salaik karnā* to greet
2 *tanāvul farmānā* int to eat
3 *isrār karnā* to insist
4 *tang karnā* to annoy
5 *firnī* f dish made of rice milk and sugar
6 *xudā kā šukr adā karnā* to thank god
7 *x kī hālat* situation/position of x
8 *qābil-e-raham* miserable
9 *az rāh-e-takalluf* by reason of etiquette
10 *x ko dāvat denā* to invite x
11 *mabhūt* perplexed
12 *lānat dar lānat bhejnā* to curse
13 *zāiqā* m taste
14 *hiss* f sense
15 *thohar* m cactus
16 *x ke nazdīk* for x
17 *ublā huā* boiled
18 *bāsī* stale

میں نے کبھی اُن کو کسی چیز کے بارے میں شکایت کرتے نہیں سُنا۔۔۔ جو مل جائے، ٹھیک ہے۔۔۔ لیکن حیرت ہے کہ اِس قسم کی تپاک[1] طبیعت کا مالک جو فالودے[2] میں کھیر[3] نمکین[4] چائے اور نیلوفر[5] کا شربت[6] ملا کر پی جاتا ہے، تمام سبزیاں پتّوں اور ڈنٹھلوں[7] سمیت کھاتا ہے، ایک ایک پاؤ[8] سرخ[9] مرچیں پھانک[10] جاتا ہے، اپنی صحت کیسے برقرار[11] رکھ سکتا ہے!

اُن کی صحت قابلِ رشک[12] حد[13] تک اچھی تھی۔ سرخ رنگت[14]، سر کا ایک بال بھی سفید نہیں ہوا تھا۔۔۔ حالانکہ وہ مجھ سے عمر میں سات آٹھ برس بڑے تھے۔

یعنی چھیالیس سینتالیس برس کے لگ بھگ تھے، مگر میں اُن کے مقابلے[15] میں بوڑھا دکھائی دیتا تھا۔ میرے سر کے بال آدھے سے زیادہ سفید ہو[16] چکے تھے۔

تپش صاحب کو عورتوں سے کوئی رغبت[17] نہیں تھی۔ اُن کا یہ کہنا تھا کہ صنفِ نازک[18] سے صنفِ کرخت[19] کو کوئی واسطہ[20] نہیں ہونا چاہیے۔ شیشے کا رشتہ پتھر سے غیر فطری[21] ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انھوں نے اپنی بیوی کو جس کو انھوں نے کبھی گھر میں بسایا[22] ہی نہیں تھا۔۔۔ آخر اُسے طلاق دے[23] کر آزاد کر[24] دیا۔

---

1 *tapāk tabīyat kā mālik* gregarious
2 *fālūdā* m boiled noodles
3 *khīr* f dish made of rice and milk
4 *namkīn* salted
5 *nīlofar* m a blue lotus
6 *šarbat* m sweet drink
7 *ḍanṭhal* m stem
8 *pāu* m a weight or measure of a quarter
9 *surx* red
10 *phāṅknā* to chuck into the mouth from the palm of the hand
11 *barqarār rakhnā* to maintain
12 *qābil-e-rašk* enviable
13 *had* f limit
14 *raṅgat* f complexion
15 *x ke muqābale meṅ* incomparison to x
16 *x ke bāl safed honā* for x's hair to grey
17 *rağbat* f desire, interest
18 *sinf-e-nāzuk* f woman
19 *sinf-e-karaxt* f man
20 *x se vāsitā nā rakhnā* to have nothing to do with x
21 *ğair fitrī* unnatural
22 *basānā* to settle
23 *x ko talāq denā* to divorce
24 *āzād karnā* to set free

جب میرے بلانے پر بمبئی آئے تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دے کر آئے تھے، مجھ سے انھوں نے اِس بات کا ذکر بہت بعد میں کیا۔۔۔ کیونکہ اُن کے خیال کے مطابق[1] یہ کوئی اتنی اہم[2] بات نہیں تھی۔

لیکن اِس کا ردِّعمل[3] اُن پر اِس صورت میں نمودار[4] ہوا کہ انھوں نے باقاعدہ[5] قرآن مجید کی تلاوت[6] شروع کردی۔۔۔ مگر اُن کی تلاوت کا طریقہ بھی عجیب وغریب[7] ہے۔

میں نے ایک روز دیکھا کہ وہ صبح سویرے[8] اٹھے، غسل کیا، اور الف ننگے[9] بدن خشک کیے[10] بغیر کرسی پر بیٹھ گئے۔ حمائل[11] شریف نکالی اور تلاوت شروع کردی۔۔۔ ایک پارہ[12] پڑھا۔۔۔ کپڑے پہنے اور باہر نکلے۔ میں حیرت[13] میں گم[14] تھا کہ آخر یہ سلسلہ[15] کیا ہے۔

کہیں اِن کا دماغ تو نہیں چل[16] گیا ہے۔ لیکن میرا خیال غلط ثابت ہوا، باہر نکل کر انھوں نے ٹرام کے ایک ٹکٹ پر نظم لکھی۔ مجھ سے بڑی پُرمغز گفتگو[17] کی۔ میری زبان کی چند غلطیوں کی طرف میری توجہ دلائی[18]۔ میرے دماغ میں چونکہ بڑی کُھدبُد[19] ہو رہی تھی۔ اس لیے میں اُن سے پوچھے بغیر نہ رہ سکا۔۔۔ تپش صاحب۔۔۔ آپ ننگے۔۔۔ ننگے بدن قرآن مجید کی تلاوت کیوں کرتے ہیں؟ کیا یہ معیوب[20] نہیں۔۔۔

1 *x ke mutābiq* according to x
2 *aham* important
3 *radd-e-amal* m reaction
4 *namūdār honā* int to appear
5 *bāqāidā* regular
6 *tilāvat karnā* to read the Qorān
7 *ajīb-o-ğarīb* strange
8 *subhā savere* early in the morning
9 *alif naṅgā* all naked
10 *xušk karnā* to dry
11 *hamāil šarīf* the Qorān
12 *pārā* m chapter of the Qorān
13 *hairat* f astonishment
14 *gum honā* int to be lost
15 *silsilā* m matter, series
16 *dimāğ calnā* to become crazy
17 *purmağaz guftagū karnā* to have intellectual conversation
18 *x kī taraf tavvajoh dilānā* to draw the attention towards x
19 *khudbud* f curiosity
20 *māyūb* blamable

تپش صاحب مسکرائے: قرآن میں کہیں بھی یہ حکم صادر[1] نہیں کیا گیا کہ آدمی تینوں کپڑے پہن کر اِس کی تلاوت کرے۔۔۔ میں اس لیے کپڑے نہیں پہنتا کہ مبادا[2] اِن میں کوئی گندگی کی آلائش[3] نہ ہو۔۔۔ نہانے کے بعد تولیے سے اپنا بدن بھی اسی لیے خشک نہیں کرتا۔

عجب[4] منطق[5] تھی۔

بہر حال، میں خاموش رہا، کیونکہ اُن سے بات کرنا ایک اچھی خاصی طویل[6] بحث کا آغاز[7] کرنا تھا۔

اِسی دوران میں انھیں تپ محرقہ[8] ہوگیا۔۔۔ میں نے ڈاکٹر کو بلایا۔ سولہ روپے اُس کی فیس ادا کی۔۔۔ مگر تپش صاحب نے اُس ڈاکٹر سے بڑے کرخت[9] لہجے[10] میں کہا: صاحب! آپ کو یہاں کس نے بلایا ہے۔۔۔ مجھے معلوم ہے کہ میرا عارضہ[11] کیا ہے، اور مجھے اِس کا علاج بھی معلوم ہے۔۔۔ آپ تشریف لے جائیں تو بہتر ہے۔

ڈاکٹر صاحب تشریف لے گئے۔۔۔ تپش صاحب نے اکیس دن فاقہ کشی[12] کی، کچھ کھایا نہ پیا۔۔۔ اُس کے بعد انھوں نے مجھے بلایا اور کہا:

میں اب بالکل ٹھیک ہوگیا ہوں۔۔۔ نوکر کو چوپاٹی[13] بھیجو اور آٹھ آنے کا رگڑا منگواؤ۔۔۔ ڈھیر ساری مرچیں ہوں۔

رگڑا بمبئی کی زبان میں چاٹ کو کہتے ہیں۔۔۔ یعنی آلو چھولے[14]۔

---

1 *hukum sādir karnā* to give an order
2 *mubādā* may (or let) it not be
3 *ālāiš* f pollution
4 *ajab* strange
5 *mantiq* f logic
6 *tavīl* long
7 *āġāz* m beginning
8 *tap-e-moharriqā* m high fever/ typhoid
9 *karaxt* harsh
10 *lahjā* m tone
11 *ārizā* m disease
12 *fāqā kašī karnā* to starve
13 *caupāṭī* m a famous beach in Mumbai
14 *ālū chole* m spicy snacks made with boiled potato and chickpeas

میری سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ یہ خوفناک چیزیں منگواؤں یا نہ منگواؤں، مگر تپش صاحب کے آگے کیا چل سکتی تھی۔ آخر میں نے نوکر کو چوپاٹی بھیجا اور رگڑا منگوایا جو تپش صاحب نے سب کا سب کھالیا۔ میرا خیال ہے کہ اُس میں اِتنی مرچیں اور اتنی کھٹائی[1] تھی جو بیس بائیس آدمیوں کو بھی پیچش[2] میں گرفتار[3] کر دیتی۔۔۔لیکن تعجب ہے کہ دوسرے روز وہ بالکل ٹھیک ٹھاک تھے۔

ایسا معلوم ہوتا تھا کہ انھیں تپ محرقہ کبھی ہوا ہی نہیں تھا۔۔۔میں نے جب اپنی حیرت کا اظہار[4] کیا تو انھوں نے مجھ سے کہا: برادرم! ہر بیماری کے لیے علاج ہوتے ہیں۔۔۔ ضروری نہیں کہ ہر شخص اپنے مرض کا علاج کسی ڈاکٹر یا حکیم ہی سے کرائے۔ خدا نے ہر آدمی کو اپنے عوارض[5] دور کرنے کی ودیعت[6] فرمائی ہے۔۔۔وہ اگر اِس سے کام لے تو ڈاکٹروں اور طبیبوں[7] کی ضرورت ہی نہیں۔

وہ بالکل ٹھیک ٹھاک ہو گئے۔۔۔اُن کا رنگ جو کسی قدر پیلا ہو گیا تھا، چند روز میں رگڑا کھا کھا کر پھر وہی سرخی اختیار[8] کر گیا۔ آپ نے پھر اُسی طرح ہر روز نظمیں اور غزلیں کہنا شروع کر دیں۔۔۔مجھے ایسا محسوس ہوتا تھا کہ وہ کبھی بیمار ہی نہیں ہوئے تھے۔

بہت دن گذر گئے۔

میرا مطلب ہے قریب قریب[9] ڈھائی مہینے کا عرصہ[10] بیت[11] گیا۔۔۔اِس کے بعد ایک دن اچانک تپش صاحب نے مجھ سے کہا: میں آپ کے یہاں ٹھہرنا[12] مناسب[13]

---

1 *khaṭāī* f dry mango
2 *pečiš* f diarrhea with contractions
3 *x meṅ giriftār karnā* to be confined by x
4 *izhār karnā* to reveal, express
5 *avāriz* m pl diseases
6 *x kī vadīat farmānā* to bless with x
7 *tabīb* m a physician
8 *surxī ixtiyār karnā* to attain the glow
9 *qarīb qarīb* more or less, somewhere, around
10 *arsā* m period
11 *bītnā* int to pass
12 *ṭhaharnā* int to stay for a short time
13 *munāsib* appropriate

نہیں سمجھتا۔

میں نے حیرت سے پوچھا: کیوں؟

کسی دوست کو زیادہ دیر تک تکلیف[1] نہیں دینا چاہیے۔

میں نے اُن سے کہا: مجھے کوئی تکلیف نہیں ۔۔۔ آپ محض[2] تکلف[3] کر رہے ہیں۔

تپش صاحب جس بات کا تہیہ[4] کر لیں ۔۔۔ وہ پوری ہوتی ہے۔ چنانچہ[5] وہ اپنا چھوٹا سا ٹین کا بکس اُٹھا کر میرے گھر سے چلے گئے۔ معلوم نہیں کہاں۔

اگر انھوں نے اپنے ٹھکانے[6] کے متعلق[7] مجھے کچھ بتایا ہوتا تو میں یقیناً[8] ہر روز نہیں تو دوسرے تیسرے روز ضرور جاتا۔ مگر وہ اِس افراتفری[9] میں گئے کہ میں اُن سے کچھ پوچھ نہ سکا۔

ایک دن وہ خود آ گئے۔ خلافِ معمول[10] نیا سوٹ پہنا ہوا تھا۔ بالوں میں تیل بھی تھا۔ مجھ سے ملتے ہی کہنے لگے:

''برادرم[11]۔ مجھے عشق[12] ہو گیا تھا، دراصل[13]۔''

میں چکرا[14] گیا۔ تپش صاحب اور عشق۔ کیا اِس لاہوری لڑکے کا کوئی نعم البدل[15] بمبئی میں پیدا ہو گیا ہے۔

---

1 *x ko taklīf nā denā* to give no trouble to x
2 *mahaz* only
3 *takalluf karnā* to show formality
4 *x kā tahaīyā karnā* to determine for x
5 *cunānce* so, that is why
6 *ṭhikānā* m place, whereabouts
7 *x ke mutāliq* about x, regarding x
8 *yaqīnan* certainly
9 *afrātafrī meṅ* in rush
10 *xilāf-e-māmūl* against custom
11 *barādaram* m my dear brother
12 *išq* m love
13 *dar asal* in fact, by the way
14 *cakrānā* to become shocked, to confused
15 *nemul badal* m substitute

تپش صاحب نے مجھے زیادہ دیر تذبذب[1] میں نہ رکھا اور اپنے عشق کی روداد[2] سنا دی۔ مجھے یہ معلوم کر کے بڑی حیرت ہوئی کہ انھیں ایک لڑکی سے عشق ہوا تھا۔

یہ لڑکی ایک مجاور[3] کی بیٹی تھی اُس کی ماں مر چکی تھی۔ تپش صاحب وکٹوریا گارڈن میں اُس کو اپنے ساتھ لائے اور مجھے مجبور[4] کیا کہ اُس کا فوٹو اتارا[5] جائے؛ چنانچہ اُن کے احکام[6] کے مطابق[7] میں اپنے ایک دوست سے کیمرہ لے کر پہنچا۔

لڑکی خوبصورت تھی۔ بڑی الہڑ قسم[8] کی۔ تپش صاحب سے بہت چھنتی[9] تھی۔ اُس سے زیادہ مجھ سے، اور اس سے بھی زیادہ اردگرد[10] کے ماحول[11] سے۔

خیر[12]، میں نے چار پانچ پوز لیے اور وکٹوریہ گارڈن میں اُن دونوں کو چھوڑ کر گھر چلا آیا۔ میرے دل و دماغ بہت مضطرب[13] تھے۔ میرے قیاس[14] میں کبھی یہ چیز آ ہی نہیں سکتی تھی کہ تپش کشمیری صاحب کبھی کسی عورت میں دلچسپی[15] لیں گے۔ لیکن جیسا کہ مجھے بعد میں معلوم ہوا، وہ اُس لڑکی سے جس کا نام مجھے یاد نہیں آ رہا، والہانہ محبت[16] کرتے تھے۔

میں نے ایک روز اُن سے کہا:

''تپش صاحب اتنی دیر ہو گئی ہے آپ اُس سے شادی کیوں نہیں کر لیتے؟''

---

1 *tazabzub* m confusion
2 *rūdād* f story
3 *mujāvir* m care taker (at shrine)
4 *x ko majbūr karnā* to force x to do something
5 *fotū utārnā* to take a picture
6 *ahkām* m pl orders
7 *x ke mutābiq* according to x
8 *alhaṛ* cheerful
9 *x se channā* to go along with x
10 *ird gird* surrounding
11 *māhaul* m ambience
12 *xair* anyway
13 *muztarib* restless
14 *qayās* m guess
15 *x meṅ dilcaspī lenā* to take interest in x
16 *vālehānā mohabbat* f madly love

انھوں نے بڑی سنجیدگی[1] سے جواب دیا:

''میں روپیہ جمع کر رہا ہوں۔ اُس کے باپ سے تمام باتوں کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ میں نے اُس کے بھائی کے لیے ایک سوٹ بنوا دیا ہے۔ باپ کو بھی کچھ روپے دے چکا ہوں، اِس لیے کہ اُس کے پاس شادی کے اخراجات[2] کے لیے کچھ بھی نہیں۔ ایک صوفہ سیٹ، ایک ڈریسنگ ٹیبل، اور چار کرسیاں بھی خرید کر اُس کے باپ کے حوالے[3] کر دیں۔ میں چاہتا ہوں شادی کے بعد اُن ہی کے ساتھ رہوں۔ وہ اداس نہیں ہوگی۔''

میں نے کہا:

''یہ تو بہت اچھا اور نیک خیال ہے۔''

تپش صاحب ذرا پھول[4] سے گئے۔

''میں حرام کاری[5] کا قائل[6] نہیں۔ اُس سے باقاعدہ[7] عقد[8] کرنا چاہتا ہوں۔'' میں نے اُن سے اِس خدشے[9] کا ذکر[10] کیا جو اچانک میرے دماغ میں پیدا ہو گیا تھا۔

''ہوسکتا ہے۔ کوئی اور۔ میرا مطلب ہے، کوئی اور آپ پر بازی[11] لے جائے۔''

تپش صاحب کے گال اور زیادہ سرخ[12] ہو گئے۔

''کون بازی لے جا سکتا ہے مجھ پر۔ میں شاعر ہوں۔ لیکن اور۔ درّے کا منڈا[13] بھی

---

1 *sanjīdagī se* seriously
2 *axrājāt* m pl expenditures
3 *x ke havāle karnā* to handover to x
4 *phūl jānā* to feel proud of
5 *harāmkārī* f illicit affair
6 *x kā qāil honā* to be convinced with x
7 *bāqāidā* properly
8 *aqd karnā* to marry
9 *xadšā* m risk
10 *x kā zikr karnā* to mention x
11 *x par bāzī le jānā* to over-step x
12 *surx honā* to become red
13 *darre kā munḍā* m man from a valley (a particular tribe)

ہوں۔ میں قلم کے علاوہ[1] لٹھ[2] سے بھی کام لینا جانتا ہوں۔''

تپش صاحب گھر بنانے کی فکر میں مصروف[3] تھے کہ اُس لڑکی کا معاشقہ[4] ایک نوجوان پہلوان[5] سے ہو گیا۔ اِسی دوران[6] لڑکی کے باپ کو ہیضہ[7] ہوا اور وہ دو دن کے بعد ہی ملکِ عدم[8] ہوا۔ تپش صاحب نے اُس کی تجہیز و تکفین[9] کا سامان[10] کیا۔ بڑے احترام[11] سے اُس کو دفن[12] کیا۔ چوتھے روز انھیں معلوم ہوا کہ لڑکی اُسی نوجوان پہلوان کے ساتھ بھاگ[13] گئی ہے۔

یہ انھیں عین[14] اُس وقت معلوم ہوا جب وہ کھیت واڑی اسٹریٹ سے نکلے تھے۔ تپش صاحب نے سائکل کرائے پر[15] لی اور اُس موٹر کا تعاقب[16] کیا جس میں پہلوان اُس لڑکی کو اغوا[17] کر کے لے جا رہا تھا۔

تپش صاحب نے اُن کو پکڑ لیا ہوتا۔ مگر اُن کی سائکل ایک وکٹوریہ گاڑی کی جھپٹ[18] میں آ گئی۔ آپ بہت بری طرح زخمی[19] ہوئے۔ دائیں کلائی[20] کی ہڈی ٹوٹ گئی۔

دوستوں نے انھیں ہسپتال میں داخل کرا دیا۔

چوٹ اتنی اثر انداز[21] ہوئی کہ وہ کئی دن بے ہوش[22] رہے۔ اُن کا بازو[23] پلاسٹک میں

---

1 *x ke alāvā* apart from x
2 *laṭh* m staff, stick
3 *masrūf* busy
4 *muāšeqā* m love affair
5 *pahelvān* m wrestler
6 *daurān* meantime
7 *haizā* m cholera
8 *mulk-e-adam honā* to die
9 *tajhīz-o-takfīn* f burial
10 *x kā sāmān karnā* to arrange x
11 *ahterām se* respectfully
12 *dafan karnā* to bury
13 *x ke sāth bhāgnā* to elope with x
14 *ain* exactly
15 *kirāye par lenā* to take on rent
16 *x kā tāqub karnā* to chase x
17 *ağvā karnā* to abduct
18 *x kī jhapaṭ meṅ ānā* to collide into x
19 *zaxmī honā* to become injured
20 *kalāī* f wrist
21 *asar andāz honā* to be affective
22 *be-hoš* unconscious
23 *bāzū* m arm

بندھا ہوا تھا۔ ہلنے جلنے[1] کی اجازت نہیں تھی۔

پر جب انھیں ذرا سا ہوش آیا تو انھوں نے یہ ٹھانی[2] کہ ہسپتال سے کسی نہ کسی طریقے سے باہر نکلنا چاہیے۔

جب دیکھا کہ ڈاکٹر کھانا کھانے گئے ہیں تو وارڈ سے نکل آئے اور سیدھے میرے پاس آئے اور کہا:

''مجھ سے فضول باتیں مت پوچھنا۔''

میں نے اُن سے کوئی فضول[3] بات نہ پوچھی۔ لیکن ایک دن انھوں نے مجھ سے پوچھا:

''میں اب کیا کروں؟''

اب اِس کا میرے پاس کیا جواب ہو سکتا تھا۔ میں نے صرف اتنا کہا:

''تپش صاحب، آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں۔ میں تو کم عقل ہوں۔''

تپش صاحب میرا یہ جواب سن کر چند لمحات[4] خاموش رہے۔ اُس کے بعد کہا:

''ٹھیک ہے ہر شخص اپنے معاملات اچھی طرح جانتا ہے۔''

دوسرے دن سے انھوں نے زنانہ لباس[5] پہننا شروع کر دیا۔ یہ وہی کپڑے تھے جو انھوں نے اُس لڑکی کے لیے بنوائے تھے۔

..........................

1 *hilnā julnā* to move
2 *ṭhānnā* to determine on
3 *fuzūl* useless
4 *lamhāt* m pl movements
5 *zanānā libās* m women clothing

مشق۔ فرض کیجیے آپ کو ایسے شخص سے محبت ہو گئی ہے جس کو شاعری کا شوق[1] نہیں ہے۔ آپ شاعری کے بغیر جی[2] نہیں سکتے۔ دس جملوں[3] میں شاعری کی خوبیاں[4] بتا کر اپنے معشوق کو شاعری کی طرف راغب[5] کیجیے۔

---

1 *x ka šauq honā* to have interest in x
2 *jīnā* int to live
3 *jumlā* m sentence, dialogue
4 *xūbī* f beauty, quality, virtue
5 *x kī taraf rāğib karnā* to make one attracted to x

## ۲۶۔ اچھی صحت بھی کیا بُری شے[1] ہے — اظہر مسعود

جب عمر کی پچاس بہاریں[2] دیکھ لینے کے بعد بھی میری صحت میں خزاں[3] کے آثار[4] نظر نہیں آئے تو بیگم کو سخت تشویش لاحق[5] ہوئی۔ اِس کا اندازہ[6] مجھے تب ہوا جب انھوں نے کچھ اِس قسم کے سوالات مجھ سے کرنا شروع کیے:

دن بھر کام کر کے آ رہے ہو، کتنے تھک[7] گئے ہو گے؟ ساری رات سونے کے باوجود[8] صبح کتنی سُستی[9] محسوس[10] ہوتی ہو گی؟ میں جانتی ہوں۔۔۔ ناشتے میں چار انڈے، پچاس گرام مکھن، آدھا لیٹر دودھ تم عادتاً[11] استعمال کرتے ہو، بھوک کیا لگتی ہو گی، ہے نا؟ بچوں کے ساتھ کرکٹ، بیڈمنٹن کھیل لیتے ہو۔۔۔ کبھی کبھی ریس[12] بھی ملا لیتے ہو اور جیتتے بھی تمھیں ہو، یہ سب بچوں کی خاطر[13]۔۔۔ تمہارے ہاتھ پیر ہی جانتے ہوں گے؟

اِن سارے سوالوں کا جواب نفی[14] میں پا کر بیگم متوحش[15] ہو جاتیں۔ حتیٰ کہ[16] اب صحت مندی[17] کے اِس احساس کو وہ میری ذہنی[18] لاچاری[19] سمجھنے لگی ہیں، ایک دن اُن سے نہیں رہا گیا[20]۔۔۔ میں دفتر[21] سے اُسی وقت آیا تھا۔۔۔ کپڑے تبدیل کرنے کو سوچا ہی تھا کہ غسل خانے[22] سے آواز آئی: یہ آپ ہیں؟

---

1 *šai* f thing
2 *bahār* f spring
3 *xizāṅ* f autumn fall
4 *x ke āsār* signs of x
5 *tašvīš lāhaq honā* int to have anxiety
6 *x kā andāzā honā* to have a guess about x
7 *thak jānā* int to become tired
8 *x ke bāvajūd* apart from x
9 *sustī* f laziness
10 *mahsūs honā* int to feel
11 *ādatan* out of habit
12 *res milānā* to race
13 *x kī xātir* for the sake of x
14 *x kā javāb nafī meṅ pānā* to get a negative answer for x
15 *mutavahhiš honā* to worry
16 *hattā ki* until that, ultimately
17 *sehat mandī* f health
18 *zehanī* mental
19 *lācārī* f helplessness
20 *x se nahīṅ rahā jānā* for x to be fed up, for x to lose patience
21 *daftar* m office
22 *ġuslxānā* m bathroom

میں نے جواب دیا: ہاں۔

بولیں: کپڑے نہ بدلیے گا، میں نکل رہی ہوں۔

میں نے کہا: میں بالکل ٹھیک ہوں۔ کپڑے تبدیل کرنے میں مجھے ذرا بھی زحمت[1] نہیں ہوگی!

وہ بولیں: ارے بھئی ڈاکٹر کانگڑی کے یہاں نہیں چلنا ہے؟

میں نے کہا: کیوں بابا۔۔۔کس کے پینچ ڈھیلے[2] ہو گئے ہیں؟

کمال[3] ہے، رات کی ہی بات بھول گئے؟

بالکل نہیں، اچھی طرح یاد ہے۔۔۔تم نے آدھی رات کو جگا کر مُنّی[4] کے یونی فارم پر مجھ سے استری[5] کرائی تھی۔

وہ بات نہیں۔

تو پھر چھٹکے[6] کو پیشاب[7] کرانے والی بات؟

وہ بھی نہیں۔۔۔ڈاکٹر کانگڑی والی بات۔

او، ہاں۔۔۔تم نے بتایا تھا کہ بہت مشہور ڈاکٹر ہیں۔۔۔دماغی امراض[8] کے علاج کی ڈگری لینے ٹمبکٹو[9] گئے تھے اور یہ بھی یاد آیا کہ میں نے کہا تھا کہ اپنا ملک چھوڑ کر یہ ڈگری لینے جو ٹمبکٹو جائے، سب سے پہلے اُس کو خود اپنا علاج کرنا چاہیے۔

---

1 *zahmat honā* int to have trouble
2 *peṅc ḍhīlā honā* int to become crazy
3 *kamāl hai* it is an expression to show amusement
4 *munnī* f small girl
5 *istrī* f electric-iron; *istrī karnā* to iron
6 *chuṭkā* small boy
7 *pešāb* m urine
8 *dimāğī amrāz* m pl mental diseases
9 *ṭimbukṭū* m a town in the West Africa

ہاں، ہاں وہی! وہ بولیں۔

اور میں نے یہ بھی کہا تھا کہ کسی کو اپنا دیوالہ [1] نکلوانا ہو تو ڈاکٹر کانگڑی کو دکھائے۔

اُنھیں کے یہاں چلنا ہے۔ میری بات کو سُنا اَن سُنا [2] کرتے ہوئے بولیں۔

مگر کیوں؟

تمھیں دکھانے؟

ہائیں، ہائیں [3] میں نے کہا، تمہاری طبیعت [4] تو ٹھیک ہے۔ مجھے کیا ہوا ہے؟

مجھے کیا ہوا ہے؟ مجھے کیا ہوا ہے؟ بیگم جھلّا [5] کر بولیں، میں تو عاجز [6] آ گئی اِس سوال سے۔۔۔ پچھلے سال میں نے کہا مکمل چیک اَپ کرا لو [7]، تو تم نے یہی سوال کر کے میری بات ٹال [8] دی۔۔۔ چھ مہینے پہلے پیشاب پاخانہ ٹِسٹ کرانے [9] کو کہا تو بھی سُنی اَن سُنی کر دی۔۔۔ تین مہینے سے کہہ رہی ہوں کہ ایک مہینہ کی چھٹی [10] لے کر مکمل آرام کر ڈالو اور تم ہو کہ مرغے کی وہی ایک ٹانگ [11]۔۔۔ مجھے کیا ہوا ہے۔ مجھے کیا ہوا ہے؟

غسل خانے کا دروازہ آنِ واحد [12] میں کیمرے کے شٹر کی طرح کھلا اور بیگم بالوں کو جھٹکتی [13]، پیروں کو پٹکتی [14] باہر نکل کر بولیں:

میں بتائے دیتی ہوں۔۔۔ اگر آج بھی تم نے وہی سوال کیا تو اچھا نہیں ہوگا۔

---

1 *dīvālā nikalnā* int to become bankrupt/ pennyless
2 *sunā ansunā karnā* to pretend not to hear
3 *hāiṅ hāiṅ* hey hey
4 *tabīyat to ṭheek hai!* are you ok!
5 *jhallānā* int to be agitated, frustrated
6 *x se ājiz ānā* to frustrate/fed up from x
7 *mukammal cekap karānā* to have complete check-up
8 *bāt ṭālnā* to avoid the matter
9 *pešāb paixānā ṭesṭ karānā* to have urine and stool test
10 *chuṭṭī lenā* to take a break
11 *murğe kī vahī ek ṭāṅg* proverb a leopard cannot change its spots
12 *ān-e-vāhid meṅ* in no time
13 *jhaṭaknā* to pull with a jerk, to shake
14 *paṭaknā* to knock down, to throw on the ground

ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، میں نے بیگم کے بالوں سے ہونے والی بے ہنگام[1] بارش سے خود کو بچاتے ہوئے کہا، آج میں وہ سوال نہیں کروں گا بلکہ نہایت سیدھے سادے انداز میں[2] بتاؤں گا کہ مجھے کچھ نہیں ہوا ہے۔

میرے اِس وار[3] سے دفع[4] کی کوئی فوری[5] ترکیب[6] بیگم کے ذہن[7] میں نہیں آئی تو اپنے غصّے پر مسکراہٹ کا لیپ[8] لگاتے ہوئے کہنے لگیں:

آخر تم سمجھتے کیوں نہیں۔۔۔تمہارے چیک اپ کرانے سے میرا کیا فائدہ ہوگا۔۔۔ کبھی یہ بھی سوچا تم نے؟

بہت سوچا، مگر آج تک میرے دل سے اِس سوال کا کوئی شافی[9] جواب نہیں ملا۔

وہ مل بھی نہیں سکتا، بیگم نے چائے کا پانی چولہے[10] پر چڑھاتے[11] ہوئے نرمی سے[12] کہا۔تم مرد لوگ عورتوں کو خودغرض[13] سمجھتے ہونا، اسی لیے ہماری ہر بات کو شک[14] کی نظر سے دیکھتے ہو۔

تمھیں بتاؤ، میں نے ٹائی کی ناٹ ڈھیلی[15] کرتے ہوئے کہا۔جب میں ہر طرح سے اپنے آپ کو فٹ محسوس کرتا ہوں تو ڈاکٹر کے یہاں جاکر خواہ مخواہ[16] وقت اور پیسہ کیوں برباد[17] کروں؟

خیر چھوڑو۔۔۔تمھیں یاد ہے کہ پرسوں آدھی رات تک تم نے مجھے لکچر دیا تھا کہ جو

---

1 *behangām* untimely
2 *sīdhe sāde andāz meṅ* simplly
3 *vār* m attack
4 *dafā* m preventing
5 *faurī* instant
6 *tarkīb samajh meṅ ānā* int to get an idea
7 *zahen* m mind
8 *x kā lep lagānā* to put a salve/coating of x
9 *šāfī javāb* m satisfying answer
10 *cūlhā* m a stove
11 *caṛhānā* to put on, to load
12 *narmī se* softly
13 *xudğaraẓ* selfish
14 *šak karnā* to doubt
15 *ḍhīlī karnā* to loose
16 *xāh maxāh* willingly or unwillingly, for no reason
17 *barbād karnā* to waste

دکھائی دیتا[1] ہے وہ دراصل[2] ہے نہیں، اور جو ہے وہ دکھائی نہیں دیتا؟ بیگم نے ٹائی دوبارہ درست[3] کرتے ہوئے کہا۔

ہاں، یاد ہے[4]، میں نے جوتے کی ڈوری[5] کھولتے ہوئے جواب دیا۔اور یہ بھی یاد ہے کہ تمہارے خراٹوں[6] کی بدولت[7] میری بات ادھوری[8] ہی رہ گئی تھی۔

میں نے آخری جملہ[9] طنزیہ[10] لہجے[11] میں ادا[12] کیا تھا مگر سابق[13] کی طرح اِس جملے کی بھی وہی درگت[14] ہوئی جو پہلے سے ایسے موقعوں پر ہوتی چلی آئی تھی۔ مجھے اِس بات کی حسرت[15] تھی کہ کبھی تو بیگم میرے طنز کی کڑواہٹ[16] کا احساس کریں۔

تمھیں اپنی صحت ٹھیک معلوم ہوتی ہے؟ بیگم نے جوتے کی ڈوری باندھتے ہوئے سوال کیا۔

ہاں۔۔۔ بالکل ٹھیک، میں نے جواب دیا۔

تو بس اپنے ہی قول[17] کے مطابق[18] فیصلہ کرلو، جو نظر آتا ہے وہ دراصل ہے نہیں اور جو ہے وہ نظر نہیں آرہا ہے۔ بیگم نے چائے سے زیادہ اپنی مسکراہٹ میں شکر گھولتے[19] ہوئے کہا۔

---

1 *dikhāī denā* int to be seen
2 *dar asal* in fact
3 *durust karnā* to fix, set, rectify
4 *(mujhe) yād hai* (I) remember
5 *ḍorī* f lace, string
6 *xarrāṭā* m snoring
7 *x kī badaulat* by means of x
8 *adhūrā* incomplete
9 *jumlā* m a sentence
10 *tanzīā* sarcastic
11 *lahjā* m tone
12 *adā karnā* to present, perform; to pay
13 *sābiq* m former
14 *durgat honā* int to be ruined
15 *x kī hasrat honā* to have longing for x
16 *kaṛvāhaṭ* f bitterness
17 *qaul* m statement
18 *x ke mutābiq* according to x
19 *gholnā* to dissolve

میں اپنے آپ کو قربانی[1] کے اُس بکرے کی طرح محسوس کر رہا تھا جس کے ہاتھ میں چھری دے کر کہا جائے کہ لے بیٹا، پھیر لے اپنی گردن پر[2]۔

بیگم، ڈاکٹر کانگڑی کی فیس کا بار[3] میری تنخواہ[4] مہینے کی ابتدائی[5] تاریخوں میں تو برداشت[6] نہیں کرسکتی، یہ آخری ہفتہ۔۔۔آخر۔۔۔کوئی حد[7] ہوتی ہے۔حماقت[8] نہیں تو اور کیا ہے۔۔۔اچھا پہلی آجانے دو۔۔۔دن ہی کتنے رہ گئے ہیں۔۔۔اور ڈاکٹر کانگڑی اُدھار[9] بھی تو نہیں کرتا۔۔۔اچھا تو۔۔۔خیر میں نہیں جاؤں گا۔ ناک کٹانا[10] ہے وہاں جا کر۔

اِس دفعہ[11] بیگم نے کچھ ایسا وار کیا تھا کہ کوئی صورت اُسے خالی دینے[12] کی بن[13] نہیں پڑ رہی تھی۔

لو یہ چائے پی لو۔۔۔بسکٹ بھی لو گے؟ مگر نہیں۔۔۔ڈاکٹر کے یہاں خالی پیٹ چلنا ہی مناسب[14] رہے گا۔ بیگم نے میرے بڑھے ہوئے ہاتھ کے نیچے سے بسکٹوں کی پلیٹ سرکاتے[15] ہوئے کہا، اور رہی بات فیس کی تو وہ میں ادا[16] کر دوں گی۔

.........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ نے امتحان کی تیاری نہیں کی ہے۔آپ بہانہ[17] بناتے ہوئے اپنے پروفیسر کو تفصیل[18] کے ساتھ بتائیے کہ چار دن سے آپ کا پیٹ خراب ہے۔

---

1 *qurbānī* f sacrifice
2 *gardan par churī phernā* to slit the throat
3 *x kā bār* burden of x
4 *tanxāh* f salary
5 *ibtidāī* beginning, primary
6 *bardāšt karnā* to tolerate
7 *had* f limit
8 *himāqat* f stupidity
9 *udhār karnā* to credit
10 *nāk kaṭnā* int to be insulted
11 *dafā* f time
12 *vār xālī denā* to dodge
13 *ban nahīṅ paṛnā* int to become helpless
14 *munāsib* suitable
15 *sarkānā* to move, shift
16 *adā karnā* to pay
17 *bahānā banānā* to make excuse
18 *tafsīl ke sāth* with detail

## ۲۷۔ باپ دادا کی ہڈّیاں[1] رضا علی عابدی

وقت گذرتا ہے تو قدموں کے نشان چھوڑ جاتا ہے۔

کتابیں بھی گذرے وقتوں کی نشانیاں ہیں۔ لیکن کہیں تو یہ نقشِ پا[2] چراغ بن کر جگمگا[3] رہے ہیں اور کہیں مٹ[4] گئے ہیں، بُجھ[5] گئے ہیں اور اب وہاں اندھیروں کا بسیرا[6] ہے۔

کتابوں کے اس سفر میں اب ہم جن راستوں پر چلیں گے وہ ہمیں خلیج[7] بنگال کے کناروں سے کیرالہ کے ساحلوں[8] تک اور مہاراشٹر کے میدانوں سے راجستھان کے ریگستانوں[9] تک لے جائیں گے۔ راہ میں ہیر رانجھا[10] اور مرزا صاحباں[11] کی بستیاں[12] بھی پڑیں گی۔

اور آج ہم دیکھیں گے کہ کہاں کہاں کیسی کیسی کتابیں، دستاویزیں[13]، ریکارڈ اور فرمان[14] دیکھے گئے اور جن میں سے زیادہ تر کے بارے میں اب شاید[15] خدا ہی جانتا ہوگا کہ وہ رہے یا خاک میں مل[16] گئے۔

میں حیدرآباد دکن میں تھا، اردو ریسرچ سینٹر کے محمد عبدالصمد خاں نے مجھے ایک صاحب کے بارے میں بتایا، کہنے لگے:

---

1 *haḍḍī* f bone
2 *naqš-e-pā* m poot print
3 *cirāğ ban kar jagmagānā* int to shine after becoming a star
4 *miṭnā* int to lost
5 *bujhnā* to be extinguished
6 *baserā* m place of staying
7 *xalīj bangāl* m bay of Bengal
8 *sāhil* m sea-shore
9 *registān* m desert
10 *hīr rānjhā* m one of the four popular tragic romances of Panjab
11 *mirzā sahebāṅ* m one of the four popular tragic romances of Panjab
12 *bastī* f settlement
13 *dastāvez* m manuscript
14 *farmān* m a royal letter
15 *šāyad* perhaps
16 *xāk meṅ milnā* int to be ruined, to become dust

وہ قاضی[1] صاحب کہلاتے ہیں اور خاندانی قاضی ہیں۔ اورنگ آباد سے تقریباً[2] دو ڈھائی سومیل دور ایک گاؤں ہے جہاں اُن کے باپ دادا وغیرہ قاضی تھے۔ خود بہت معمولی مدرّس[3] ہیں۔ شاید ڈیڑھ سو روپے تنخواہ[4] ملتی ہوگی۔ بے چارے[5] بہت ہی برے حالوں میں تھے۔ انھوں نے مجھ سے کہا کہ ہمارے پاس ایک خاندانی[6] کتب خانہ ہے، اُس کو آپ لے جائیے۔ اِس پر میں نے پوچھا کہ آپ کا اندازہ کیا ہے؟ اُس میں کتنی کتابیں ہیں؟ انھوں نے کہا کہ تین چار سو کے درمیان[7] ہاتھ سے لکھی ہوئی ہیں۔ کوئی بھی مخطوطہ[8] چار سو برس سے کم کا نہیں ہے اور اِسی طرح چھپی ہوئی کتابیں بھی بہت اہم[9] ہیں۔ میں نے اُن سے قیمت پوچھی تو انھوں نے کہا کہ یہ میں آپ کو تحفتاً[10] دینا چاہتا ہوں کیونکہ اِن کو میں سنبھال[11] نہیں سکتا۔ میں نے اُن سے کہا میں آپ کو ساڑھے تین ہزار روپے نذرانہ[12] پیش کرنا چاہوں گا۔ بہت خوش ہوئے کیونکہ ساڑھے تین ہزار اُن کے لیے بہت بڑی رقم تھی۔ مگر معلوم یہ ہوا کہ مجھے اورنگ آباد سے ایک بس کے ذریعے تقریباً ڈیڑھ سو میل جانا ہے۔ وہاں سے کشتی[13] میں گوداوری[14] پار کرنا ہے۔ پھر بس پکڑ کر ساٹھ میل جانا ہے۔ پھر تقریباً پینتیس میل پیدل چلنا ہے۔ تو اب اندازہ لگائیے کہ اُس کتب خانے کو وہاں سے منتقل[15] کرنا کتنا مشکل تھا لہٰذا[16] میں نے اُسے چھوڑ[17] دیا۔

پاکستان کے ممتاز[18] دانشور[19] اور افسانہ نگار جناب قدرت اللہ شہاب کو ایک مرتبہ خلیج

---

1 *qāzī* m judge
2 *taqrīban* about
3 *mudarris* m teacher
4 *tanxāh* m salary
5 *becārā* poor, miserable
6 *xāndānī* ancestral
7 *darmiān* approximately
8 *maxtūtā* m manuscript
9 *aham* very, important
10 *tohfatan* as a gift
11 *x ko sambhālnā* to take care of x
12 *nazarānā peš karnā* to present a gift
13 *kištī* m a boat
14 *godāvarī* a river in South India
15 *muntaqil karnā* to transfer
16 *lihāzā* for this reason
17 *choṛnā* to leave
18 *mumtāz* eminent
19 *dānišvar* knowledgeable, intellectual

بنگال کے ساحل پر اڑیسہ کے ایک گاؤں میں جانے کا اتفاق[1] ہوا جہاں وہ قدیم کتابیں دیکھ کر حیران[2] رہ گئے۔ شہاب صاحب نے بتایا:

میں ایک بہت ہی دور دراز[3] علاقے میں گیا جہاں ایک گاؤں تھا اور اُس گاؤں میں قدیم کتابیں تھیں۔ میں سن چوالیس میں گیا تھا اور مجھ سے پہلے علاقے[4] کا سرکاری افسر ۱۹۰۱ء میں وہاں گیا تھا۔ وہاں پر عجیب وغریب[5] پرانی کتابیں اور مخطوطات نظر آئے۔ کچھ ہندی میں تھے۔ چونکہ مجھے ہندی بھی آتی تھی تو مجھے محسوس ہوا کہ یہ بہت نایاب[6] کتابیں ہیں۔ کچھ اردو کی اور کچھ عربی کی کتابیں بھی تھیں۔ وہ گاؤں سمندر کے کنارے تھا اور پرانے زمانے میں عرب ملاح[7] اور تاجر[8] وہاں آتے جاتے رہتے تھے۔ ممکن ہے کہ یہ کتابیں وہی چھوڑ گئے ہوں۔

حیدرآباد دکن کے کتابوں کے ایک تاجر علیم الدین صاحب اب ضعیف[9] ہو گئے ہیں اور بہت زمانے دیکھ چکے ہیں۔ کتابوں کی تلاش[10] میں مارے مارے پھرتے[11] ہیں۔ مجھے بتا رہے تھے کہ شہنشاہ اکبر کے فرمانوں کی خبر پا کر وہ راجستھان کے ریگستانوں میں جا پہنچے، کہنے لگے:

میں جے پور گیا ہوا تھا۔ جب کبھی جے پور جاتا ہوں، یادگار سرائے[12] میں ٹھہرتا ہوں۔ ایک روز میں قلعہ دیکھنے کے لیے نکلا جو شہر سے دور ہے۔ قلعے کی سیر کے بعد میں پہاڑی سے نیچے اترا، وہیں قریب ہی ایک مسجد ہے۔ اُس مسجد میں اکبر کے زمانے کا ایک کتبہ[13] لگا ہوا ہے۔ میں اُس عبارت[14] کی نقل[15] کر رہا تھا کہ مسجد کے سامنے سے

---

1 *ittifāq* m chance
2 *hairān rah jānā* int to become amused/stunned
3 *dūr darāz* far-flung
4 *ilāqā* m area
5 *ajīb-o-ğarīb* amazing, strange
6 *nāyāb* unique, rare
7 *mallāh* m sailor
8 *tājir* m trader
9 *zaīf* old (only for humans)
10 *x kī talāš meṅ* in search of x
11 *māre māre phirnā* int to wander
12 *sarāi* m guest house
13 *katbā* m inscription
14 *ībārat* m a passage
15 *naqal karnā* to copy, trace

گذرتا ہوا ایک شخص مجھے دیکھ کر رُکا۔ اُس نے مجھ سے پوچھا کہ یہ آپ کیا لکھ رہے ہیں؟ تو میں نے کہا کہ بھائی میں یہ پرانی عبارت نقل کر رہا ہوں۔ اُس نے کہا کیوں نقل کر رہے ہیں؟ تو میں بولا، میں ایسی ہی چیزوں کا بیوپاری[1] ہوں۔ شہر شہر گھوم کر پرانی چیزیں خریدتا ہوں۔ کتابیں خریدتا ہوں۔ فرمان خریدتا ہوں۔ یہ سب اُسے بتایا تو اُس نے کہا کہ یہاں سے پچیس تیس میل کے فاصلے[2] پر ایک گاؤں ہے، وہاں شہنشاہ[3] اکبر کے زمانے کے کاغذات ہیں۔ اکبر نے مان سنگھ کو جو سند[4] دی تھیں وہ بھی ہیں۔ اگر آپ چلیں تو مل سکتے ہیں۔ میں تیار ہو گیا اور پوچھا کہ کس طرح چلیں گے؟ وہ بولا اگر اونٹ پر چلیں تو آسانی سے[5] اور جلدی پہنچ جائیں گے۔

..........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کی یونیورسٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ کتب خانے[6] کی سب کتابوں کو ڈجیٹلائز کر کے کتب خانے کی عمارت کو چھ منزلہ موٹر خانہ[7] بنا دیا جائے کیونکہ یونیورسٹی میں کاریں بہت ہو گئی ہیں۔ آپ کا کیا خیال ہے؟

---

1 *biyopārī* trader
2 *fāsilā* m distance
3 *šahanšah* m emperor
4 *sanad* m royal ordinance, degree
5 *āsānī se* easily
6 *kutubxānā* m library
7 *moṭarxānā* m garage

## ۲۸۔ لکھنؤ کی پانچ راتیں — علی سردار جعفری

لکھنؤ کی فضا[1] میں ایک نئی آزادی کا احساس تھا۔ ۱۹۳۷ میں کانگریس کی پہلی وزارت[2] بنی تھی۔ کھدّر[3] کے کپڑوں کی وقعت[4] بڑھ گئی تھی۔ ہم لوگوں نے اپنے سروں کی گاندھی ٹوپی[5] کو اور زیادہ ترچھا[6] کر لیا تھا۔

جب میں ۱۹۳۸ میں دہلی سے لکھنؤ آیا تو مجاز وہاں پہلے سے موجود[7] تھے، اُن کے والد نے ملازمت[8] سے سبکدوش[9] ہونے کے بعد لکھنؤ میں گھر بنایا تھا۔ مجاز کے چھوٹے بھائی انصار ہاروِنی جو اب پارلیمنٹ کے ممبر ہیں، نیشنل ہیرلڈ میں کام کرتے تھے۔ وہاں کئی اور بھی احباب[10] تھے۔ انور جمال قدوائی، سبط حسن، فرحت اللہ انصاری، علی جواد زیدی وغیرہ۔ حیات اللہ انصاری ہفتہ وار[11] ہندوستان کے ایڈیٹر تھے۔ یش پال ہندی اور اردو میں الگ الگ اپنا رسالہ[12] وپلو شائع[13] کرتے تھے۔

روز بروز[14] ترقی پسندوں[15] کا حلقہ[16] وسیع[17] ہوتا جاتا تھا۔ ڈاکٹر علیم اور احمد علی لکھنؤ یونیورسٹی میں پڑھاتے تھے۔ ڈاکٹر رشید جہاں جنھیں ہم سب پیار سے رشید آپا کہتے تھے، ڈاکٹری کرتی تھیں، افسانے لکھتی تھیں اور تمام نوعمر[18] ادیبوں[19] کے ساتھ شفقت[20]

---

1 *fizā* f atmosphere
2 *vazārat* f ministry
3 *khaddar* m hand spun cotton cloth
4 *vaqat* f respect
5 *ṭopī* f hat, cap
6 *tirchā karnā* to make crooked
7 *maujūd honā* int to be present, to available
8 *mulāzimat* f job
9 *subukdoš honā* int to get retired
10 *ahbāb* m friends
11 *haftā vār* weekly
12 *risālā* m magazine
13 *šāyā karnā* to publish
14 *roz baroz* day by day
15 *taraqqī pasand* progressive
16 *x kā halqā* circle of x
17 *vasī honā* int to get broad, wide
18 *nau umr* young
19 *adīb* m literary person, a writer
20 *šafqat se peš ānā* int to meet kindly

سے پیش آتی تھیں۔ کبھی کبھی الہ آباد سے سجاد ظہیر، ڈاکٹر اشرف اور ڈاکٹر احمد آ جاتے تھے۔ جو پنڈت نہرو کی سرپرستی[1] میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے آفس میں کام کر رہے تھے۔ کانپور میں دو ایک انگریز ترقی پسند پروفیسر تھے۔ وہ بھی لکھنؤ کے چکر لگاتے[2] رہتے تھے۔ اُسی سال ڈاکٹر ملک راج آنند ترقی پسند مصنفین[3] کی دوسری کانفرنس میں شریک[4] ہونے کے لیے (جس کا افتتاح[5] ٹیگور نے کیا) انگلستان سے آئے تھے، ان کی زبان پر اسپین کا ذکر[6] تھا۔ جس کے انقلابی[7] کارنامے[8] پہلے ہی ہم تک پہنچ چکے تھے۔ ایک سال بعد ۱۹۳۹ میں جذبی بھی لکھنؤ آئے اور جوش ملیح آبادی بھی۔ اُن کا رسالہ[9] کلیم اب نیا ادب میں ضم[10] ہو گیا تھا، اور وہ ایک طرح سے ہمارے ادبی سرپرست[11] بن گئے۔ اُسی زمانے میں سکندر علی وجد بھی لکھنؤ آ گئے۔ وہ نظام سرکار[12] کا سول سروس کا امتحان دے کر ٹریننگ لینے لکھنؤ آئے تھے۔ اس لیے آوارہ گردوں[13] اور چاک گریبانوں[14] میں شامل نہ ہوئے۔ ویسے جذباتی[15] طور سے وہ بھی ہمارے قریب تھے۔

نوعمر ترقی پسندوں کی ٹولی[16] عجیب و غریب زندگی بسر[17] کر رہی تھی۔ کچھ تو ابھی تک کالج اور یونیورسٹی میں پڑھ رہے تھے لیکن سارے ہندوستان میں مشہور[18] ہو چکے تھے، کچھ ابھی ابھی تعلیم سے فارغ[19] ہوئے تھے۔ ہمارے چار مشغلے[20] تھے: تعلیم، ادب[21]،

---

1 *x kī sarparastī meṅ* under x's patronage
2 *cakkar lagānā* to take round, visit
3 *musannifīn* m pl writers, authors
4 *sharīk honā* to join
5 *iftetāh karnā* to inaugurate
6 *x kā zikr* mention of x
7 *inqilābī* revolutionary
8 *kārnāmā* m achievement
9 *risālā* m literary journal
10 *x meṅ zam honā* int to be merged in x
11 *sarparast bannā* int to become patron
12 *nizām sarkār* f government of Deccan
13 *āvārāgard* vagabond
14 *cāk girebān* m carefree, wanderer
15 *jazbātī* passionate
16 *ṭolī* f group
17 *zindagī basar karnā* to spend life
18 *mašhūr honā* int to be famous
19 *x se fāriğ honā* int to get free from x
20 *mašğalā* m pastime
21 *adab* m literature

سیاست اور آوارہ گردی۔ اِس اعتبار[1] سے ہم مختلف اوقات[2] میں مختلف مقامات[3] پر پائے جاتے تھے۔

ایک سرے پر[4] فرنگی محل تھا، جس کے روشن خیال[5] اور خوش اخلاق[6] علماء[7] کے ساتھ نہایت ادب سے انتہائی بے باک[8] بحثیں[9] کی جاتی تھیں، اور دوسرے سرے پر ریڈیو کی مشہور گانے والی گوہر سلطان کا وہ گھر تھا جسے ہم خرابات[10] کہتے تھے۔ اُن دونوں سروں کے درمیان نیشنل ہیرالڈ، پانیر، ہندوستان، وپلو اور نیا ادب کے دفاتر[11]، یونیورسٹی کے وائس چانسلر شیخ حبیب اللہ صاحب کا گھر، پروفیسر ڈی پی مکر جی کا کتب خانہ، وائی ڈبلیوسی اے کا خوبصورت ہال، جہاں مایا سرکار شمعِ محفل[12] ہوا کرتی تھیں۔ یونیورسٹی کی لڑکیوں کا کیلاش ہاسٹل جہاں ہر سال ہولی کھیلنے پر جرمانہ[13] ہوتا تھا اور نہ جانے کتنے کافی ہاؤس اور ریسٹوران اور میخانے[14] تھے۔ اور یہ ساری گزر گاہیں[15] کوچۂ[16] یار سے ہوتی ہوئی زندانوں[17] کی طرف جا رہی تھیں۔ جن کی دیواروں کے پیچھے آزادی کی خوبصورت صبح کا اجالا[18] دھندلا[19] دھندلا نظر آ رہا تھا اور اُس کی دلفریبی[20] ہماری نگاہوں[21] کو دعوتِ نظارہ[22] دے رہی تھی۔

ہمارا سارا گروہ[23] جو ویسے تو ہم خیال[24] تھا، مہاتما گاندھی، جواہر لال نہرو اور سبھاش

---

1 *x ke etbār se* reference to x
2 *auqāt* m f times
3 *maqāmāt* m pl places
4 *ek sire par* on one side, on one hand
5 *raušan xayāl* enlightened
6 *xuš axlāq* well mannered, kind
7 *ulamā* m pl scholars of islamic teachings
8 *bebāk* bold, frank
9 *bahas* f argument, discussion, debate
10 *xarābāt* m improper places, brothel
11 *dafātir* m pl offices
12 *šama-e-mahfil* center of attraction
13 *jurmānā* m fine
14 *maixānā* m bar
15 *guzargāh* f road
16 *kūcā-e-yār* m a particular lane where one's beloved lives
17 *zindān* m prison
18 *ujālā* m light, brightness
19 *dhundhlā* vague, shadowy
20 *dilfarebī* f charm
21 *nigāh* f eye sight
22 *dāvat-e-nazārā denā* to invite to admire
23 *giroh* m group
24 *hamxayāl giroh* m group of people who think alike

بوس کے درمیان بٹا[1] ہوا تھا، لیکن سوشلزم سے کسی کو انکار[2] نہیں تھا۔

ہماری بغاوت[3] کا انداز رومانی[4] اور انفرادی[5] تھا، جس کا سب سے حسین پیکر[6] مجاز کی دل آویز شخصیت[7] تھی۔ یہ پوری شخصیت اُس کی نظم آوارہ اور اندھیری رات کے مسافر میں موجود ہے اور اُس کے بکھرے[8] ہوئے جلوے[9] اُن راتوں میں نظر آتے ہیں جن میں سے پانچ راتوں کا انتخاب[10] یہاں پیش[11] کیا جا رہا ہے۔

بیشتر[12] ترقی پسند ادیب اِس رومانی مزاج[13] دور سے گزر رہے تھے۔ ہمارا گروپ ایک طرف تو اُس بیرونی[14] حکومت کے خلاف[15] تھا جس نے ڈیڑھ دو سو برس سے ہمارے ملک اور قوم کو غلام بنا رکھا[16] تھا، اور دوسری طرف اُس خاندانی شرافت[17] اور رسم و رواج[18] کے خلاف جو ہماری بے باک فطرتوں[19] کو انگڑائی[20] نہیں لینے دیتا تھا، چونکہ ہمارا تعلق کسی منظم[21] سیاسی جماعت سے نہیں تھا اور ترقی پسندی تنظیم کم اور تحریک[22] زیادہ تھی۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کو اپنی زندگی کی سب سے دلچسپ[23] رات کے بارے میں ایک

---

1 *x ke darmiān banṭā honā* int to be divided in between x
2 *inkār honā* int to deny
3 *baġāvat* f revolt
4 *rūmānī* romantic
5 *inferādī* unique, individualistic
6 *hasīn paikar* m beautiful girl
7 *dilāvez šaxsīyat* f charming personality
8 *bikharnā* int to be spread
9 *jalvā* m splendor
10 *intexāb* m selection
11 *peš karnā* to present
12 *beštar* most
13 *rūmānī mizāj* m romantic
14 *bairūnī* external
15 *x ke xilāf* against x
16 *x ko ġulām banā kar rakhnā* to keep x as slave
17 *xāndānī šarāfat* f ancestral nobility, decency
18 *rasm-o-rivāj* m custom and usage, practice
19 *fitrat* f nature, temperament
20 *angṛāī lenā* to stretch the body (arms & legs)
21 *munazzam* organized
22 *tahrīk* f movement
23 *dilcasp* interesting

صفحہ[1] لکھنا ہے۔آپ پوری آزادی کے ساتھ اپنے تجربے کے بارے میں لکھ سکتے ہیں۔

1 *safhā* m page

# ۲۹۔ یادوں کی برات          جوش ملیح آبادی

لگے ہاتھوں[1] ایک واقعہ اور بھی سن لیجیے۔ ہم لوگ احمد آباد، بمبئی کے کسی مشاعرے میں شرکت[2] کے واسطے[3] گئے اور ایک بالا خانے[4] کے بڑے وسیع[5] و تابناک[6] ہال میں فرش پر بیٹھے شغل[7] کر رہے تھے کہ ایک اجنبی نوجوان[8] نے آ کر کہا کہ میں حضرت فراق گورکھ پوری سے ملنے آیا ہوں۔ وصل نے کہا یہ ہیں فراق صاحب۔ اُس نوجوان نے لپک[9] کر ان کے ہاتھ چوم لیے، اور دو زانو[10] ہو کر، بڑے ادب[11] سے بیٹھ گیا۔ فراق نے کہا، آپ کا نام؟ اس نے اپنا نام بتانے کے بعد دونوں ہاتھ جوڑ[12] کر کہا، میں آپ کو کل کا ایک واقعہ سنانے آیا ہوں، اجازت[13] ہو تو عرض[14] کروں۔ فراق نے کہا، ضرور کہیے۔ آپ تو بڑے نستعلیق[15] نوجوان معلوم ہوتے ہیں۔

اُس نوجوان نے کہا پرسوں میں بازار سے گذر رہا تھا، دیکھا کہ برات[16] کا ایک بہت بڑا جلوس[17]، چوراہے[18] پر رکا ہوا، دم بخود[19] کھڑا ہوا ہے۔ میں نے پوچھا یہ ماجرا[20] کیا ہے؟ ایک صاحب نے بتایا کہ دولہا جس ہاتھی پر سوار[21] ہے وہ ہاتھی زمین پکڑ کر

---

1 *lage hāthoṅ* by the way
2 *x meṅ širkat karnā* to attend x
3 *x ke vāste* for x
4 *bālāxānā* m upper portion
5 *vasī* large
6 *tābnāk* impressive
7 *šağal karnā* to drink alcohol
8 *ajnabī naujavān* m unknown young man
9 *lapaknā* to catch, grab
10 *dozānū baiṭhnā* to sit on the hams
11 *adab* m discipline, respect
12 *hāth joṛnā* to clasp the hands (showing respect)
13 *ijāzat* f permission
14 *arz karnā* to say respectfully
15 *nastālīq* disciplined, well-behaved, fine
16 *barāt* f wedding procession
17 *julūs* m procession
18 *caurāhā* m where four streets meet, square
19 *dambaxud honā* int to become stunned
20 *mājrā* m matter
21 *x par savār honā* to ride on x

کھڑا[1] ہو گیا ہے۔ لاکھ لاکھ[2] آنکس[3] مارے جا رہے ہیں، مگر وہ اپنی جگہ سے حرکت[4] نہیں کر رہا ہے۔ اور چونکہ دولہا کی سواری[5] کا راستے میں رک جانا فالِ بد[6] خیال[7] کیا جاتا ہے، اس لیے دولہا کے باپ کے حواس[8] اڑے ہوئے ہیں۔ ابھی وہ آدمی مجھ سے یہ کہہ ہی رہا تھا کہ میں نے دیکھا ایک پندرہ سولہ برس کا لڑکا دوڑتا ہوا آیا اور اُس نے دولہا کے باپ سے کہا کہ میں ہاتھی کو اگر ابھی ابھی چلا دوں تو کیا آپ مجھے پچاس روپے دے دیں گے؟ دولہا کے باپ نے کہا، ارے پچاس نہیں سو روپے دوں گا۔ یہ سن کر اُس لڑکے نے اُچک[9] کر ہاتھی کے کان میں ایک بات ایسی کہی کہ وہ بے ساختہ[10] دُم دبا کر بھاگنے[11] لگا۔

فراق نے پوچھا، اُس لڑکے نے کیا کہا تھا۔ اُس نوجوان نے بڑی متانت[12] سے کہا کہ اُس لڑکے نے اُس کے کان میں یہ کہا تھا کہ ابے سالے[13] تیرے پیچھے فراق آ کر کھڑے ہو گئے ہیں۔ یہ سنتے ہی ہم سب کے قہقہوں[14] سے ہال کی محراب[15] گونجنے[16] لگی، اور وہ نوجوان فوراً بھاگ گیا اور فراق کی آنکھوں کے دونوں ڈھیلے[17] پہیوں کے مانند[18] گھومنے لگے۔

نہایت[19] افسوس کے ساتھ میں یہ کہوں گا کہ ہندوستان نے ابھی تک فراق کی عظمت[20]

---

1 *zamīn pakaṛ kar khaṛā honā* to stand at one spot
2 *lākh lākh* severely
3 *aṅkas mārnā* to hit elephants with iron hook
4 *harkat karnā* to move
5 *savārī* f anything on which one rides (eg horse, camel, bike, car)
6 *fāl-e-bad* m a bad omen
7 *xayāl kīā jānā* int to be assumed
8 *x ke havās uṛnā* for x to lose his/her senses
9 *ucaknā* to jump
10 *besāxtā* spontaneously
11 *dum dabā kar bhāgnā* to run with fear
12 *matānat* f firmness
13 *abe sāle* you stupid
14 *qahqahā* m loud laugh, laughter
15 *mehrāb* f arch
16 *gūṅjnā* to echo
17 *āṅkh ka ḍhelā* m eye-ball
18 *x ke mānind* like x
19 *nihāyat afsos ke sāth* with lot of sadness
20 *azmat* f greatness

کو پہچانا[1] نہیں ہے۔ سرکارِ ہند[2] کو چاہیے کہ وہ اُس کو سر آنکھوں پر جگہ[3] دے اور اُن کو مطمئن[4] کر کے اپنے دامن[5] کو مزید[6] پھولوں سے بھر لے۔ اور نمک حرامی[7] کے داغ[8] سے اپنی پیشانی[9] کو بچا لے۔

جو شخص یہ تسلیم[10] نہیں کرتا کہ فراق کی عظیم شخصیت ہندوستان کے ماتھے کا ٹیکا[11]، اردو زبان کی آبرو[12]، اور شاعری کی مانگ کا صندل[13] ہے، وہ خدا کی قسم کورِ مادرزاد[14] ہے۔

زندہ باد فراق ـــــــــــــــــــ پائندہ باد[15] فراق

......................

مشق۔ فرض کیجیے آپ ایک پروگرام کی نظامت[16] کر رہے ہیں۔ سامعین[17] کی دل جوئی[18] کے لیے آپ پانچ لطیفے[19] سنائیے۔

---

1 *pahcānnā* to recognize
2 *sarkār-e-hind* f Indian government
3 *x ko sar āṅkhoṅ par jagah denā* to pay respect to x
4 *mutmaīn karnā* to satisfy
5 *dāman* m skirt
6 *mazīd* m increase, more
7 *namak harāmī* f disloyalty
8 *dāğ* m stain
9 *pešānī* f the forehead
10 *taslīm karnā* to accept
11 *māthe kā ṭīkā* m small round mark made on the forehead
12 *ābrū* f honor, dignity
13 *šāerī kī māṅg kā sandal* beauty of poetry
14 *kor-e-mādarzād* blind by birth, absolutely blind
15 *pāindābād* long live
16 *nizāmat karnā* to host
17 *sāmaīn* m pl listeners, audience
18 *x kī diljoī karnā* to please x
19 *latīfā sunānā* to tell a joke

# ۳۰۔خواجہ احمد فاروقی　　اسلم پرویز

پروفیسر خواجہ احمد فاروقی آج ہمارے درمیان نہیں ہیں، وہ ۳۱ دسمبر ۱۹۹۵ء کی شام ایک طویل[1] اور تکلیف[2] دہ علالت[3] کے بعد ہم سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے[4] بچھڑ[5] گئے۔ پروفیسر فاروقی ۳۰/اکتوبر ۱۹۱۷ء کو بچھراؤں ضلع مرادآباد (یوپی) میں پیدا ہوئے۔ ان کی ۷۸ سالہ زندگی پر نظر ڈالیں[6] تو یکایک[7] میر تقی میر کا یہ شعر یاد[8] آجاتا ہے:

بارے[9] دنیا میں رہو غم زدہ[10] یا شاد[11] رہو
ایسا کچھ کر کے چلو یاں کہ بہت یاد رہو

خواجہ صاحب کا تعلق[12] اگرچہ[13] اتر پردیش کے ایک مذہبی گھرانے سے تھا لیکن اِس کے ساتھ ہی وہ یہ مانتے تھے کہ اگر انسان دنیا میں آیا ہے تو اُسے ہر حال میں دنیا کے ساتھ تعلقات استوار[14] کر کے جینا[15] ہے اور زندگی کے ہر اُتار چڑھاؤ[16] کو جھیلتے[17] ہوئے اُسے کوئی ایسا کام کر کے جانا چاہیے کہ بعد میں لوگ اُسے بہت دن یاد رکھیں[18]۔

پروفیسر فاروقی اردو کے ایک استاد، ادیب[19] اور نقاد[20] ہونے کے ساتھ اردو تحریک[21]

---

1 *tavīl* long
2 *taklīfdeh* painful
3 *alālat* f ailment
4 *hamešā hamešā ke līye* forever
5 *bicharnā* int to depart
6 *x par nazar ḍālnā* to think about x
7 *yakāyak* suddenly
8 *yād ānā* int to come in to mind, be recollected
9 *bāre* either
10 *ğamzadā* adj & m sad
11 *šād* happy
12 *x kā tālluq* connection/relationship of x
13 *agarce* although
14 *ustuvār karnā* to make smooth
15 *jīnā* int to live
16 *utār caṛhāo* m ups and downs
17 *x ko jhelnā* to tolerate x
18 *yād rakhnā* to remember
19 *adīb* m a literary person
20 *naqqād* m critic
21 *tahrīk calānā* to start amovement

کے ایک سرگرم[1] رضا کار[2] بھی تھے۔ لیکن اردو کے لیے جو تحریک انھوں نے چلائی وہ کچھ انوکھی[3] طرح کی تھی۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ اپنی اس تحریک میں وہ اکیلے ہی تھے اور دوسری اور اہم[4] بات یہ ہے کہ یہ تحریک انھوں نے سڑکوں، بازاروں یا اخباروں اور رسالوں میں نہیں چلائی۔ انھوں نے اپنی اِس تحریک کے لیے اکادمک دنیا کا میدان چنا[5]۔ اِسی کے نتیجے میں انھوں نے اردو کا پیغام[6] ہندوستان ہی نہیں بلکہ سات سمندر پار[7] کے ملکوں تک پہنچایا۔ آج دنیا بھر کی بے شمار[8] یونی ورسٹیوں میں اردو کے جو سفارت خانے[9] اردو کے شعبوں[10] کی شکل میں موجود ہیں، اُس کا سہرا[11] کسی حد تک پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کے سر بھی ہے۔

پروفیسر فاروقی نے اپنی اکادمک زندگی کا آغاز[12] دلّی کالج میں اردو کے استاد کی حیثیت سے کیا۔ اُن دنوں دلّی یونی ورسٹی میں اردو، فارسی اور عربی کا ایک ہی ملا جلا[13] شعبہ تھا۔ فاروقی صاحب کی کوششوں سے یونی ورسٹی میں اردو، فارسی اور عربی کے علاحدہ[14] علاحدہ شعبے قائم[15] ہوے۔ اسی کے ساتھ خواجہ صاحب نے دلّی یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو کے پہلے صدر[16] کی حیثیت سے[17] اپنا عہدہ[18] سنبھالا۔ ان کے اِس عہدے سے فارغ[19] ہونے کے بعد اگرچہ کئی پروفیسر شعبے کے صدر کا عہدہ سنبھال چکے ہیں لیکن یہ سب لوگ زیادہ تر انھیں کاموں کو پورا کرنے میں مصروف[20] رہے جنھیں

---

1 *sargaram* active
2 *razākār* volunteer
3 *anokhā* unique
4 *aham* important
5 *x kā maidān cunnā* to choose the field of x
6 *paiğām* m message
7 *sāt samandar pār* across the seven seas, i.e. foreign
8 *bešumār* unlimited
9 *sifāratxānā* m embassy
10 *šobā* m department
11 *x ke sar sehrā honā* credit goes to x
12 *x kā āğāz* beginning of x
13 *milā julā* combined, mixed
14 *alāhidā* separate
15 *qāim honā* int to be established
16 *sadr* m head
17 *x kī haisīat se* as a x
18 *x kā ohdā sambhālnā* to take charge of the x designation
19 *fāriğ honā* int to retire
20 *masrūf rahnā* int to stay busy

فاروقی صاحب شروع کر گئے تھے۔ پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کے بعد دلّی یونی ورسٹی کے شعبہ اردو کو صحیح معنوں میں ابھی تک کوئی دوسرا ایسا صدر نہیں مل پایا ہے جو شعبے کی تاریخ میں کسی نئے باب[1] کا اضافہ[2] کر سکتا۔

پروفیسر فاروقی کے شعبے میں آتے ہی جیسے اسے چار چاند لگ[3] گئے۔ ملک کی تقسیم[4] کے بعد مختلف سطحوں[5] پر ہندی-اردو اختلاف[6] کی جو صورت پیدا[7] ہو گئی تھی، یونی ورسٹی کی سطح پر خواجہ صاحب نے اس اِختلاف کو اپنی خود اعتمادی[8] کے بل پر[9] پوری طاقت کے ساتھ شکست[10] دی۔ جس کے نتیجے میں دلّی یونی ورسٹی میں اردو اور ہندی کے شعبوں کے درمیان ملن کا منظر دیکھنے کو ملا[11]۔ پروفیسر نگیندر کے ساتھ جب ان کی دوستی پروان[12] چڑھی تو نگیندر جی کے تجربے سے انھوں نے پورا فائدہ اٹھایا[13]۔ یہی نہیں، انھوں نے آرٹس فیکلٹی کے ایسے دوسرے شعبوں پر بھی نظر رکھی جہاں رسمی[14] تعلیم کے علاوہ اکادمک سطح کے دوسرے کام بھی ہو رہے تھے۔ اِس طرح آہستہ آہستہ فاروقی صاحب نے شعبے کے کام کا دائرہ[15] اتنا وسیع[16] کر لیا کہ دلّی یونی ورسٹی کا شعبۂ اردو اپنی طرح کا ایک ہی نظر آنے لگا۔ خواجہ صاحب اُن لوگوں میں سے تھے جو زبان اور ادب کو سماجی اور تاریخی سچائیوں کے آئینے میں دیکھتے[17] ہیں۔ اسی لیے اُن کے یہاں نہ تو کسی طرح کی عصبیت[18] تھی اور نہ کسی قسم کا دقیانوسی پن[19]۔ وہ اپنے عہد[20] کی

---

1 *bāb* m chapter, door
2 *izāfā karnā* to make addition
3 *x ko cār cānd lagnā* int x become improved a lot
4 *taqsīm* f partition
5 *x kī satāh par* on the level/stage of x
6 *urdū ixtilāf* Urdu opposition
7 *x kī sūrat paidā honā* int to become the situation of x
8 *xud etimādī* f self confidence
9 *x ke bal par* on the strength of x
10 *šikast denā* to defeat
11 *x kā manzar dekhne ko milnā* for x to become apparent
12 *parvān caṛhnā* int to flourish
13 *fāidā uṭhānā* to take the benefit of x
14 *rasmī* formal
15 *x kā dāirā* the circle of x
16 *vasī karnā* to widen
17 *x ke āīne meṅ dekhnā* to see in the perspective of x
18 *asabīyat* f bigotry
19 *daqīānūsīpan* m conservatism
20 *ahad* m time

سچائیوں سے پوری طرح واقف[1] تھے اور یہی اُن کی کامیابی کا راز[2] تھا۔

......................

مشق۔فرض کیجیے آپ کی یونیورسٹی میں اردو شعبہ نہیں ہے۔بیس جملوں میں اردو تعلیم کی اہمیت[3] بتاتے ہوے آپ یونیورسٹی کمیٹی کو عرضی[4] لکھ کر بتایئے کہ اردو شعبے کا یونیورسٹی میں ہونا کیوں ضروری ہے۔

---

1 *x se vāqif honā* int to be informed of x
2 *rāz* m mystery
3 *ahamiyat* f importance
4 *arzī* f petition

## ۳۱۔موت　　　مشتاق نقوی

موت سے آدمی اسی طرح ڈرتا ہے جیسے بچے اندھیرے میں جاتے ہوئے ڈرتے ہیں۔موت اِتنا ہی فطری[1] فعل[2] ہے جیسے پیدا ہونا۔ایک نوزائیدہ[3] بچے کے لیے موت اور زندگی پیدا ہونا اور مرنا دونوں تکلیف دہ مرحلے[4] ہیں اور درد اور اذیت[5] میں یکساں[6] درجہ[7] رکھتے ہیں۔

بیکن نے زندگی کی دھوپ چھاؤں دیکھنے کے بعد موت کو سب سے کم evil چیز پایا ہے۔اور موت ہی ایک ایسی چیز ہے جسے ہم پوری طرح سمجھنے میں ناکام رہے ہیں۔ جبکہ دوسری تمام چیزیں ہم نے بیہودگی[8] کی حد سے بھی آگے بڑھادی ہیں اور اِس کی اکیلی وجہ یہ ہے کہ موت کا کوئی علاج نہیں ہے۔

گوتم بدھ تک نے اِس کا اقرار[9] کیا ہے کہ وہ موت کی پہیلی بوجھنے[10] میں ناکام[11] رہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ وہ صرف اتنا کر سکتے ہیں کہ موت کے بارے میں لوگوں کو زیادہ سے زیادہ آگاہ[12] کر کے موت کا خوف[13] لوگوں کے دلوں میں کم کر دیں۔اِس سلسلے میں ایک واقعہ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک ماں روتی بلکتی[14] ہوئی مہاتما بدھ کے پاس آئی اور اپنے اکلوتے[15] بیٹے کی موت کی خبر دے کر اُن سے بنتی[16] کرنے لگی کہ وہ اُسے

---

1 *fitrī* natural
2 *fel* m action
3 *nauzādā* newly born
4 *marhalā* m a stage
5 *azīyat* f torture
6 *yaksāṅ* same
7 *darjā* m degree
8 *behūdgī* f shamelessness
9 *x kā iqrār karnā* to accept x
10 *pahelī būjhnā* to solve a puzzle
11 *x meṅ nākām rahnā* to stay unsuccessful in x
12 *x ko āgāh karnā* to inform x
13 *xauf* m fear
14 *bilaknā* to cry violently
15 *iklautā* only
16 *bintī karnā* to request

زندہ کر دیں۔ بدھ نے اسے بہت سمجھانے کی کوشش کی مگر وہ ایک نہ مانی[1] اور بضد[2] ہو گئی کہ اُس کے بچے کو زندہ کرنا ہی ہے۔ مہاتما بدھ نے اُس سے کہا ٹھیک ہے، میں تمہارے بچے کو زندہ کر دوں گا مگر شرط[3] یہ ہے کہ تم ایک مٹھی[4] چاول لے آؤ۔ چاول ایک ایسے گھر سے مانگ کر لاؤ جہاں کبھی موت نہ ہوئی ہو۔۔۔

ظاہر ہے کہ اسے کوئی ایسا گھر نہ ملا جس میں کبھی کوئی موت نہ ہوئی ہو اور یہی بات اُس کے لیے باعث[5] تسلی[6] ہو گئی۔ اِس سے مفر[7] نہیں ہے اور یہ سب کے لیے ہے۔ موت کی قطعیت[8] کو قرآن کریم نے ایک جملے میں سمیٹ[9] لیا ہے:

ہر نفس[10] کو موت کا ذائقہ[11] چکھنا ہے۔

لیکن اِس کے باوجود انسان موت کا سامنا[12] کرنے کو تیار نہیں ہے۔ اسی لیے قبرستان ہمیشہ شہر اور آبادی کے باہر رکھے جاتے ہیں۔ موت کا ذکر آتے ہی لوگ خاموش ہو جاتے ہیں۔ ہر موت ہر زندہ آدمی کو اپنی موت یاد دلا دیتی ہے۔ ہم موت کے خیال سے ہی کتراتے[13] ہیں۔ لیکن ہم چاہے جتنی کوشش کریں موت ہمیشہ کسی نہ کسی شکل میں ہماری آنکھوں کے سامنے آ کر کھڑی ہو جاتی ہے۔

ہم بھول جاتے ہیں کہ موت اور زندگی دونوں ہم معنیٰ لفظ ہیں۔ لیونارڈو دِونچی موت کا استقبال کرتے ہیں کیونکہ وہ زندگی کی تھکن[14] کے بعد اشد[15] ضروری آرام اور راحت کی شکل میں[16] آتی ہے۔ جس طرح دن بھر کی محنت کے بعد رات کو بہت میٹھی نیند آتی

---

1 *ek nā mānnā* int not to listen to anything
2 *bazid honā* int to be insistent
3 *šart* f demand, condition
4 *muṭṭhī* f a handful
5 *bāis* m reason
6 *tasallī* f consolation
7 *mafar* m escape
8 *qatīyat* f certainty
9 *sameṭnā* to wrap up
10 *nafs* m being
11 *x kā zāiqā* taste of x
12 *x kā sāmnā karnā* to face x, to deal with x
13 *x se katrānā* to avoid x
14 *thakan* f fatigue
15 *ašad* very
16 *rāhat kī šakl meṅ ānā* to come in a form of peace

ہے، اسی طرح ایک اچھی طرح بِتائی[1] ہوئی زندگی کے بعد موت میٹھی اور سہانی[2] چیز ہے۔

ٹامس کین کی دعا بھی اسی طرزِ[3] فکر کی غمازی[4] کرتی ہے وہ دعا گو[5] ہے

teach me to  live, that I may dread

زندگی کو موت کے بغیر سمجھا ہی نہیں جا سکتا۔ موت کو سمجھنے کی ضرورت ہے، مرنے کے لیے نہیں، بہتر طریقے سے زندہ رہنے کے لیے۔ جو خوف[6] موت کا ہمارے دلوں میں بیٹھا ہوا ہے وہ صرف ہماری لاعلمی[7] کا لمبا سایہ ہے۔ زندگی کو سمجھنے کے لیے پیچھے جانا پڑتا ہے۔ مگر زندہ رہنے کے لیے آگے سوچنا ضروری ہے تا کہ ہماری راہیں اور ہماری نگاہیں[8] صاف، اجاگر[9] اور روشن[10] ہو سکیں۔ تب ہی ہمارے قدموں میں استحکام[11] پیدا ہوگا۔ کرشنا ایر نے ٹھیک ہی کہا ہے کہ موت اور زندگی ساتھ ساتھ رہتے ہیں اور یہ ایک دوسرے کی تکمیل[12] کرتے ہیں۔ ہم کو موت کو بہتر طریقے سے سمجھنا چاہیے تا کہ ہم زندگی کو بہتر طریقے سے سمجھ سکیں اور اس دھرتی پر اپنے مختصر سفر کو بہتر طریقے سے ترتیب[13] دے سکیں۔

ماضی[14] کے فرسودہ[15] فلسفے، گھسی پٹی[16] توجیہات[17]، اندھے عقائد[18] آج کے طوفانی دور کے لیے بالکل ناکافی[19] ہیں اور ہم کو نئی طرح سے سوچنے کی اور نئے طرزِ عمل[20] کی

---

1 *bitānā* to spend
2 *suhānā* pleasant
3 *tarz* f manner, way, style
4 *x kī ğammāzī karnā* to articulate x
5 *dūā go honā* to pray
6 *x kā xauf baiṭhnā* for fear of x to dwell
7 *lāilmī* f ignorance
8 *nigāh* f vision
9 *ujāgar* bright, highlight
10 *raušan honā* int to be illuminated
11 *istehkām paidā karnā* to make firm, stable
12 *x kī takmīl karnā* to complete x
13 *tartīb denā* to set in order, put in order
14 *māzī* m past
15 *farsūdā* decayed, battered
16 *ghisā piṭā* decayed, stereotype
17 *taujīhāt* f pl interpretations, explanations
18 *aqāid* m pl faith
19 *nākāfī* insufficient
20 *tarz-e-amal* m strategy

ضرورت ہے۔

ہم نے اِس طرح کی کوشش سے اب تک احتراز[1] کیا ہے۔ اس لیے ہمارے ذہنوں میں یہ بیٹھ[2] گیا ہے کہ یہ سب حدِ ممکنات[3] سے باہر ہے۔ مگر ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ ناممکن عام طور سے وہ چیزیں ہوتی ہیں جو آزمائی[4] نہیں گئی ہیں۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کی بیٹی آپ سے پوچھتی ہے کہ یہ موت کیا ہے؟ آپ سادہ زبان اور مثبت[5] انداز میں اپنی بیٹی کو بتایئے۔

1 *x se ehterāz karnā* to guard against x
2 *zahan meṅ baiṭhnā* int to become believable
3 *hadd-e-mumkināt se bāhar* beyond the bond of reason
4 *āzmānā* to test, fried out
5 *musbat* positive

## ۳۲۔ میدانِ حشر[1] میں مختلف شکلیں    سید عبدالحسین

تفسیر[2] مجمع البیان میں حضرت رسولِ خدا[3] صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم[4] سے مروی[5] ہے کہ جس وقت معاذ نے پوچھا کہ جب روزِ قیامت صور پھونکا[6] جائے گا تو لوگ گروہ گروہ کر کے آئیں[7] گے۔ اِس کا کیا مطلب ہے؟ تو حضرت نے فرمایا، تم نے بہت بڑی بات پوچھی ہے۔ چشمِ مبارک[8] میں آنسو بھر آئے[9] اور فرمایا کہ قیامت کے روز میری اُمّت[10] کی دس قسمیں[11] ہو جائیں گی۔ خدا ان قسموں کی صورتوں کو بدل دے گا۔ کچھ لوگ بندر کی شکل میں اور بعض سُؤر کی صورت میں ہوں گے۔

ایک گروہ کے ہاتھ پاؤں کٹے ہوئے، ایک گروہ اندھا، ایک گونگا اور بہرا ہوگا۔ ایک جماعت[12] اِس حال میں آئے گی کہ وہ لوگ اپنی زبانیں چبا[13] رہے ہوں گے۔ اُن کے منھ سے پیپ[14] جاری[15] ہوگی اور اہلِ محشر[16] اُن کی بدبو سے پریشان[17] ہوں گے۔ لوگوں کی ایک تعداد[18] سر کے بل وارد[19] ہوگی اور اسی طرح انھیں عذاب[20] میں داخل[21] کیا جائے گا۔ چند لوگ آگ کی سلاخوں[22] میں آویزاں[23] ہوں گے اور ایک

---

1 *maidān-e-hašr* m the day of resurrection
2 *tafsīr* f commentary, interpretation, explanation
3 *rasūl-e-xudā* m the messanger of God
4 *sallallāhu-alaihe-vasallam* may all peace be upon him
5 *x se marvī honā* to be attributed to x
6 *sūr phūṅknā* to blow the horn
7 *giroh giroh kar ke ānā* to come in groups
8 *cašm-e-mubārak* f sacred eye
9 *āṅsū bhar ānā* int to become tearful
10 *ummat* f followers
11 *qism* f type, variety
12 *jamāt* f group
13 *cabānā* to chew
14 *pīp* f pus
15 *jārī honā* int to flow
16 *ahal-e-mahšar* m pl people on the day of resurrection
17 *x se parešān honā* to be troubled by x
18 *x kī tādād* number of x
19 *sar ke bal vārid honā* to arrive walking on one's hands
20 *azāb* m punishment
21 *dāxil karnā* to admit, enter
22 *salāx* f iron-bar
23 *āvezāṅ* hanging

جماعت کی بدبو مردار[1] سے بھی زیادہ ہوگی اور انھیں قطران[2] کا لباس پہنایا گیا ہوگا جو اُن کی جلد[3] سے چپکا[4] ہوا ہوگا۔

معاذ نے پوچھا کہ یہ کون لوگ ہوں گے؟

تو رسول اللہ نے فرمایا کہ جو شخص بندر کی صورت میں ہوگا وہ ایسا شخص ہوگا جو دو آدمیوں کے درمیان جدائی اور مخالفت[5] پیدا کرتا ہے اور ایک کی وہ بات دوسرے تک پہنچاتا ہے، جو اُس نے دوسرے کے بارے میں کہی ہے۔ جو سُوَر کی صورت میں آئے گا وہ حرام[6] کھانے والا ہوگا۔ مثلاً[7] وہ شخص جس نے اپنے کاروبار میں ملاوٹ[8] کی ہے۔ اپنے معاملے میں خیانت[9] کی ہے۔ خراب مال کو اچھے مال میں مخلوط[10] کر کے فروخت[11] کیا ہے اور لوگوں کا مال ہضم[12] کیا ہے۔ جو شخص سرنگوں[13] ہوگا وہ سودخور[14] ہے۔

جو شخص اپنی زبان چبا رہا ہوگا اور اُس کے منھ سے پیپ جاری ہوگی، وہ عالِم[15] بے عمل[16] ہے۔ ہر وہ عالِم جس کا کردار[17] اُس کی گفتار[18] کے برخلاف[19] ہوگا۔ وہ باتیں تو خوب کرتا ہوگا لیکن عمل[20] میں پیچھے ہوگا۔ دوسرے اُس کی باتوں سے فائدہ اٹھائیں[21] گے لیکن وہ بدبخت[22] خود بے عمل ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اپنی زبان چبائے گا اور

---

1 *murdār* m dead body, corpse
2 *qatrān kā libās* m dress made of fire
3 *jild* f the skin
4 *cipaknā* int to adhere, stick
5 *muxālifat paidā karnā* to create rivalry
6 *harām* forbidden
7 *masalan* for example
8 *milāvaṭ karnā* to adulterate
9 *xayānat karnā* to be guilty of breach of trust
10 *maxlūt karnā* to mix
11 *faroxt karnā* to sell
12 *hazam karnā* to steal, digest
13 *sarnegūṅ honā* int to keep head down
14 *sūdxor* m usurer
15 *ālim* m learned man, wise
16 *beamal* hypocrite
17 *kirdār* m character
18 *guftār* f discourse
19 *x ke barxilāf* against x
20 *amal* m action, deed
21 *fāidā uṭhānā* to take advantage, benefit
22 *badbaxt* unfortunate

تکلیف میں مبتلا[1] ہوگا۔ جس شخص کے ہاتھ پاؤں کٹے ہوں گے وہ اپنے ہمسایہ[2] کو ایذا[3] اور تکلیف پہنچانے والا ہوگا۔ جو شخص اندھا ہوگا وہ حاکمِ[4] جور و ناحق[5] ہے۔ جس نے خلافِ انصاف حکم[6] دیا ہوگا۔ جو شخص گونگا اور بہرہ ہوگا وہ عجب اور خود پسندی[7] کرنے والا ہے۔ ہر خود پسند اور خود غرض[8] بہرا اور گونگا واردِ محشر ہوگا۔ جس کو آگ کی سلاخوں اور شاخوں میں باندھا جائے گا وہ دنیا میں سلطانوں کے پاس چغلخوری[9] اور بدگوئی[10] کرنے والا اور لوگوں کے لیے زحمت[11] و اذیت کے اسباب[12] فراہم[13] کرنے والا ہے۔ جو شخص مردار سے زیادہ گندہ اور بدبودار ہوگا وہ دنیا میں حرام لذتوں[14] اور شہوت[15] سے بہرہ اندوز[16] ہونے والا اور اپنے مال میں سے واجب[17] حصہ اللہ کی راہ میں نہ دینے والا ہوگا۔ اور جسے آگ کا لباس پہنایا جائے گا وہ غرور[18] اور تکبر[19] کرنے والا ہے۔

دوسری حدیث[20] میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے مروی ہے کہ جن لوگوں کی دونوں آنکھوں میں آگ کی میخیں ٹھونکی[21] جائیں گی وہ اپنی آنکھوں کو حرام سے پُر[22] کرنے والے لوگ ہیں۔

......................

1 *x meṅ mubtalā honā* to be involved in x
2 *hamsāyā* adj & m neighbor
3 *x ko īzā pahuṅcānā* to torture x
4 *hākim* m ruler
5 *jaur-o-nāhaq* cruel and unfair
6 *xilāf-e-insāf hukm denā* to give order against the justice
7 *xud pasandī* f narcissism
8 *xud ğaraz* selfish
9 *cuğalxorī* f back-biting
10 *badgoī karnā* to talk indecently
11 *zahmat* f trouble
12 *x ke asbāb* causes of x
13 *farāham karnā* to make available
14 *lazzat* f pleasure
15 *šahūt* f lust
16 *baharandoz honā* int to be happy
17 *vājib* obligatory
18 *ğurūr* m pride
19 *takabbur* m pride
20 *hadīs* f accounts of Prophet Mohammad's life
21 *mex ṭhoṅknā* to hammer the nail
22 *pur karnā* to fill

مشق ۔ فرض کیجیے آپ کے خاندان کی نظر میں آپ کا معشوق خوبصورت نہیں ہے۔ آپ اپنے خاندان والوں کو اپنے معشوق کی سیرت[1] کی خوبیاں[2] بتا کر سمجھائیے کہ اصلی خوبصورتی کیا ہے؟

---

1 *sīrat* f character
2 *xūbī* f quality, virtue

## ۴۳۔ مستورات[1] کے متعلق[2] معلومات[3]      محبوب عالم جنتری[4]

مستورات کے جسم کے خاص[5] اور اہم[6] حصوں[7] کی بناوٹ[8] کے ذریعے اُن کے اچھے اور خراب اثرات[9] اور اُن کا اچھا برا نتیجہ ناظرین[10] کے پیشِ خدمت[11] ہے۔

جس عورت کا قد درمیانہ[12] ہو یعنی نہ بہت زیادہ لمبا اور نہ بہت زیادہ پستہ[13] وہ نصیب والی[14] اور دولت مند[15] اور خاوند[16] کی چہیتی[17] ہوگی۔ اور مددگار رہوگی، یعنی مصیبت[18] کے وقت کام آنے[19] والی ہوگی۔ تمام گھریلو[20] اور دنیاوی[21] کاموں کے ہر کام کو عقلمندی[22] سے اور خانگی امور[23] کو عمدگی[24] اور سلیقے[25] سے انجام[26] دے گی، اور اولاد کی تربیت[27] و تعلیم اچھی طرح سے کرے گی۔ جس عورت کا قد لمبا ہو وہ کام کرنے میں دلچسپی[28] زیادہ نہیں رکھے گی لیکن نیک اور اچھے کردار[29] کی ہوگی، تیز[30] اور خوش سلیقہ[31]

---

1 *mastūrat* f pl women
2 *x ke mutālliq* regarding x
3 *mālūmāt* f pl information
4 *jantarī* f calander
5 *xās* special
6 *aham* important
7 *hissā* m part
8 *x kī banāvaṭ* f formation
9 *asarāt* m pl effects
10 *nāzirīn* m pl audience, viewers
11 *x ke peš-e-xidmat* for x
12 *darmīānā (qad)* m average height
13 *pastā (qad)* m short height
14 *nasīb* m luck
15 *daulatmand* wealthy, rich
16 *xāvind* m husband
17 *cahītā* beloved
18 *musībat* f crisis
19 *x ke vaqt kām ānā* to get help at the time of x
20 *gharelū* domestic
21 *dunyāvī* worldy
22 *aqalmandī se* smartly, intelligently
23 *xāngī umūr* m pl domestic affairs
24 *umdagī se* with excellence
25 *salīqe se* skillfully
26 *anjām denā* to accomplish
27 *x kī tarbīyat-o-tālīm* upbringing/training and education of x
28 *x meṅ dilcaspī rakhnā* to have interest in x
29 *kirdār* m character
30 *tez* sharp, quick, smart
31 *xuš salīqā* skilled

ہوگی۔ وہ دنیاوی اور شہوانی[1] خواہشات[2] کی طرف زیادہ مائل[3] ہوگی۔

پستہ قد کی عورت زبان کی طرار[4] خواہشاتِ نفسیاتی[5] کی طرف مائل اور راغب[6] ہوگی خصوصاً[7] دوہرے[8] جسم والی عورت کی خواہشات زیادہ ہوں گی۔ اگر بہت زیادہ پستہ قد کی ہے مگر جسم چھریرہ[9] ہے تو وہ خودغرض[10] اور فکرمند[11] ہوگی اور بعض وقت زبان کی بھی چوڑی[12] ہوگی لیکن وہ بہت کم خوش رہے گی۔ اِس کے علاوہ اُس میں علمِ موسیقی[13] اور گانے بجانے کا شوق[14] اور جذبہ[15] بہت زیادہ ہوگا۔ شعروشاعری کی بھی شوقین[16] ہوگی۔

سر: جس عورت کے سر کے آگے کا حصہ سیدھا اور چوڑا ہو وہ عورت بہت زیادہ خوش نصیب مانی جاتی ہے۔ اگر سر مِثل[17] گھوڑے یا ہاتھی کے سر کی طرح ہو تو ایسی عورت سُکھ چین[18] سے اپنی زندگی بسر[19] کرے گی اُس کو زندگی میں پریشانیاں کم ہوں گی۔ اگر سر لمبا ہو تو ایسی عورت کا کردار مشکوک[20] ہوگا۔ جن عورتوں کا سر گول ہو اُن کی زندگی میں پریشانیاں زیادہ رہیں گی۔

سر کے بال: جس عورت کے سر کے بال کندھوں[21] تک ہوں تو وہ بہت لالچی[22] قسم[23]

---

1 *šahvānī* sexual
2 *xāhišāt* f pl desires
3 *x kī taraf māil honā* int to be inclined towards x
4 *zabān kī tarrār* sharp-tongued
5 *xāhišāt-e-nafsīyātī* f pl sexual desires
6 *x kī taraf rāğib honā* int to be inclined towards x
7 *xusūsan* specially
8 *dohrā jism* m chubby
9 *charairā* slim
10 *xud ğaraz* selfish
11 *fikrmand* concerned
12 *zabān kā cauṛā* talkative, lit. wide of tongue
13 *īlm-e-mausīqī* m music sense
14 *šauq* m desire
15 *jazbā* m passion
16 *x kā šauqīn honā* fond of x
17 *misl* like
18 *sukh cain se* comfortably and peacefully
19 *basar karnā* to spend, live
20 *maškūk* doubtful
21 *kandhā* m shoulder
22 *lālcī* greedy
23 *qism* f kind

کی ہوگی۔ ایسی عورت بےعمل[1] اور دوسروں سے نفرت[2] کرنے والی اور غصہ ور[3] ہوتی ہے۔ اگر بال لمبے اور شرابی[4] رنگ کے ہوں تو ایسی عورت دل میں بغض[5] رکھنے والی، جلن[6] اور حسد[7] کا مادہ[8] زیادہ رکھتی ہے۔ اگر کسی عورت کے بال خوب کالے ہوں اُس کے ساتھ بالوں میں گھونگھر[9] بھی ہو تو ایسی عورت ہمیشہ عیش و آرام[10] کی زندگی بسر کرنے والی ہوتی ہے۔ اگر کسی عورت کے بال بہت زیادہ موٹے ہوں تو ایسی عورت اپنے خاوند کے لیے نقصاندہ[11] ثابت[12] ہوتی ہے۔

پیشانی[13]: جس عورت کا ماتھا[14] یا پیشانی بہت لمبی و چوڑی ہوگی تو وہ عورت ہمیشہ دولتمند ہوگی، اس کے پاس اگر کوئی چیز رکھوائے گا تو وہ اُس کو بڑی دیانتداری[15] سے واپس کرے گی۔ یہ اُس کی اپنی خاصیت[16] ہوگی۔ اُس کی طبیعت میں ذرہ برابر[17] بھی کنجوسی[18] نہ ہوگی بلکہ فیاضی[19] اور سخاوت[20] اُس کی طبیعت میں ہوگی۔ اگر پیشانی اونچی ہو تو شوہر کی صحت سے وہ فکرمند[21] رہے گی۔ اگر پیشانی لمبی و نس دار[22] ہو تو ایسی عورت کا مزاج یا کردار مشکوک ہوگا۔

......................

1 *beamal* corrupt
2 *x se nafrat karnā* to hate x
3 *ǧussevar* wrathful, angry
4 *šarābī* reddish
5 *buǧz rakhnā* to have grudge
6 *jalan* f jealousy
7 *hasad* f envy
8 *x kā māddā rakhnā* to have the tendency of x
9 *ghūṅghar* m curl
10 *aish-o-ārām* m luxury
11 *nuqsāndeh* harmful
12 *sābit honā* int to be proved
13 *pešānī* f forehead
14 *māthā* m forehead
15 *diyānatdārī* f honesty
16 *xāsīyat* f quality, speciality
17 *zarrā barābar* close to a particle
18 *kanjūsī* f stinginess
19 *faiyāzī* f generosity
20 *saxāvat* f generosity
21 *fikrmand* worried
22 *nasdār* veiny

مشق ۔ فرض کیجیے آپ کو یہ ذمہ داری[1] دی گئی ہے کہ ایک مضمون[2] لکھ کر اُن غلط فہمیوں[3] کا ازالہ[4] کیجیے جو مغرب کے لوگوں میں مسلمان عورتوں کے متعلق عام[5] ہیں ۔

1 *zimmedārī* f responsibility
2 *mazmūn* m essay
3 *ğalat fahmī* f misconception
4 *izālā karnā* to remove
5 *ām* common

## ۳۴۔ قمر النساء بیگم — خواجہ عشرت

میری کہانی تمہارے لیے خوش نما[1] زیور[2] ہے، اِس کو اپنے کان کا بندہ[3] بناؤ گی تو دنیا میں آرام سے بسر[4] کرو گی۔ ماں باپ کی آنکھ کا تارا[5] بنو گی، اور سسرال[6] میں بھی سب آنکھوں پر بٹھائیں[7] گے۔ اچھی عادت[8] جب دل میں جگہ پاتی ہے تو زندگی ہر طرح عیش[9] و آرام سے بسر ہوتی ہے۔

میرا نام قمر النساء ہے۔ باپ مولوی سید علی مدرسہ اسلامیہ کے مدرسِ اعلیٰ[10] تھے، دس روپیہ ماہوار[11] پاتے تھے۔ ایک بھائی مجھ سے بھی چھوٹا تھا جس کی عمر چار برس کی تھی۔ ہمارے گھر میں دن رات خدا رسول کا تذکرہ[12] رہتا تھا۔ نماز روزے کی سخت پابندی[13] تھی۔ ممکن[14] کیا تھا کہ کسی وقت کی نماز قضا[15] ہو جائے۔ آفتاب[16] نکلے تک تو جانماز گھر میں بچھی[17] رہتی تھی۔ اس کے بعد نماز سے فراغت[18] کر کے سب اپنے اپنے کام میں مصروف[19] ہو جاتے تھے۔ اناج[20] بھی سستا[21] تھا۔ ہمارے ابّا تنخواہ[22] ملتے ہی موٹا جھوٹا[23] اناج جو مہینے بھر کو کافی ہو خرید لاتے تھے۔ امّاں اپنے سلیقے[24] سے اُسی کو

1 *xušnumā* beautiful
2 *zevar* m jewelry
3 *bundā* m earring
4 *basar karnā* to spend
5 *x kī āṅkh kā tārā bannā* to become a beloved of x
6 *susrāl* f father-in-law's house or family
7 *āṅkhoṅ par biṭhānā* to give love and respect
8 *ādat* f habit
9 *aish-o-ārām* m fun and comfort
10 *mudarris-e-ālā* m head master
11 *māhvār* monthly
12 *x kā tazkirā* talk about x
13 *x kī pābandī* strictness of x
14 *mumkin* possible
15 *qazā honā* int to be missed
16 *āftāb* m sun
17 *jānamāz bichnā* int for the prayer mat to be spread
18 *x se farāğat* free from x
19 *masrūf honā* int to be busy
20 *anāj* m grain
21 *sastā* cheap, inexpensive
22 *tanxāh* f salary
23 *moṭā jhūṭā* in expensive, rough
24 *salīqā* m skill, efficiency

بنا چنا[1] کر پکاتی تھیں۔ مونگ کی دال[2] کو دھو پیس[3] کر کچھ بڑیاں[4] بنا لیتی تھیں۔ ماش کی دال کی بھی بڑیاں بنا لیتی تھیں۔ چنے[5] کو دل[6] کر اُس کا بیسن[7] پیس لیتی تھیں۔ یہاں تک کہ آٹا بھی بازار سے نہیں آتا تھا۔ گیہوں کو پھٹک[8] کر صاف کرتی تھیں اور اسے پیس کر آٹا چھان[9] لیتی تھیں۔ ایسا اچھا آٹا ہوتا تھا کہ بازار کا میدہ[10] بھی اُس کے آگے مات[11] تھا۔ ذرا نرم گوندھ[12] کر اسی کے پھلکے[13] پکاتی تھیں۔ کبھی پھلکیاں[14] سالن[15] کی طرح پکا کر کھلاتی تھیں۔ دال بھی پکاتی تھیں تو اِس خوش سلیقگی سے[16] کہ سالن کا مزا ملتا تھا۔ دوسرے تیسرے وہی بڑے اور پھلکیاں ضرور ہوتی تھیں، آٹھویں دن سالن پکتا تھا۔

مہینے میں دو دفعہ[17] ابّا خود منڈی[18] جاتے تھے۔ لہسن، پیاز، مرچیں، دھنیا، پودینہ، ادرک، لیموں، گاجر، آلو، شکرقندیں[19]، امرود وغیرہ لاتے تھے۔ غرض کہ اِس مختصر آمدنی[20] پر ہمارے گھر میں کھانے کا سامان[21] بہت اچھا تھا۔

لباس کی حالت بھی آمدنی کے موافق[22] گاڑھا[23] پہنتے تھے۔ پائجامے، کرتے، تنزیب[24] کے انگرکھے[25]، جاڑوں میں ابّا کے واسطے[26] دگلے[27] بنتے تھے۔ اور عورتوں

1 *banānā cunnā* to clean the chaff from grains
2 *dāl* f lentils; *mūṅg kī dāl, māš kī dāl, arhar kī dāl*
3 *dhonā pīsnā* to clean and grind
4 *baṛīāṅ* f pl mall lumps of pulse fried in oil
5 *canā* m chickpea
6 *dalnā* to grind
7 *besan* m garbanzo flour
8 *phaṭaknā* to winnow
9 *chānnā* to sift
10 *maidā* m refined white flour
11 *x ke āge māt* no comparison with x
12 *gūṅdhnā* to knead
13 *phulkā* m roti
14 *phulkī* f mall lumps of besan fried in oil
15 *sālan* m curry
16 *xūš salīqigī se* skillfully
17 *dafā* f time; *ek dafā* one time, *do dafā* two times
18 *manḍī* f wholesale market
19 *šakarqand* m sweet potato
20 *muxtasar āmdanī* f little income
21 *sāmān* m thing, good, article
22 *x ke muvāfiq* according to x
23 *gāṛhā* m & thick and rough cloth
24 *tanzeb* f a very fine and expensive cloth
25 *angarkhā* m long tunic
26 *x ke vāste* for x
27 *daglā* m coat or vest padded with cotton

کے واسطے تنزیب کے دوپٹے، جالی دار انگیا کرتی[1]، ہمارے واسطے کرتے اور اوڑھنی[2]، پائجامے، سردی میں رضائی[3]۔

زیور کے قسم سے ہمارے گھر میں کوئی بڑی چیز نہ تھی جس کا نام ہم فخر[4] کے ساتھ لے سکیں۔ امّاں کے ہاتھ میں سونے کے کڑے[5]۔ کانوں میں چار چار بالیاں[6]۔ ناک میں ناک کی کیل[7] تھی، ہمارے کان اوپر کے نہیں چھدے[8] تھے۔ کانوں کی لووں[9] میں دو بالیاں تھیں۔

امّاں نے ایک دن ناک چھدوانے کو کہا تو ابّا کان چھیدنے والے کو بلا لائے۔ اُس نے جستے[10] کی بالی سے ناک چھید دی۔

ابھی میرا سن[11] سات برس کا تھا۔ قرآن شریف کے پندرہ پارے[12] پڑھ چکی تھی اردو کی حرف شناس[13] تھی۔ نماز بھی ٹوٹی پھوٹی[14] پڑھ لیتی تھی۔ ہم لوگوں کی دیکھا دیکھی[15] بھائی بھی نماز کے واسطے آ کر کھڑا ہوتا تھا اور بار بار جانماز پر ٹکریں[16] مارتا تھا۔ بغیر عشا[17] کی نماز پڑھے سوتا نہ تھا۔ صبح کو سویرے نماز کے واسطے اٹھتا[18] تھا۔

امّاں کھانا پکانے میں مشغول[19] ہو جاتی تھیں۔ دس بجتے بجتے ہم سب لوگ کھانا کھا چکتے تھے۔ ابّا تو مدرسے چلے جاتے تھے۔ امّاں سینا[20] لے کر بیٹھ جاتی تھیں اور فرصت[21] ملتی

---

1 *jālīdār angiyā kurtī* f netted undershirt and blouse
2 *oṛhnī* f a piece of cloth that women use to cover their head and chest
3 *razāī* f quilt
4 *faxr ke sāth nām lenā* to take name with a pride
5 *kaṛā* m a bracelet for wrist or anckle
6 *bālī* f earring
7 *nāk kī kīl* f nose pin
8 *nāk chidvānā* int to get nose pierced
9 *lau* f earlobe
10 *jastā* m zinc
11 *sin* m age
12 *pārā* m chapter of the Qorān
13 *x kā harfšinās honā* to have a knowledge of x
14 *ṭūṭā phūṭā* broken, incomplete
15 *x kī dekhā dekhī* by the imitating x
16 *ṭakkar mārnā* to bang
17 *išā kī namāz* f night prayer
18 *subha savere uṭhnā* int to get up early in the morning
19 *mašğūl honā* int to be engaged
20 *sīnā* m sewing
21 *fursat* f free time, relief

تو چکن[1] کاڑھتی[2] تھیں۔ اُن کے ہاتھ کی کاڑھی ہوئی ٹوپی بازار میں چار آنے میں بک[3] جاتی تھی۔ یہ ٹوپی دو دن کی محنت میں تیار ہوتی تھی۔

......................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کی آمدنی[4] دوگنی[5] ہو گئی ہے۔ آپ کی زندگی میں کیا تبدیلی[6] آئے گی؟

---

1 *cikan* m a kind of embroidery
2 *kāṛhnā* to make embroidery
3 *biknā* int to be sold
4 *āmdanī* f income
5 *dogunī* double
6 *x meṅ tabdīlī ānā* for a change to occur in x

## ۳۵۔توبۃ النصوح[1]      نذیر احمد

فہمیدہ: حمیدہ تم کو جواب چند روز سے نماز پڑھتے دیکھتی ہے تو پرسوں مجھ سے پوچھنے لگی کہ امّا جان دن میں کئی مرتبہ ابّا جان ہاتھ منھ دھو کر یہ کیا کیا کرتے ہیں۔ پہلے دیر تک بڑے ادب[2] سے ہاتھ باندھے[3] کھڑے رہتے ہیں، چپکے چپکے[4] کچھ باتیں کرتے جاتے ہیں۔ پھر جھکتے ہیں پھر منھ کے بل[5] گر پڑتے ہیں۔

میں: بیٹی، نماز پڑھتے ہیں۔

حمیدہ: امّا جان، نماز کیا؟

نماز کو اِس استعجاب[6] کے ساتھ پوچھنا یہ پہلی چٹکی[7] تھی کہ اُس نے میرے دل میں لی۔

میں: بیٹا، خدا کی عبادت[8] کو نماز کہتے ہیں۔

حمیدہ: امّا جان، خدا کیا چیز ہے اور عبادت اُس کی کون ہے؟

اُس کا بھولے پن[9] سے یہ پوچھنا تھا کہ خدا کیا چیز ہے اور عبادت اُس کی کون ہے، کہ میرے رونگٹے[10] کھڑے ہو گئے۔

میں: کیوں، کیا تم خدا کو نہیں جانتیں؟

حمیدہ: میں سب لوگوں کو خدا کی قسم کھاتے[11] تو سنتی ہوں اور جب کبھی امّا جان تم مجھ پر

---

1 *taubat un-nasū* Nasu's repentance
2 *adab se* obediently
3 *hāth bāṅdhe khaṛe honā* int to stand with folding hands
4 *cupke cupke* softly, silently, in a very low tone
5 *x ke bal girnā* to fall down facing x
6 *istejāb* m amazement, surprize
7 *cuṭkī lenā* to pinch
8 *ibādat* f worship
9 *bholepan se* innocently
10 *roṅgṭe khaṛe honā* int to have goosebumps
11 *qasam khānā* to swear

تو نہیں، اور کسی پر خفا[1] ہوتی ہو تو کہا کرتی ہو خدا کی مار[2] اور تجھ سے خدا سمجھے[3]۔ شاید بیچا[4] کو کہتے ہیں۔ مگر بیچا ہوتا تو اُس کی قسم نہ کھاتے۔

میں: حمیدہ، توبہ کرو[5] توبہ۔ خدا بیچا نہیں ہے۔ خدا وہ ہے جس نے ہم سب کو پیدا کیا ہے۔ وہی روزی دیتا ہے۔ وہی مارتا ہے، وہی جلاتا[6] ہے۔ وہی پالتا[7] ہے۔

حمیدہ: کیا امّا جان، تم کو بھی خدا نے پیدا کیا ہے؟

میں: ہاں، مجھ کو بھی۔

حمیدہ: اور ابّا جان کو بھی؟

میں: ہاں تمہارے ابّا جان کو بھی۔

حمیدہ: اور ننھی[9] کو بھی؟

میں: ہاں، ننھی کو بھی۔

حمیدہ: امّا جان، کیا ہر روز ہمارے گھر میں کھانا نہیں پکتا؟

میں: کیوں نہیں پکتا!

حمیدہ: پھر تم تو کہتی ہو کہ خدا سب کو کھانے کو دیتا ہے۔

میں: اللہ میاں پانی برساتے[10] ہیں۔ اللہ میاں غلے[11] اور میوے[12] اور ترکاریاں[13]

---

1 *x par xafā honā* to get angry at x
2 *xudā kī mār* curse of god
3 *xudā samjhe* may god punish you
4 *bīcā* m ghost, mask
5 *taubā karnā* to ask for forgiveness
6 *rozī* f income
7 *jilānā* to give life to
8 *pālnā* to raise
9 *nan-nhī* f small, small girl
10 *pānī barsānā* to make it rain
11 *ğallā* m grain
12 *mevā* m fruit
13 *tarkārī* f vegetable

ہم لوگوں کے واسطے[1] زمین میں اگاتے[2] ہیں۔ وہی ہم سب لوگ کھاتے ہیں۔

حمیدہ: ننھی کو تو امّاجان تم دودھ پلاتی ہو۔

میں: دودھ بھی اللہ میاں ہی اتارتے[3] ہیں۔ تمہاری ہی دفعہ اِس دودھ کے پیچھے برسوں مصیبت[4] اٹھائی۔ چھٹی[5] تک الغاروں[6] دودھ تھا۔ چھٹی نہا[7] کر اٹھی کہ یکا یک[8] جاڑا[9] چڑھا بخار[10] آیا تو کس شدت[11] کا کہ الاماں[12]۔ تمام بدن سے آنچ[13] نکلتی تھی۔ وہ پہر[14] بھر کا بخار آنا، دودھ کا تاؤ[15] کھا جانا۔ پھر بہتیری[16] ستاور[17] پھانکی[18] زیرہ[19] پیا۔ حکیم کا علاج کیا۔ تمہارے دادا جان، خدا جنت نصیب[20] کرے، ہر روز صبح کو طشتری[21] لکھ دیا کرتے تھے مگر دودھ کچھ ایسی گھڑی[22] میں سوکھا[23] تھا کہ پھر نہ اترا۔ جب دیکھا کہ بچی بھوک کے مارے پھڑکی[24] جاتی ہے، ناچار[25] انّا[26] رکھی اور وہ عذاب[27] اٹھائے کہ خدا دشمن کو بھی نہ دکھائے۔ خدا نے زندگی بخشی[28] تھی کہ تم پل[29] گئیں۔

حمیدہ: تو اللہ میاں بڑے اچھے ہیں۔ ہم سب کو کھانے کو دیتے ہیں۔ ہماری ننھی کے

---

1 *x ke vāste* for x
2 *ugānā* to cause to grow
3 *dūdh utārnā* to draw off milk, to bless with milk
4 *musībat uṭhānā* to face trouble
5 *chaṭī* f the sixth day after the birth of a child
6 *alğāroṅ* excess
7 *chaṭī nahānā* to take bath on the sixth day after the birth of a child
8 *yakāyak* suddenly
9 *jāṛā caṛhnā* int to feel extreme cold
10 *buxār ānā* to have a fever
11 *šiddat* f intensity
12 *al-amāṅ* m may god protect, one of god's name
13 *āṅc* f heat, fire
14 *pahar* m an eighth part of a day
15 *dūdh ka tāv khānā* int for the supply of mother's milk to cease
16 *bahuterā* much
17 *satāvar* m a specie of fattening plant or drug
18 *phāṅknā* to chuck into the mouth from the palm of the hand
19 *zīrā* m cumin-seed
20 *xudā jannat nasīb kare* may god grant heaven
21 *taštarī likhnā* to perform a voodoo
22 *ghaṛī* f moment; *ek ghaṛī* one moment, *do ghaṛī* two moments
23 *dūdh sūkhnā* int for the milk to dry (in a woman's breast)
24 *x ke māre phaṛaknā* to writhe because of x
25 *nācār* helpless
26 *annā* f wet-nurse
27 *azāb uṭhānā* to face difficulty, pain
28 *zindagī baxšnā* to bless with life
29 *palnā* int to be raised, alive

واسطے دودھ اتارتے ہیں۔ لیکن اتا جان، اللہ میاں سے ہمارا کوئی رشتہ ناطہ[1] ہے کہ اتنے سلوک[2] کرتے ہیں؟

میں: رشتہ ناطہ یہ کہ ہم اُن کے بندے[3] ہیں۔ مرد اُن کے غلام ہیں۔ عورتیں اُن کی لونڈیاں[4] ہیں۔

حمیدہ: لونڈی غلاموں کے ساتھ اتنا سلوک کہ کوئی اپنے بچوں کے ساتھ بھی نہیں کرتا۔ لیکن لونڈی غلام تو اپنے مالک کی خدمت[5] کرتے ہیں۔ ہم اللہ میاں کا کون سا کام کرتے ہیں؟

میں: یہی نماز، جو تم نے اپنے باپ کو پڑھتے دیکھی اور جس کو عبادت کہتے ہیں۔

حمیدہ: ہاں، اب میں سمجھی کہ نماز اللہ میاں کا کام ہے تو سبھی کو نا، پڑھنا چاہیے کیونکہ لونڈی غلام سب ہیں۔ اللہ میاں کی دی ہوئی روٹی سب کھاتے ہیں۔

میں: بے شک[6]، خدا کی عبادت سب پر فرض[7] ہے۔

حمیدہ: اتا جان تم تو نماز نہیں پڑھتیں۔ کیا تم اللہ میاں کی لونڈی نہیں ہو اور کیا تم اُس کی دی ہوئی روٹی نہیں کھاتیں؟

حمیدہ نے جو سادہ دلی اور بھولے پن سے یہ الزام[8] دیا، مجھ کو اِس قدر شرم[9] آئی کہ زمین پھٹ[10] گئی ہوتی تو میں سما[11] جاتی۔

میں: میں لونڈی بے شک ہوں اور خدا کی ہی دی ہوئی روٹی کھاتی ہوں لیکن کیا بعض[12]

---

1 *rištā nātā* m relationship
2 *sulūk* m behavior, treatment
3 *bandā* m slave
4 *launḍī* f slave-girl
5 *xidmat karnā* to serve
6 *bešak* no doubt, true
7 *farz* m a divine command, duty
8 *ilzām denā* to blame
9 *šaram ānā* int to be shy
10 *phaṭnā* int to split, torn
11 *samānā* int to get (in or into), to be contained
12 *bāz* adj & m some

لونڈیاں نکمی[1] اور کام چور[2] اور نمک حرام[3] اور بے غیرت[4] نہیں ہوتیں۔ ویسی ہی اللہ میاں کی ایک لونڈی میں ہوں۔

حمیدہ: ابّا جان بھی تو اب بیماری سے اٹھ[5] کر نماز پڑھنے لگے ہیں۔ کیا اِس سے پہلے وہ خدا کی دی ہوئی روٹی نہیں کھاتے تھے۔ یہ سن کر نصوح کی آنکھوں سے بے اختیار[6] آنسو ٹپک[7] پڑے۔

میں: وہ بھی برا کرتے تھے۔

حمیدہ: اچھی امّاجان، اللہ میاں خفا ہوے ہوں گے۔

میں: خفا ہونے کی تو بات ہی ہے۔

حمیدہ: ایسا نہ ہو، روٹی بند کر دیں۔ تو پھر ہم کہاں سے کھائیں گے۔ اور اگر بوا کا دودھ سوکھ جائے گا تو ہماری ننھی روئے گی۔

یہ کہہ کر حمیدہ رونے لگی[8]۔ میں نے اٹھا[9] کر گلے سے لگایا[10] اور پیار کیا۔ لیکن جس قدر میں اُس کو تسلی[11] دیتی تھی وہ اور دونی[12] روتی تھی۔ مجھ سے بھی ضبط[13] نہ ہو سکا اور مجھ کو روتے دیکھ کر وہ اور بھی بے تاب[14] ہو گئی۔ آخر بڑی مشکلوں سے میں نے اُس کو سنبھالا[15] اور کہا کہ حمیدہ تم ڈرو مت۔ اللہ میاں کا یہ دستور[16] نہیں ہے کہ جو لونڈی یا

---

1 *nikammā* worthless
2 *kāmcor* m one who shirks work
3 *namak harām* m disloyal
4 *beğairat* shameless
5 *bīmārī se uṭhnā* int to recover after illness
6 *beixtīār* unintentionally, unwillingly
7 *ṭapaknā* int to drip, fall
8 *rone lagnā* to start crying
9 *uṭhānā* to lift
10 *gale se lagānā* to hug
11 *tasallī denā* to console
12 *dūnā* more, double
13 *zabt* control
14 *betāb honā* int to become restless, anxious, impatient
15 *x ko sambhālnā* to take care of x
16 *x kā dastūr* the manner/temperament of x

غلام کام نہ کریں ان کا کھانا بند کر دیں۔

..........................

مشق ۔فرض کیجیے آپ کو ایک ہائی اسکول گریجویشن کی تقریب[1] میں تقریر[2] کرنا ہے۔ آپ طالبِ علموں کی حوصلہ افزائی[3] کرتے ہوئے ایک تقریر تیار[4] کیجیے۔

---

1 *taqrīb* f ceremony
2 *taqrīr karnā* to deliver a speech
3 *hauslā afzāī karnā* to encourage
4 *taīyār karnā* to prepare

## ۳۶۔ بہشتی[1] زیور[2]　　　اشرف علی تھانوی

یہ حضرت آدم علیہ السلام[3] کی بیوی اور تمام دنیا کے آدمیوں کی ماں ہیں، اللہ تعالیٰ نے اُن کو اپنی کامل[4] قدرت[5] سے حضرت آدم علیہ السلام کی بائیں پسلی[6] سے پیدا کیا اور پھر اُن کے ساتھ نکاح کر دیا اور جنّت میں رہنے کو جگہ دی۔ وہاں ایک درخت تھا اُس کے کھانے کو منع[7] کر دیا۔ انھوں نے غلطی سے[8] شیطان[9] کے بہکانے[10] میں آ کر درخت[11] سے کھا لیا۔ اِس پر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا کہ جنّت سے دنیا میں جاؤ۔ دنیا میں آ کر اپنی خطا[12] پر بہت روئیں۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کی خطا معاف[13] کر دی اور پہلے حضرت آدم علیہ السلام سے الگ ہو گئی تھیں، اللہ تعالیٰ نے پھر اُن سے ملا دیا۔ پھر اُن سے بے شمار[14] اولادیں پیدا ہوئیں۔

فائدہ[15]: بی بیو! دیکھو حضرت حوّا[16] نے اپنی خطا کا اقرار[17] کر لیا، توبہ[18] کر لی۔ بعض[19] عورتیں اپنے قصور[20] کو بنایا[21] کرتی ہیں اور کبھی اپنے اوپر بات نہیں آنے دیتیں، اور ایسی تو بہت ہیں جو گناہ کر رہی ہیں، ساری عمر کرتی رہتی ہیں اُس کو چھوڑتی[22]

---

1 *behištī* pertaining to paradise
2 *zevar* m ornament
3 *hazrat ādam alaihissalām* Prophet Adam peace be upon him
4 *kāmil* perfect
5 *qudrat* f power
6 *paslī* f rib
7 *manā karnā* to prohibit
8 *ğalatī se* by mistake
9 *šaitān* m satan
10 *x ke bahkāne meṅ ānā* to be misguided by x
11 *daraxt* m tree
12 *xatā* f mistake
13 *māf karnā* to forgive
14 *bešumār* countless
15 *fāidā* m benefit
16 *havvā* f Eve (Prophet Adam's wife)
17 *iqrār karnā* to accept
18 *taubā karnā* to ask for forgiveness
19 *bāz* some
20 *qusūr* m fault
21 *banānā* to make, manipulate
22 *x ko choṛnā* to leave x

نہیں، خاص کر غیبت[1] اور رسموں کی پابندی[2]۔ بی بیو! اِس خصلت[3] کو چھوڑ دو، جو خطا و قصور ہو جائے اُس کو فوراً چھوڑ کر توبہ[4] کر لیا کرو۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کے دوست کی شادی ہوئی ہے۔ آپ اپنے دوست کو خوش حال[5] شادی شدہ[6] زندگی گذارنے کے بارے میں کچھ مشورے[7] دیجیے۔

---

1 *ğībat* f backbiting
2 *x kī pābandī* following of x
3 *xaslat* f bad habit, ill nature
4 *taubā* f vowing to sin no more
5 *xušhāl* happy
6 *šādīšudā* married
7 *mašvarā* m advice

# ۳۷۔عورت            عصمت چغتائی

عورت۔۔۔۔عورت۔۔۔عورت۔۔۔

بڑی اچھی، بے وفا[1]، باوفا[2]، ایسی ویسی اور خدا معلوم کیسی کیسی۔

ہر ملک اور ہر زمانے میں بڑے بڑے مفکروں[3] نے عورت کے بارے میں کوئی نہ کوئی رائے ضرور قائم[4] کی ہے۔کوئی صاحب اُس کے حسن[5] پر زور دے رہے ہیں تو کوئی اُس کی پارسائی[6] اور نیک سیرتی[7] پر مصر[8] ہیں۔ایک صاحب کا خیال ہے خدا کے بعد عورت کا مرتبہ[9] ہے، تو دوسرے صاحب اُسے شیطان کی خالہ[10] بنانے پر تُلے[11] ہوے ہیں۔ایک صاحب فرماتے ہیں، ایک دھوکے باز[12] مرد سے ایک دھوکے باز عورت زیادہ خطرناک[13] ہوتی ہے۔جیسے کوئی یہ کہے کہ ایک کالے مرد سے ایک کالی عورت زیادہ کالی ہوتی ہے۔کس قدر شاندار[14] بات کہی ہے، کہ بس جھوم[15] اُٹھنے کو جی چاہتا ہے اور اگر میں خود عورت نہ ہوتی اور اِن اقوال[16] نے مجھے بوکھلا[17] نہ دیا ہوتا تو کہنے والے کا منھ چوم[18] لیتی۔مصیبت[19] تو یہ ہے کہ اِن نامعقول[20] قولوں نے سٹّی[21]

---

1 *bevafā* faithless
2 *bāvafā* faithful
3 *mufakkir* m thinker
4 *rāe qāem karnā* to give an opinion
5 *husn* m beauty
6 *pārsāī* f purity
7 *nek sīratī* having a good character
8 *x par musir honā* to insist on x
9 *martabā* m status
10 *šaitān kī xālā banānā* to call someone satan
11 *x par tule honā* to insist on x
12 *dhokebāz* fraudulent
13 *xatarnāk* dangerous
14 *šāndār* splendid
15 *jhūm uṭhnā* to feel overjoyed
16 *aqvāl* m pl sayings
17 *baukhlānā* int to become perplexed
18 *cūmnā* to kiss
19 *musībat* f problem
20 *nāmaqūl* unreasonable, stupid
21 *x kī siṭṭī gum karnā* to make x bewildered

گُم کر رکھی ہے اور مزے کی بات تو یہ ہے کہ جتنا مردوں نے عورت کو سمجھنے کا دعویٰ[1] کیا ہے اُتنا عورتوں نے مردوں کے متعلق[2] کبھی کوئی قول اپنی عقل سے نہیں بنایا۔ مردوں نے کہا، مرد ظالم[3] ہوتا ہے۔ وہ چپ چاپ[4] ظلم سہنے[5] لگیں۔ مردوں نے کہا، عورت ڈرپوک[6] ہوتی ہے۔ وہ چوہیا[7] تک سے ڈرنے لگیں۔ پھر فرمایا، وقت پڑے تو عورت جان پر کھیل[8] جاتی ہے۔ بس، پھٹ سے[9] جان پر کھیل گئیں۔

ماں کی مامتا[10] کا ساری دنیا ڈھول[11] پیٹتی ہے۔ باپ کی باپتا[12] کا رونا[13] کوئی نہیں روتا۔ عورت کی عزت لٹ[14] سکتی ہے، مرد کی نہیں لٹتی۔ شاید مرد کی عزت ہی نہیں ہوتی جو لوٹی کھسوٹی[15] جا سکے۔ عورت کے حرامی[16] حلالی[17] بچہ ہوتا ہے، مرد کے کچھ نہیں ہوتا۔

صدیوں[18] سے عورت کے سر ایسے اوٹ پٹانگ[19] الزام تھوپ[20] کر مفکرین اسے بوکھلانے کی کوشش کرتے آئے ہیں۔ یا تو وہ اسے آسمان پر چڑھا[21] دیتے ہیں یا کیچڑ میں پٹخ[22] دیتے ہیں۔ مگر برابر کھڑا کرتے[23] ہوئے اُن کا دم نکلا[24] جاتا ہے۔ اسے دیوی[25] اور آسمانی مخلوق[26] بنا دیں گے۔ مگر دوست اور ساتھی کہتے شرماتے[27] ہیں۔ سمجھ

1 *dāvā karnā* to claim
2 *x ke mutālliq* regarding x
3 *zālim* cruel
4 *cup cāp* silently, without any protest
5 *zulm sehnā* to tolerate opression
6 *ḍarpok* coward
7 *cuhīā* f little mouse
8 *jān par khelnā* to play with one's own, i.e. put it at risk
9 *phaṭ se* instantly
10 *māmtā* f affection
11 *ḍhol pīṭnā* to announce, lit. to beat the drum
12 *bāptā* f fatherhood, affection
13 *x kā ronā ronā* to cry for x
14 *izzat luṭnā* int to be insulted, raped
15 *lūṭnā khasoṭnā* to spoil, ruin
16 *harāmī* illegitimate
17 *halālī* legitimate
18 *sadī* f a century
19 *ūṭpaṭāng* senseless
20 *x ke sar ilzām thopnā* to put blame on x's head
21 *x ko āsmān par caṛhānā* to give x too much importance
22 *x ko kīcaṛ meṅ paṭakhnā* to throw x in mud, to humiliate
23 *barābar khaṛā karnā* to give equal status
24 *dam nikalnā* int to be afraid
25 *devī* f goddess
26 *maxlūq* m creation
27 *šarmānā* to shy, to feel awkward

میں نہیں آتا کہ یہ احساس کمتری[1] ہے یا مغالطہ[2]۔ آخر انھیں عورت کی برابری سے کیوں ڈر لگتا ہے۔ وہ بھی تو انسان ہوتی ہے۔ اسے برابر بٹھاتے کیوں گھبراہٹ[3] ہوتی ہے۔ کیا مرد ایک گھڑی[4] کے لیے یہ نہیں بھول[5] سکتا کہ برابری کے لازمی[6] معنی کم تری[7] کے نہیں ہیں۔ سب کو معلوم ہے کہ عورت ماں، بیٹی، بیوی، اور بہن ہی بن سکتی ہے۔ باپ، بیٹا، میاں، اور بھائی نہیں بن سکتی۔ پھر کیوں بار بار کہتے ہیں کہ وہ اسی لیے پیدا ہوئی ہے۔ کیا عورت کو اتنا بھی معلوم نہیں کہ وہ عورت ہے جو مسلسل[8] اسے بتایا جا رہا ہے! یا شاید مرد جانتے ہیں کہ ماں اور بیوی بننا لوہے کے چنے چبانا[9] ہے۔ اس لیے عورت کے دماغ میں ٹھونکے[10] جاتے ہیں کہ وہ بنی اسی مصرف[11] کے لیے ہے، اُسے اسی پر فخر[12] کرنا چاہیے کہ یہی مزے کا عہدہ[13] ہے۔ انھیں کون سمجھائے کہ کس کمبخت[14] عورت نے کبھی اِس سے انکار[15] کیا ہے۔ کون کہہ رہا ہے مردوں سے کہ آؤ صاحب تم بچے جنو[16] اور انھیں دودھ پلاؤ۔ پھر بھلا بار بار جتانے[17] کی ایسی کیا ضرورت پڑ رہی ہے۔

ایک صاحب فرماتے ہیں، عورت کی شان[18] یہی ہے کہ دنیا اُس سے نا آشنا[19] ہو۔ شوہر کی محبت اُس کا بیش بہا خزانہ[20] ہوتا ہے۔ اور اُس کا چھوٹا سا خاندان اُس کی دنیا۔

کیوں صاحب! اگر کسی عورت کی شہرت[21] ہوتی ہے تو وہ آپ کے حصے کی شہرت تو نہیں

---

1 *ehsās-e-kamtarī* m inferiority complex
2 *muġālita* m delusion
3 *ghabrāhaṭ honā* int to feel anxiety
4 *gharī* f moment
5 *bhūlnā* to forget
6 *lāzimī* inevitable, compulsory
7 *kamtarī* f inferiority
8 *musalsal* continuously
9 *lohe ke cane cabānā* to perform a hard task
10 *x ke dimāġ meṅ ṭhoṅknā* to make something believable to x
11 *masraf* m use
12 *faxr karnā* to be proud
13 *ohdā* m occupation, rank, position
14 *kambaxt* unfortunate
15 *inkār karnā* to refuse
16 *jannā* to give birth
17 *jatānā* to remind
18 *šān* f dignity, honor
19 *nā-āšnā* unfamiliar
20 *beš bahā xazānā* m precious treasure
21 *x kī šohrat* popularity of x

چھینتی[1]۔ اللہ کی دین[2] ہے۔ اِس میں آپ کو کیوں تکلیف ہوتی ہے۔ کیا چھچھوراپن[3] ہے۔ عورت ہو یا مرد اگر دنیا میں کچھ کر جائے تو کسی کی شان کو بٹّہ[4] کیسے لگ جائے گا۔ مرد کی شہرت سے مرد کی عزت نہیں گھٹتی[5] تو عورت کی شہرت سے کیوں اُس کی بڑائی[6] کو گھن[7] لگ جائے گا۔

بیوی جاہل[8] ہو تو کوئی مضائقہ[9] نہیں۔ میاں بیوی سے کم پڑھا لکھا ہو تو اندھیر[10] ہو جائے گا۔ دنیا میں کروڑوں عورتیں اپنے شوہروں کی بیوی بن کر مزے سے رہتی ہیں۔ انھیں احساسِ کمتری نہیں ہوتا۔ مرد کے کان میں پیدا ہوتے ہی پھونک[11] دیا جاتا ہے کہ وہ برتر[12] ہے۔ اور اُس کی معصومیت[13] دیکھیے کہ وہ واقعی یقین[14] کر لیتا ہے کہ وہ دنیا کی لائق ترین[15] عورت سے بلند[16] ہے۔ صرف اِس لیے کہ وہ مرد ہے۔ پھر جب اُسے اپنے سے زیادہ تعلیم یافتہ[17] اور عقلمند عورت ملتی ہے تو وہ اُس سے نفرت[18] کرتا ہے۔ کیونکہ اُس وقت وہ خود کو دھوکا[19] نہیں دے سکتا۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کو امریکہ میں رہنے والی تعلیم یافتہ عورتوں کے سنجیدہ[20] مسئلوں[21] پر ایک رپورٹ تیار[22] کرنا ہے۔

---

1 *chīnnā* to snatch
2 *allāh kī den* god gifted
3 *chichorāpan* m indecency
4 *baṭṭā lagnā* int to be disgraced
5 *izzat ghaṭnā* to be insulted
6 *baṛāī* f greatness
7 *x ko ghun lagnā* to have woodlouse on x
8 *jāhil* ignorant
9 *muzāīqā* m difficulty
10 *andher* m big problem
11 *phūṅk denā* to burn down
12 *bartar* better
13 *māsūmīyat* f innocence
14 *yaqīn karnā* to believe
15 *lāiq tarīn* most intelligent, most suitable
16 *x se buland* superior than x
17 *tālīm yāftā* educated
18 *nafrat karnā* to hate
19 *x ko dhokā denā* to trick x
20 *sanjīdā* serious
21 *masalā* m problem, issue
22 *taīyār karnā* to prepare

## ۳۸۔ امراؤجان ادا مرزا رسوا

جن لوگوں میں، میں نے پرورش[1] پائی تھی، جواُن کا طریقہ[2] تھا، وہی میرا بھی تھا۔ میں نے اُس زمانے میں کبھی کسی مذہبی[3] عقیدے[4] پر غور نہیں کیا اور میرا خیال ہے کہ کوئی ایسی حالت میں نہ کرتا۔

ارضی[5] وسماوی[6] حادثے[7]، جن کا کوئی وقت مقرر[8] نہیں ہے، مگر جب واقع[9] ہوتے ہیں تو دلوں میں ایک خاص قسم کی دہشت[10] سما[11] جاتی ہے۔ مثلاً[12] زور سے بادل کا گرجنا[13]، بجلی کا چمکنا[14]، آندھیوں[15] کا آنا، اولوں[16] کا گرنا یا زلزلے[17] کا آنا، سورج گرہن[18] یا چاند گرہن، قحط سالی[19]، وبا[20] وغیرہ۔ ایسے امور[21] اکثر خدائی غضب[22] کی علامتیں[23] سمجھی جاتی تھیں۔ پھر میں نے دیکھا کہ لوگوں کے بعض[24] اعمال[25] کی وجہ سے وہ رفع دفع[26] ہوگئیں۔ مگر یہ بھی دیکھا کہ بہت سی آفتیں[27]، دعا، تعویذ[28]، ٹوٹکے[29] وٹکے

---

1 *parvariš pānā* int to have an upbringing
2 *x kā tarīqā* way/style of x
3 *mazhabī* religious
4 *aqīdā* m belief
5 *arzī* earthly
6 *samāvī* heavenly
7 *hādisa* m incident, accident
8 *muqarrar karnā* to fix, set
9 *vāqe honā* to happen
10 *dahšat* f terror
11 *samānā* to be filled
12 *masalan* for example
13 *bādal garajnā* int to thunderstorm
14 *bijlī camaknā* int lightning to strike
15 *āṅdhī ānā* int to storm dust
16 *ole girnā* int to hailstorm
17 *zalzalā ānā* int to earthquake
18 *sūraj/cānd grahan lagnā* to solar/lunar eclipse
19 *qahat sālī* f famine
20 *vabā* f plague
21 *umūr* m pl matters
22 *xudāī ğazab* m calamity
23 *alāmat* f symptom
24 *bāz* some
25 *āmāl* m pl actions
26 *rafā dafā honā* to be gone
27 *āfat* f calamity
28 *tāvīz* m amulet
29 *ṭoṭkā* m voodoo, remedy

کسی بات سے نہ ٹلیں[1]۔ ایسے امور[2] کو لوگ خدا کی مرضی[3]، تقدیرِ آسمانی[4] کی طرف منسوب[5] کر دیا کرتے ہیں۔ مذہبی احکام مجھ کو مفصل[6] نہ پہنچے تھے اور نہ ثواب[7] عذاب[8] کا مسئلہ[9] اچھی طرح سمجھایا گیا تھا۔ اس لیے اِن باتوں کا اثر میرے دل پر نہ تھا۔ بے شک[10] اُس زمانے میں میرا کوئی مذہب نہ تھا۔ صرف اور لوگوں کو کرتے دیکھتی تھی وہی آپ بھی کرنے لگتی تھی۔ اُس وقت میں میرا کوئی مذہب ہی نہ تھا۔ تقدیر پر میں بہت ہی شاکر[11] تھی۔ جو کام میں کاہلی[12] سے نہ کر سکتی تھی یا میری بے وقوفی سے بگڑ[13] جاتا تھا اُس کو تقدیر کے حوالے[14] کر دیتی، فارسی کتابوں کے پڑھنے سے آسمان کی شکایت کرنے کا مضمون[15] میرے ہاتھ آ گیا[16] تھا اور جب میرا کوئی مطلب فوت[17] ہو جاتا تھا یا کسی اور وجہ سے ملال[18] پہنچتا[19] تھا تو جا و بے جا[20] فلک[21] کی شکایت کیا کرتی تھی۔

مولوی صاحب، بوا حسینی اور بڈھے بڑھیاں جب اگلے[22] زمانے کی باتیں کرتے تھے تو اُس سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ اِس زمانے سے بہت ہی اچھا تھا۔ اس لیے اُن کی طرح میں بھی اُسی زمانے کی غائبانہ[23] تعریف اور زمانۂ موجودہ کی بلا وجہ[24] مذمت[25] کیا کرتی تھی۔ میں کمبخت[26]، اِس بات کو نہ سمجھی کہ بڈھے بڑھیاں جو اگلے وقتوں کی تعریف

---

1 *ṭalnā* int to be passed over
2 *umūr* m pl actions
3 *xudā kī marzī* god's will
4 *taqdīr-e-āsmānī* f destiny
5 *mansūb karnā* to associate
6 *mufassal* full, in detail
7 *savāb* m reward (of obedience to god)
8 *azāb* m punishment
9 *maslā* m problem
10 *bešak* of course, no doubt
11 *taqdīr par šākir honā* int to be thankful for the destiny
12 *kāhilī* f laziness
13 *kām bigaṛnā* int work to get ruined
14 *havāle karnā* to give in charge, hand over
15 *mazmūn* m subject, article
16 *hāth ānā* int to get, find
17 *x kā matlab faut ho jānā* the meaning of x to be killed
18 *malāl* m sadness
19 *pahũncnā* int to reach, arrive
20 *jā-o-bejā* out of place, unreasonably
21 *falak* m sky
22 *aglā* previous
23 *ğāibānā* invisibly
24 *bilāvajāh* without reason
25 *mazammat karnā* to abuse
26 *kambaxt* unfortunate

کرتے ہیں اِس کا سبب[1] یہ ہے کہ اپنی اپنی جوانی کے دن سب کو بھلے[2] معلوم ہوتے ہیں، اس لیے دنیا بھلی معلوم ہوتی ہے۔ سن رسیدہ[3] لوگوں کی دیکھا دیکھی[4] جوانوں نے بھی انہی کا وتیرہ[5] اختیار[6] کرلیا ہے، اور چونکہ[7] یہ غلط فہمی[8] مدّت[9] سے چلی آتی ہے اس لیے اب عموماً[10] سب کو اِس کی عادت[11] ہوگئی ہے۔

جوان ہونے کے بعد میں عشق[12] و آرام میں پڑ گئی تھی۔ اُس زمانے میں گا بجا کے مردوں کو رجھانا[13] میرا خاص پیشہ[14] تھا۔ اُس میں جس قدر کامیابی یا ناکامیابی مجھ کو ہوتی تھی، وہی میری خوشی اور رنج[15] کا اندازہ[16] تھا۔ میری صورت بہ نسبت[17] اوروں کے، کچھ اچھی نہ تھی مگر فنِ موسیقی[18] کی مہارت[19] اور شعر و سخن[20] کی قابلیت[21] کی وجہ سے میں سب سے بڑھی چڑھی رہی[22]۔ اپنی ہم عمروں میں مجھے ایک خاص قسم کا امتیاز حاصل[23] تھا مگر اِس سے کچھ نقصان[24] بھی ہوا۔ وہ یہ کہ جس قدر[25] میری عزت زیادہ ہوتی گئی اتنا ہی میرا خودداری[26] کا خیال دل میں پیدا ہوتا گیا۔ جہاں اور رنڈیاں[27] بے باکیوں[28] سے اپنا مطلب نکال لیتی[29] تھیں میں منھ دیکھتی[30] رہ جاتی تھی۔ مثلاً[31]،

---

1 *x kā sabab* cause of x
2 *bhalā* good
3 *sin rasīdā* old
4 *x kī dekhā dekhī* by imitating x
5 *vatīrā* m habit
6 *ixtīār karnā* to adopt
7 *cūṅki* whereas
8 *ğalat fahmī* f misconception
9 *muddat* f long time period
10 *umūman* generally, usually
11 *x kī ādat* habit of x
12 *išq-o-ārām meṅ paṛnā* to get involved in sensual pleasures
13 *x ko rijhānā* to charm x
14 *peša* m profession
15 *ranj* m sorrow
16 *andāzā* m valuation
17 *x kī banisbat* in comparison with x
18 *fan-e-mausīqī* m art of music
19 *x kī mahārat* skill/expertise of x
20 *šer-o-suxan* m literature
21 *x kī qābilīyat* capability of x
22 *x se baṛhā caṛhā* superior than x
23 *x kā imtīāz hāsil honā* to have a distinctive sense of x
24 *nuqsān* m loss
25 *jis qadr* as much
26 *xuddārī* f dignity
27 *ranḍī* f prostitute
28 *bebākī* f boldness
29 *x se apnā matlab nikālnā* to get what you want out of x
30 *muṅh dekhte rah jānā* int to feel defeated
31 *masalan* for example

اُن کا یہ عام[1] قاعدہ[2] تھا کہ ہرکس وناکس[3] سے کسی نہ کسی قسم کی فرمائش[4] ضرور کر دینی چاہیے۔ مجھے اِس سے شرم آتی تھی۔ یہ خیال آتا تھا کہ ایسا نہ ہو انکار[5] کر دے، تو خفت[6] ہو گی۔ اور نہ ہر شخص سے میں بہت جلد بےتکلف[7] ہو جاتی تھی۔ میری اور ساتھ والیوں کے پاس جب کوئی آ کے بیٹھتا تو اُن کو سب سے زیادہ اِس کی فکر[8] ہوتی کہ کہاں تک دے سکتا ہے اور ہم کہاں تک اُس سے لے سکتے ہیں۔ میرا بہت سا وقت اُس شخص کی ذاتی[9] لیاقت[10]، حسنِ اخلاق[11] کے اندازہ کرنے میں صرف[12] ہو جاتا تھا۔ مانگنے کی عادت کو میں معیوب[13] سمجھنے لگی تھی، اِس کے علاوہ[14] اور باتیں بھی مجھ میں رنڈی پنے[15] کی نہ تھیں۔ اس لیے میری ساتھ والیوں میں سے کوئی مجھے ناک چوٹی[16] میں گرفتار، کوئی خفقانی[17]، کوئی دیوانی سمجھتی تھی مگر میں نے اپنی کی[18]، کسی کی نہ سنی۔

پھر وہ زمانہ آیا کہ میں رنڈی کے ذلیل[19] پیشے کو عیب[20] سمجھنے لگی اور اُس سے دستبردار[21] ہو گئی۔ ہرکس وناکس سے ملنا چھوڑ دیا۔ صرف ناچ مجرے[22] پر بسر اوقات[23] رہ گئی۔ کسی رئیس[24] نے نوکر رکھا[25] تو نوکری[26] کر لی۔ رفتہ رفتہ[27] یہ بھی ترک[28] کر دیا۔

---

1 *ām* common
2 *qāidā* m custom
3 *har kas-o-nākas* m anybody
4 *farmāīš karnā* to ask for a gift, demand
5 *inkār karnā* to deny, to refuse
6 *xiffat honā* to feel humiliated
7 *betakalluf honā* to become frank
8 *x kī fikr honā* to be curious about x
9 *zātī* personal
10 *līāqat* f aptitude
11 *husn-e-axlāq* m courtesy
12 *sarf honā* int to be finished, spent
13 *x ko māyūb samajhnā* to think x is indecent
14 *x ke alāvā* in addition to x
15 *ranḍīpanā* m nature of a prostitute
16 *nāk coṭī meṅ giriftār honā* int to be in problems
17 *xafqānī* hysterical
18 *apnā karnā* to do what one's heart says
19 *zalīl* disgraced
20 *x ko aib samajhnā* to think x is inappropriate
21 *dastbardār honā* int to give up
22 *mujrā* m singing and dancing
23 *x par basar auqāt* dependence on x
24 *raīs* rich person
25 *x ko naukar rakhnā* to hire x
26 *x kī naukarī karnā* to serve x
27 *raftā raftā* gradually, slowly
28 *tark karnā* to quit

جب میں اِن افعال[1] سے تائب[2] ہوئی جن کو میں نے اپنے نزدیک برا سمجھ لیا تھا تو اکثر میرے جی میں آیا کہ کسی مرد آدمی کے گھر پڑ[3] جاؤں لیکن پھر یہ خیال کہ لوگ کہیں گے آخر رنڈی تھی نا، کفن کا چونگا[4] کیا۔

مرزا صاحب! شاید اِس محاورے[5] کو آپ نہ سمجھیں۔ مطلب اِس کا یہ ہے کہ کوئی رنڈی سن سے اتر[6] کر کسی کے گھر بیٹھ جاتی[7] ہے تو تجربہ کار[8] تماشبین[9] اُس کی نسبت[10] کہا کرتے ہیں کہ اِس رنڈی نے کفن کا چونگا کیا، یا مرتے مرتے کفن لے مری۔ یعنی اپنے دام[11] بچا[12] لیے اور از راہِ[13] فریب تماشبین پر اپنی تجہیز و تکفین[14] کا بار[15] ڈالا۔ اِس مثل[16] سے رنڈیوں کی بے حد[17] خود غرضی[18]، لالچ[19] اور فریب کا ثبوت[20] ملتا ہے۔ اِس میں کچھ شک[21] نہیں کہ ہم لوگ ایسے ہی ہوتے ہیں۔

..........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کی بیٹی جھونپڑ پٹّی[22] میں جا کر تعلیم دینا چاہتی ہے۔ آپ کی بیوی اِس فیصلے سے بالکل خوش نہیں ہیں۔ آپ اُن کو جھونپڑ پٹّی میں تعلیم پہنچانے کی اہمیت[23] کے بارے[24] میں بتایئے۔

---

1 *afāl* m pl actions, matters, activities
2 *x se tāib honā* to put restrictions on self regarding x
3 *x ke ghar paṛnā* when a woman cohabitates with x out-of-wedlock
4 *kafan kā coṅgā karnā* to make arrangements for a funeral shroud
5 *muhāvarā* m idiom
6 *sin se utarnā* int to become old
7 *x ke ghar baiṭhā* when a woman cohabitates with x out-of-wedlock
8 *tajrubekār* experienced
9 *tamāšbīn* spectator
10 *x kī nisbat kahnā* to say regarding x
11 *dām* m money, price
12 *bacānā* to save
13 *az rāh-e-fareb* cunningly
14 *tajhīz-o-takfīn* f funeral and cremation
15 *x kā bār ḍālnā* to put the burden of x
16 *masal* f proverbial saying
17 *behad* endless, limitless
18 *xudğarazī* f selfishness
19 *lālac* m greed
20 *sabūt* m proof
21 *šak* m doubt
22 *jhoṅpaṛ paṭṭī* f slum
23 *x kī ahamīyat* importance of x
24 *x ke bāre meṅ* about x

## ۳۹۔ خدا کس کی مدد کرتا ہے — سر سید احمد خان

یہ ایک نہایت عمدہ[1] اور آزمودہ[2] مقولہ[3] ہے۔ اس چھوٹے سے فقرے[4] میں انسانوں کا اور قوموں[5] کا اور نسلوں[6] کا تجربہ[7] جمع[8] ہے۔ ایک شخص[9] میں اپنی آپ مدد کرنے کا جوش[10] اُس کی سچّی ترقی[11] کی بنیاد[12] ہے جبکہ[13] یہ جوش بہت سے شخصوں میں پایا جاوے تو وہ قومی[14] ترقی اور قومی طاقت اور قومی مضبوطی[15] کی جڑ[16] ہے جبکہ کسی شخص کے لیے یا کسی گروہ[17] کے لیے کوئی دوسرا کچھ کرتا ہے تو اُس شخص میں سے یا اُس گروہ میں سے وہ جوش اپنی آپ مدد کرنے کا کم ہو جاتا ہے اور ضرورت اپنی آپ مدد کرنے کی اُس کے دل سے مٹتی[18] جاتی ہے۔ اور اُس کے ساتھ غیرت[19]، جو ایک نہایت عمدہ قوت[20] انسان میں ہے اور اسی کے ساتھ عزت[21] جو اصلی چمک دمک[22] انسان کی ہے ازخود[23] جاتی رہتی ہے۔ اور جبکہ ایک قوم کی قوم کا یہ حال ہو تو وہ ساری قوم دوسری قوموں کی آنکھ میں ذلیل[24] اور بے عزت ہو جاتی ہے۔ آدمی جس قدر[25] کہ دوسرے پر بھروسہ[26] کرتے جاتے ہیں، خواہ[27] اپنی بھلائی[28] اور اپنی ترقی کا بھروسہ گورنمنٹ

---

1 *nihāyat umdā* f of excellent quality
2 *āzmūdā* tested
3 *maqūlā* m saying
4 *fiqrā* m phrase
5 *qaum* f nation
6 *nasl* f race
7 *tajrubā* m experience
8 *jamā honā* int to be gathered
9 *šaxs* m person
10 *još* m passion
11 *taraqqī* f progress
12 *bunyād* f foundation
13 *jabki* while
14 *qaumī* national
15 *mazbūtī* f strength
16 *jaṛ* f root
17 *giroh* m group
18 *miṭnā* int to be erased
19 *ğairat* f honor
20 *qūvat* f strength
21 *izzat* f reputation
22 *camak damak* f splendour
23 *azxud* by itself
24 *zalīl honā* disgraced
25 *jis qadr* how much
26 *x par bharosā karnā* to trust x
27 *xāh* whether
28 *bhalāī* f benefit

ہی پر کیوں نہ کریں وہ اِسی قدر بے مدد اور بے عزت ہوتے جاتے ہیں۔

اے میرے ہم وطن[1] بھائیو! کیا تمہارا یہی حال نہیں ہے؟

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ سے کہا گیا ہے کہ انسانی حقوق[2] کے علم بردار[3] مارٹن لوتھر کنگ کی کسی تقریر[4] کے دس جملوں[5] کا اردو میں ترجمہ[6] کیجیے اور اپنے ترجمے کے ساتھ انگریزی عبارت[7] بھی منسلک[8] کیجیے۔

---

1 *hamvatan* compatriot
2 *insānī huqūq* m pl human rights
3 *alam bardār* m flag-bearer
4 *taqrīr* f speech
5 *jumlā* m sentence, a written or spoken sentence
6 *tarjumā karnā* to translate
7 *ibārat* f a written sentence
8 *munsalik karnā* to attach

## ۴۰۔ مشاہدات    ہوش بلگرامی

نسلی امتیازات[1] انسان کے تھکے ہوے دماغ کی پیداوار[2] ہیں۔ وطنی امتیاز[3] صرف تعارف[4] کے لیے ہے، سفید اور سیاہ رنگ کے انسان آب و ہوا[5] کے فرق سے پیدا ہوتے ہیں۔ رہ گئی زبان، وہ کہیں ایک خاص طرح کے مطلب کے لیے وجود[6] میں آ گئی اور کہیں دوسری زبان اظہارِ خیال کا ذریعہ بن[7] گئی۔ یہ اختلافات[8] انسان کے امتیاز[9] اور تفرقہ[10] کی بنیادیں نہیں ہوسکتیں۔ امتیاز اور تفرقہ تو اُس وقت ہوتا ہے جب ہندوستان کے انسان کی جسمانی ساخت[11] افریقہ کے انسان کی جسمانی ساخت سے جدا[12] ہوتی۔ ہندوستان کے انسان کا سر افریقی انسان کے سر کے خلاف کسی دوسرے مقام پر لگا دیا جاتا، ہاتھوں کی جگہ پاؤں بنا دیے جاتے، آنکھیں گردن پر لگا دی جاتیں۔

کرّۂ ارض[13] کا ہر انسان خدوخال[14] اور رنگ و زبان میں ضرور مختلف ہوتا ہے مگر اعضائے جسمانی[15] سب کے ایک ہی قسم[16] کے ہوتے ہیں۔ انسانی پیدائش کا ایک ہی طریقہ ازل[17] سے چلا آ رہا ہے۔ کھانا سب ہاتھ سے لے کر حلق[18] میں اتارتے ہیں۔ چلتے سب پیروں سے ہی ہیں، دیکھتے سب آنکھوں ہی سے ہیں، سنتے سب کانوں ہی

---

1 *imtīāz* f discrimination, difference
2 *x kī paidāvār* production of x
3 *vatanī imtīāz* m distinction of country
4 *tāruf* m introduction
5 *āb-o-havā* f climate
6 *vajūd meṅ ānā* int to born
7 *izhār-e-xayāl kā zarīā bannā* int to become a source of expression
8 *ixtilāf* m difference
9 *imtīāz* m difference
10 *tafriqā* m difference
11 *jismānī sāxt* f physical structure
12 *x se judā* different from x
13 *kurrā-e-arz* m the earth
14 *xad-o-xāl* m features
15 *āzā-e-jismānī* m pl organs
16 *qism* f kind
17 *azal se* from the beginning
18 *halq* m the throat

سے ہیں۔غرض[1] کہ ہر عضوِ جسمانی[2] سے ہر انسان وہی کام لیتا ہے جس کے لیے وہ بنا دیا گیا ہے۔جب کسی انسان میں کسی طرح کا کوئی امتیاز ہی نہیں ہے تو تعارف کے لیے اگر کوئی سورج نارائن کے نام سے مشہور ہے تو اپنا بھائی سمجھ کر اُس کی مادری زبان میں نمسکار[3] کیجیے۔اگر کسی کے والدین نے کسی کا نام عمر خاں رکھ[4] دیا تو اُس سے سلام علیکم کر لیجیے۔یہ سب اضافی[5] چیزیں ہیں۔اِس سے نہ کسی کے آبائی[6] مذہب کو صدمہ[7] پہنچتا ہے اور نہ کسی کے عقائد[8] مجروح[9] ہوتے ہیں۔

انسان مختلف ہوتے ہیں اس لیے کسی کو بتوں[10] سے شانتی ملتی[11] ہے، کوئی صلیب[12] کے سامنے سرِ تسلیم خم[13] کرتا ہے، کسی کو بھڑکتے[14] ہوئے شعلے[15] ٹھنڈک پہنچاتے[16] ہیں اور کوئی رکوع[17] و سجود[18] میں اپنی عبدیت[19] کا اعتراف[20] کرتا ہے۔اِس چار دیواری میں سب کچھ ہوتا رہے مگر اِس سے انسانیت[21] کو کیوں مٹایا جاتا ہے؟ آدمیت[22] کو کیوں ٹھیس[23] لگائی جاتی ہے؟ جبکہ عبادتوں[24] میں سب سے بڑی عبادت یہ ہے کہ انسانی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھا جائے، ہر انسانی راحت[25] کو اپنی راحت سمجھ کر لطف[26] اٹھایا جائے اور اِس طرح سے بھائی چارگی[27] کا عملی ثبوت[28] دیا جائے کہ کسی کو

---

1 *ğaraz kein* short
2 *azū-e-jismānī* m limb or part of a human body
3 *namaskār karnā* to greet
4 *nām rakhnā* to name
5 *izāfī* additional
6 *ābāī* paternal
7 *x ko sadmā pahuncānā* to hurt x
8 *aqāīd* m pl faith
9 *majrūh honā* int to become wounded
10 *but* m idol
11 *šāntī milnā* int to get peace
12 *salīb* m a crucifix
13 *sar-e-taslīm xam karnā* to pay homage
14 *bhaṛaknā* int to blaze up
15 *šolā* m flame
16 *x ko ṭhanḍak pahuṅcānā* to make x calm
17 *rukū* m bowing the body in prayer
18 *sajūd* m pl prostrations (in prayer)
19 *abdīyat* f servitude
20 *x kā etirāf karnā* to confess of x
21 *insānīat* f humanity
22 *ādmīyat* f humanity
23 *x ko ṭhes lagānā* to hurt x
24 *ibādat* f worship
25 *rāhat* f relief
26 *lutf uṭhānā* int to enjoy
27 *bhāīcārgī* f brotherhood
28 *x kā amalī subūt denā* to give a practical proof of x

یہ احساس بھی نہ ہو سکے کہ اِس میں کون ہندو ہے، کون مسلمان، کون عیسائی ہے اور کون پارسی۔ جب تک یہ نہ ہوگا ہم انسانی برادری[1] کے صحیح مفہوم[2] سے آشنا[3] نہ ہو سکیں گے اور نہ مستقل[4] راحت وآرام کا تصور[5] کر سکیں گے۔

میرے پیشِ نظر[6] اِس وقت ہندوستان کی دو ممتاز[7] قومیں ہیں اور اُن ہی سے مجھ کو سروکار[8] ہے۔ جن سے انسانیت کا واسطہ[9] دے کر اپیل کرتا ہوں کہ جب تمام انسان ایک ہی نسل سے تعلق رکھتے ہیں، ہندو مسلمان دونوں آدم کی اولادیں ہیں اور اُن کا مرز و بوم[10] بھی ایک ہی ہے، دونوں ہزاروں سال سے مل جل کر رہتے بھی چلے آئے ہیں تو اب نفرت اور بیگانگی[11] کیوں؟ مذہبی تعصّبات اور نسلی امتیازات کو بھلا کر دنیا پر یہ ثابت کر دیجیے کہ ہندوستان ہی وہ مقام ہے جہاں باوجود[12] مذاہب کی کثرت[13] کے انسانی برادری کا جلوہ[14] اب بھی دیکھا جا سکتا ہے اور صرف ہندوستانی ہو کر زندہ رہا جا سکتا ہے۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ سے کہا گیا ہے کہ نسلی امتیاز[15] کی بنا[16] پر امریکہ اور ہندوستان کی ذہنیت[17] کا جائزہ[18] لیجیے۔

---

1 *insānī birādarī* f brotherhood
2 *mafhūm* m meaning, context
3 *āšnā honā* int to become friendly
4 *mustaqil* absolute
5 *x kā tasavvur karnā* to imagine x
6 *x ke peš-e-nazar* in the x's opinion
7 *mumtāz* prominent
8 *x se sarokār honā* to be concerned about x
9 *x kā vāsitā denā* in order to sake of x
10 *marz-o-būm* m territory
11 *begānagī* f strangeness
12 *x ke bāvajūd* in spite of x
13 *kasrat* f excess
14 *jalvā* m manifestation
15 *naslī imtīyāz* m racial discrimination
16 *x kī binā par* on the basis of x
17 *zehnīyat* f mentality
18 *x ka jāizā lenā* to analyze x

## ۱۴۔ خط بنام طفیل — فراق گورکھ پوری

برادرم طفیل صاحب۔ تسلیم[1]

ایک مدت ہوگئی جب آپ کا محبت نامہ[2] ملا تھا۔ میری بدتوفیقی[3] دیکھیے کہ اندازاً[4] چار ماہ بعد جواب لکھنے بیٹھا ہوں۔ اِدھر کئی برسوں سے میرے لیے بڑی مصیبت[5] یہ ہوگئی ہے کہ میرے پاس جتنی بھاری ڈاک[6] آتی ہے، اُس کا جواب دینا میرے بس[7] کی بات نہیں۔ آپ کے خطوط تو میرے دل و دماغ میں تازگی[8] پیدا کر دیتے ہیں، لیکن بہت سے خطوط ایسے بھی آتے ہیں جن میں احباب[9] خلوص[10] و محبت کی باتیں تو لکھتے ہیں لیکن جنھیں پڑھ کر عموماً[11] تھکاوٹ سی محسوس کرتا ہوں۔ شہرت[12] میرے لیے ایک مصیبت ہوگئی ہے۔ پھر میری حیثیتیں[13] بھی کئی ہیں۔ اردو، ہندی، انگریزی، تمام حلقوں[14] سے نظموں، غزلوں، نثر کے مضامین، پیغامات[15]، صلاح مشورے[16] کی مانگیں[17] آتی رہتی ہیں، جو ذہن میں ایک پراگندگی[18] اور انتشار[19] پیدا کر دیتی ہیں۔ پھر لکچروں اور تقریروں کی بھی مانگیں آتی رہتی ہیں اور اِن سب پہ مستزاد[20] انگریزی ادب کے معلم[21] کے کارِ منصبی[22] کی ذمہ داریاں[23] ٹکڑے ٹکڑے[24] ہو کر رہ جاتا ہوں۔ میرے

---

1 *taslīm* f greeting
2 *mohabbat nāmā* m letter of kindness, love letter
3 *bad taufiqī* bad luck
4 *andāzan* approximately
5 *musībat* f difficulty
6 *ḍāk* f post
7 *x ke bas kī bāt* under the power of x
8 *tāzigī* f freshness
9 *ahbāb* m pl friends
10 *xulūs* m affection
11 *umūman* generally
12 *šohrat* f popularity
13 *haisīyat* f recognition, rank, designation
14 *halqā* m circle
15 *paiğāmāt* m pl messages
16 *salāh mašvarā* m advice
17 *māṅg* f request
18 *parāgandagī* f dispersion
19 *intišār* m dispersion
20 *mustazād* additional
21 *muallim* m teacher
22 *kār-e-mansabī* official work
23 *zimmedārī* f responsibility
24 *ṭukṛe ṭukṛe honā* to shatter in pieces

لیے میری ڈاک صرف امیدواروں[1] کی حامل[2] نہیں ہوتی بلکہ امید و بیم[3] کی حامل ہوتی ہے۔ صحت کی خرابی، نیم خوابی[4]، سودائی[5] مزاج کی وجہ سے طبیعت کا انتشار[6]، گھٹن[7] اور گھبراہٹ[8]، جسم کی مستقل تھکن، ہاتھ میں رعشہ[9] آ جانے کی وجہ سے لکھنے سے معذوری[10]، اِن تمام بلاؤں[11] میں مبتلا[12] ہوں، بہر حال[13] کام کیے جا رہا ہوں، اور ہانپ ہانپ کر[14] ایک ادیب[15] کے فرائض[16] جیسے تیسے[17] پورے کرتا جا رہا ہوں۔ عمر بھی ساٹھ کے لگ بھگ[18] ہے (تاریخِ پیدائش: ۲۸ اگست ۱۸۹۶ء) پھر بھی اپنے شعور[19] کو کچھ ایسی تربیت[20] دے سکا ہوں کہ داخلی سکون[21] کا رشتہ ہاتھ سے چھوٹنے[22] نہ پائے۔ اِس امر[23] کا خیال رکھتا ہوں کہ جو جو طوفان اٹھتے[24] رہیں وہ میری شخصیت کی سطحوں[25] پر اگر ہلچل مچا[26] دیں تو بھی میرے شعور کی گہرائیاں[27] اپنا سکون و توازن[28] قائم[29] رکھیں۔

آپ نے تو ایک سانس میں کئی باتیں کہہ دی ہیں، لیکن میں سانس لے لے کر بھی سب باتیں کہنا چاہوں تو بھی آپ کی ساری باتوں کا جواب مشکل ہے۔ بہر حال آپ کے کچھ

---

1 *ummīdvār* adj & m candidate
2 *hāmil* m bearer
3 *bīm* m fear
4 *nīm xābī* f drowsiness
5 *saudāī* adj & m insane
6 *intešār* m anxiety
7 *ghuṭan* f suffocation
8 *ghabrāhaṭ* f perplexity
9 *rāšā* m tremor
10 *x se māzūrī honā* to be incapable of x
11 *balā* f evil spirit
12 *x meṅ mubtalā honā* to suffer from x
13 *bahar hāl* anyways
14 *hāṅp hāṅp kar* with difficulty
15 *adīb* adj & m literary person
16 *x ke farāiz pūre karnā* to fulfil the responsibilities of x
17 *jaise taise* with difficulty, somehow
18 *x ke lag bhag* around/close to x
19 *šaūr* m sensibility
20 *x ko tarbīyat denā* to train x
21 *dāxilī sukūn* m internal peace
22 *x se chūṭnā* int to loose by x
23 *amr* m point, matter
24 *tūfān uṭhnā* int for a storm to arise
25 *satah* f surface
26 *halcal macānā* to create commotion
27 *x kī gahrāiyāṅ* the depth of x
28 *sukūn-o-tavāzun* m peace and balance
29 *qāim rakhnā* int to keep, maintain

کہے بغیر جان چھڑانا[1] بھی مشکل ہے، اس لیے آج یہ عرض[2] کیے دیتا ہوں، کہ مجھے شعر کہنے کے لیے کسی خاص ماحول یا موڈ کی ضرورت ہوتی ہے یا نہیں؟۔

بظاہر میری زندگی کا خارجی[3] ماحول دوسروں کی زندگی کے خارجی ماحول سے زیادہ مختلف نہیں ہے، میرا تعلق[4] وسطی[5] طبقے سے ہے اور اِس طبقے کی عام خصوصیتیں اپنی زندگی میں بھی میں پاتا ہوں۔ اِس کے باوجود اپنی ایک انفرادی[6] شخصیت بھی رکھتا ہوں جس کے نمایاں[7] خط و خال[8] ہیں اور جو مجھ کو اپنے ہم چشموں[9] سے متمائز[10] کرتی ہے۔ بچپن ہی سے میں اپنے بھائی بہنوں سے اپنے کو بہت مختلف پاتا تھا۔ مثلاً میں اُن سے زیادہ جذباتی[11] تھا۔ محبت اور نفرت کی غیر معمولی شدت[12] میں اپنے اندر پاتا تھا۔ مانوس[13] چیزیں بھی مجھے حد درجہ[14] مانوس اور حد درجہ عجیب محسوس ہوتی تھیں۔ مناظرِ قدرت[15] سے میں اتنا متاثر ہوتا تھا کہ اُن میں کھو[16] جایا کرتا تھا۔ میرے بچپن کی دوستیاں بھی بہت شدید قسم کی ہوتی تھیں۔ بچپن کے کھیل اور کھلونوں سے بھی اتنی زبردست لگاوٹ[17] محسوس کرتا تھا کہ گھر والے تعجب[18] کرتے تھے، اور کبھی کبھی میرا مذاق اڑاتے[19] تھے، میری والدہ کا کہنا ہے کہ دو تین برس کی عمر ہی سے میں کسی بدصورت مرد یا عورت کی گود میں جانے سے انکار کر دیتا تھا۔ کچھ یہاں تک ضد[20] کرتا تھا کہ ایسے لوگ گھر میں نہ آنے پائیں۔ اِس کی خوب ہنسی اڑتی[21] تھی اور کبھی کبھی اِس

---

1 *jān chuṛānā* to get rid of
2 *arz karnā* to say
3 *xārijī* adj & m external
4 *tālluq* m connection, relation
5 *vasatī tabqā* middle class
6 *inferadī* individual
7 *numāyāṅ* prominent
8 *xat-o-xāl* m pl features
9 *ham cašm* m fellow
10 *mutamāiz karnā* to make distinct
11 *jazbātī* emotional
12 *ğair māmūlī šiddat* f extra ordinary intensity
13 *mānūs* familiar
14 *had darjā* extremely
15 *manāzir-e-qudrat* m pl natural sceneries
16 *x meṅ khonā* int to get lost in x
17 *lagāvaṭ mahsūs karnā* to feel an attachment
18 *tājjub karnā* to wonder
19 *mazāq uṛānā* to make fun
20 *zid karnā* to insist
21 *haṅsī uṛānā* to make fun

کے لیے مجھے چڑایا[1] بھی جاتا تھا۔ نو دس برس کی عمر ہی سے جس لڑکی یا لڑکے کو، مرد یا عورت کو، اپنے نزدیک[2] میں خوبصورت سمجھتا تھا، اسے دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا تھا کہ میرا جسم بلکہ میری ہڈیاں تک پگھل[3] کر رہ جائیں گی۔ شعوری طور پر احساسِ حسن سے برانگیختہ[4] ہونے والی جنسیت[5] میرے اندر سنِ بلوغ[6] سے کافی پہلے پیدا ہو چکی تھی۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کو ایک ناٹک کھیلنا[7] ہے۔ آپ اردو کی کون سی کہانی چنیں[8] گے اور کیوں؟

---

1 *x ko ciṛānā* to tease x
2 *x ke nazdīk* in x's view
3 *pighalnā* int to melt
4 *barangextā honā* to get excited
5 *jinsīyat* f sexuality
6 *sin-e-balūğ* m age of puberty
7 *nāṭak khelnā* to play a drama
8 *cunnā* to select

## ۴۲۔ مقدمۂ[1] شعر و شاعری    الطاف حسین حالی

جو لوگ اپنے تئیں[2] اردو زبان کا مالک سمجھتے ہیں یعنی اہلِ دہلی[3] یا اہلِ لکھنؤ، اُن کو اِس بات پر فخر[4] کرنا نہیں چاہیے کہ ہماری زبان کا لوگ اتباع[5] کرتے ہیں۔ اور ہمارے روزمرّہ[6] کی پیروی[7] کی جاتی ہے۔ اُن کو یاد رکھنا چاہیے کہ اگر وہ اپنی زبان کی خبر نہ لیں[8] گے، اُس کے محفوظ رکھنے[9] کے وسائل[10] بہم[11] نہ پہنچائیں گے، اُس کے الفاظ و محاورات[12] کو نہایت احتیاط[13] کے ساتھ فراہم[14] اور مرتب[15] نہ کریں گے اور اُس کی نظم و نثر کو زمانے کے مذاق[16] کے موافق[17] ترقی نہ دیں گے تو اُن کی زبان کا وہ حصہ جس پر اُن کو فخر ہے اور جو اُن کی اور تمام ہندوستان کی اردو میں ما بہ الامتیاز[18] ہے وہ حرفِ غلط[19] کی طرح صفحۂ روزگار[20] سے محو[21] ہو جائے گا۔ اور یہی بری بھلی[22] اردو جو عام اخبارات اور جدید تصنیفات[23] کے ذریعے سے ملک میں پھیل رہی ہے اور جس کو وہ اب تک حقارت[24] کی نظر سے دیکھتے رہے ہیں زیادہ سے زیادہ نصف[25] صدی[26] میں

1 *muqaddmā* m preface
2 *taīṅ* up to
3 *ahl-e-dehlī* m pl people of Delhi
4 *x par faxr karnā* to proud on x
5 *ittibā karnā* to follow
6 *rozmarrā* m dialect, daily
7 *pairavī karnā* to follow
8 *x kī xabar lenā* to take care of x
9 *mahfūz rakhnā* to preserve
10 *vasāil* m pl sources
11 *baham pahuṅcānā* to provide
12 *muhāvarāt* m pl idioms
13 *ehtīāt* f care
14 *farāham* brought together, provide
15 *murattab karnā* to compile
16 *mazāq* m taste
17 *x ke mūāfiq* according to x
18 *mā-bihil-imtīāz* distinguished
19 *harf-e-ğalat* m typo
20 *safhā-e-rozgār* m world
21 *mahv* m erasing, disappear
22 *burī bhalī* substandard
23 *tasnīfāt* f pl books
24 *hiqārat kī nazar se dekhnā* to look down upon
25 *nisf* half
26 *sadī* f a century

یہی ملک کی ٹکسالی[1] اور فصیح[2] زبان قرار[3] پا جائے گی۔

کیا اُن کو معلوم نہیں ہے کہ عرب میں جب سے شعر و انشا[4] کی سرد بازاری[5] ہوئی اور عربی نظم و نثر کے مالک غیر ملکوں کے باشندے ہو گئے، رفتہ رفتہ[6] وہ کلیسکل عربی جس پر عربوں کو ناز[7] تھا، لٹریری دنیا سے رخصت ہو گئی اور وہی بیہڑی[8] زبان جس کو عرب حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے تمام عربی لٹریچر پر چھا[9] گئی اور شام و روم و مصر و بربرو سوڈان وغیرہ میں عموماً[10] پھیل گئی۔ یہاں تک کہ آج وہی زبان ٹکسالی اور فصیح عربی سمجھی جاتی ہے۔

ایسا ہی انجام[11] دلّی اور لکھنؤ کی زبان کا، اگر اُس کی جلد خبر نہ لی گئی، ہوتا نظر آتا ہے۔ دلّی جس کو اردوئے معلّیٰ[12] کا مسقط الراس[13] اور جنم بھوم[14] کہنا چاہیے وہاں مصنف اور ناظم و ناثر[15] پیدا ہونے موقوف[16] ہو گئے ہیں۔ پرانے لوگوں میں سے چند نفوس[17] جو باقی رہ گئے ہیں اُن کو چراغِ سحری[18] سمجھنا چاہیے۔ اُن کے بعد بالکل سناٹا[19] نظر آتا ہے۔ لکھنؤ کا حال اگرچہ بظاہر ایسا نہیں معلوم ہوتا۔ وہاں شاعری کا چرچا[20] دلّی سے بہت زیادہ سننے میں آتا ہے۔ وہاں سے ناول اور ڈراما برابر ملک میں شائع ہوتے رہتے ہیں مگر افسوس ہے کہ اُن کا قدم زمانے کی رفتار کے متوازی[21] نہیں اٹھتا۔ وہ جس قدر آگے بڑھتے جاتے ہیں اُسی قدر ترقی کے راستوں سے دور ہوتے جاتے ہیں۔

---

1 *ṭaksālī* genuine
2 *fasīh* fluent
3 *qarār pānā* int to be established
4 *inšā* f writing
5 *sard bāzārī* out of fashion
6 *raftā raftā* gradually
7 *nāz honā* int to feel pride
8 *bīhaṛī* rough
9 *x par chānā* int to overshadow x
10 *umūman* generally
11 *anjām* m result
12 *urdū-e-moallā* f an old name of the Urdu language
13 *masqaturrās* m place of birth
14 *janam bhūm* f place of birth
15 *nāzim-o-nāsir* m pl poets and prose writers
16 *mauqūf honā* int to be stopped
17 *nufūs* m pl people
18 *cirāğ-e-saharī* dying, lamp at the down
19 *sannāṭā m* silence
20 *x kā carcā* popular talk about x
21 *x ke mūtavāzī* in parallel to x

اردو پر قدرت[1] حاصل کرنے کے لیے صرف دلّی یا لکھنؤ کی زبان کا تتبع[2] ہی کافی نہیں ہے بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ عربی اور فارسی میں کم سے کم متوسط درجے[3] کی لیاقت[4] اور نیز[5] ہندی بھاشا میں دست گاہ بہم[6] پہنچائی جائے۔ اردو زبان کی بنیاد[7] جیسا کہ معلوم ہے ہندی بھاشا پر رکھی گئی ہے۔ اِس کے تمام افعال[8] اور تمام حروف[9] اور غالب[10] حصہ اسم[11] کا ہندی سے ماخوذ[12] ہے اور اردو شاعری کی بنیاد فارسی شاعری پر جو عربی شاعری سے مستفاد[13] ہے قائم ہوئی ہے۔ نیز اردو زبان میں بہت بڑا حصہ اسما کا عربی فارسی سے ماخوذ ہے۔ پس اردو زبان کا شاعر جو ہندی بھاشا کو مطلق[14] نہیں جانتا اور محض[15] عربی و فارسی کی گاڑی چلاتا ہے وہ گویا[16] اپنی گاڑی بغیر پہیوں کے منزل تک پہنچانا چاہتا ہے اور جو عربی و فارسی سے نابلد[17] ہے اور صرف ہندی بھاشا یا محض مادری زبان کے بھروسے[18] پر اِس بوجھ[19] کو اٹھاتا ہے وہ ایک ایسی گاڑی ٹھیلتا[20] ہے جس میں بیل[21] نہیں ہیں۔

..........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ ایک فیلوشپ کے لیے عرضی[22] لکھ رہی ہیں۔ اِس عرضی میں آپ بتایئے کہ اردو زبان آپ کی پیشہ ورانہ[23] زندگی کے لیے کیوں اہم[24] ہے؟

---

1 *x par qudrat hāsil karnā* to achieve authority on x
2 *tatabbo* m following
3 *mutavassit darjā* middle-class
4 *līāqat* f capability
5 *nīz* also
6 *dastgāh baham pahuṅcānā* to achieve the knowledge
7 *x par buniād rakhnā* to put the foundation on x
8 *afāl* m pl verbs
9 *hurūf* m pl letters
10 *ğālib* surpassing, dominant
11 *ism* m noun
12 *x se māxūz* derive from x
13 *x se mustafād* benefited from x
14 *mutlaq* absolutely
15 *mahaz* only
16 *goyā* as though
17 *x se nābalad* ignorant of x
18 *x ke bharose* dependence of x
19 *bojh* m weight
20 *ṭhelnā* to push
21 *bail* m bull
22 *arzī* f application
23 *pešavarānā* professional
24 *aham* important

## ۴۳۔ گذشتہ[1] لکھنؤ عبدالحلیم شرر

تہذیب وشائستگی[2] کا تقاضہ[3] یہ ہے کہ زبان پر مکروہ[4] وفحش[5] الفاظ نہ آنے پائیں۔ جو الفاظ وخیالات مخاطب[6] کو ناگوار[7] گذریں اُس کے سامنے زبان سے نہ نکلیں اور اگر کبھی ناگوار مضامین کے ظاہر[8] کرنے کی ضرورت پیش بھی آئے تو وہ ایسے الفاظ اور ایسے عنوان[9] سے ادا[10] کیے جائیں کہ مخاطب کو گراں[11] نہ گذریں۔ اور اگر گراں گذریں بھی تو اُن کی گرانی[12] میں ایک لطف[13] پیدا ہو جائے۔ اِس بارے میں اہلِ زبانِ لکھنؤ[14] اور یہاں کے شائستہ لوگوں[15] کو جو کمال حاصل[16] ہے، ہندوستان کے اور کسی شہر والوں میں نہ نظر آئے گا۔ اگرچہ موجودہ تعلیم وتہذیب نے ایک حد تک[17] یہ خوبی ہر جگہ اندازِ گفتگو[18] میں پیدا کر دی ہے، مگر انگریزی اثر سے معرا[19] کر کے دیکھیے تو یہ شائستگی وشستگی[20] زبانِ اہلِ لکھنؤ ہی کا حصہ نظر آئے گی۔

باہر کے لوگ اِس کا یہاں تک لوہا مانے[21] ہوئے ہیں کہ لکھنؤ والوں کے سامنے گفتگو کرتے جھینپتے[22] اور جس قدر شائستگی اُن میں ہے، اُس کو بھی بھول جاتے ہیں۔ اور اِس

---

1 *guzištā* past
2 *tahzīb-o-šāistagī* f etiquette and courtesy
3 *taqāzā karnā* to demand
4 *makrūh* improper, disgusting
5 *fahoš* immodest, vulgar
6 *muxātab* m one who converses with
7 *nāgavār guzarnā* int to feel unbearable
8 *zāhir karnā* to explain
9 *unvān* m topic, title
10 *adā karnā* to perform, pay
11 *garāṅ guzarnā* int to feel burden
12 *garānī* f heaviness
13 *lutf paidā honā* int for a style to be born
14 *ahl-e-zabān-e-lakhnaū* m pl people of Lucknow's language
15 *šāistā log* m pl cultured people
16 *kamāl hāsil honā* int to have the excellence
17 *ek had tak* until a certain point
18 *andāz-e-guftagū* m style/way of speech
19 *x se muarrā karnā* to denuded from x
20 *šustagī* f purity
21 *x ka lohā mannā* int to accept the superiority of x
22 *jheṅpnā* int to be ashamed

کے بعد جب اپنی صحبتوں[1] میں بیٹھتے ہیں تو یہ کہہ کے اپنی کمزوری کا الزام[2] دور کرتے ہیں کہ ہم سادگی سے صاف صاف باتیں کرتے ہیں اور ہمیں لکھنؤ والوں کی سی چناں چنیں نہیں آتی۔ مگر دراصل یہ عذرِ[3] بدتر از گناہ[4] ہے۔

مزاج پرسی[5] کو دیکھیے، ہر زبان میں اِس کے لیے معمولی الفاظ ہیں۔ مگر اردو میں ادب[6] واحترام[7] کی نگہداشت[8] کے لیے مزاجِ عالی[9]، مزاجِ اقدس[10]، مزاجِ مقدس[11]، مزاجِ معلّٰی[12] وغیرہ کہہ کے معزز[13] مخاطب کی خیریت دریافت[14] کرتے ہیں۔ یہ الفاظ اگرچہ اب ترقیِ اردو کے ساتھ ہر جگہ اور ہر شہر میں پھیل رہے ہیں مگر اِن کے استعمال میں جو اجتہادی ملکہ[15] شرفائے لکھنؤ[16] کو حاصل ہے، اور کسی جگہ کے لوگوں کو نصیب[17] نہیں ہوسکتا۔

اہلِ لکھنؤ کی زبان اس قدر شائستہ اور شستہ ہوگئی ہے کہ یہاں کے عوام اور جہلا[18] دوسرے شہروں کے اکثر شعرا و فصحا[19] سے زیادہ اچھی اردو بولتے ہیں۔ اور جو شائستگی اور تمیزداری[20] ان سے ظاہر ہوتی ہے کسی اور مقام کے قابل و ذی علم[21] لوگوں سے بھی نہیں ظاہر[22] ہوسکتی۔ مگر افسوس[23] لکھنؤ مٹا[24] جاتا ہے، اب یہاں بیرونی[25] لوگوں کا ایسا

---

1 *x kī sohbat meṅ baiṭhnā* int to sit in x's company
2 *ilzām* m blame
3 *uzr* m excuse
4 *badtar azgunāh* worst than a sin
5 *mizājpursī karnā* to inquire after the health
6 *adab* m courtesy, literature
7 *ehtirām* m respect
8 *nigehdāšt* f preservation
9 *ālī* superior
10 *aqdas* respected
11 *muqaddas* respected
12 *moallā* respected
13 *muazziz muxātab* m respected listener
14 *x kī xairīyat daryāft karnā* to inquire the well being of x
15 *ijtīhādī malikā* m excellennt innovation
16 *šurafā-e-lakhnaū* m pl nobles of Lucknow
17 *x nasīb honā* in one's fortune
18 *johlā* m pl ignorants
19 *šoarā-o-fushā* m pl poets and prose writers
20 *tamīzdārī* f aristocracy, nobility
21 *zī ilm log* m pl learned people
22 *zāhir honā* int to be shown
23 *afsos* m alas
24 *miṭnā* int to be effaced
25 *bairūnī* outsider

طوفانِ بےتمیزی[1] برپا[2] ہے، یہاں کے شائستہ لوگ اِس طرح بےکار[3] ہوکے کونے میں بیٹھ گئے ہیں، اور قانونی آزادی[4] نے جہلا و عوام کو اِس درجہ[5] بےباک[6] و بدتمیز بنا دیا ہے کہ یہ تمام ادبی خوبیاں خاک میں مل[7] رہی ہیں اور چند روز بعد شاید اِن کا پتا بھی نہ ہوگا۔

.........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کے ایک ہندوستانی دوست اپنے بچّے سے صرف انگریزی میں بات کرتے ہیں۔ اُن کا ماننا[8] ہے کہ اگر بچے سے دو زبانوں میں بات کی جائے گی تو بچہ کسی زبان پر بھی پوری طرح عبور حاصل[9] نہیں کر سکے گا۔ دوست کے اِس خیال کی تردید[10] کرتے ہوئے بحث[11] کیجیے۔

---

1 *tūfān-e-be tamīzī* m storm of indecency
2 *barpā honā* int to be raised
3 *bekār honā* int to become useless
4 *qanūnī āzādī* f lawful freedom
5 *darjā* m degree
6 *bebāk* bold
7 *xāk meṅ milnā* int to get ruined
8 *x ka mānnā* the believe of x
9 *x par ubūr hāsil karnā* to excel at x
10 *x kī tardīd karnā* to disprove x
11 *x par bahas karnā* to discuss/argue on x

## ۴۴۔اردو زبان پنجاب میں　　　محمد اقبال

ہمارے نقاد[1] دوست اس بات پر مصر[2] ہیں کہ پنجاب میں غلط اردو کے مروج[3] ہونے سے یہی بہتر[4] ہے کہ اِس صوبے[5] میں اِس زبان کا رواج[6] ہی نہ ہو۔لیکن یہ نہیں بتاتے کہ غلط اور صحیح کا معیار[7] کیا ہے۔ جو زبان بہمہ[8] وجوہ[9] کامل[10] ہو، اور ہر قسم کے ادائے مطلب[11] پر قادر[12] ہو، اُس کے محاورات[13] والفاظ کی نسبت[14] تو اِس قسم کا معیار خود بخود قائم[15] ہو جاتا ہے۔لیکن جو زبان ابھی زبان بن رہی ہو اور جس کے محاورات اور الفاظ جدید[16] ضروریات کو پورا کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً[17] اختراع[18] کیے جا رہے ہوں، اُس کے محاورات وغیرہ کی صحت[19] اور عدم صحت[20] کا معیار قائم کرنا میری رائے[21] میں محالات[22] سے ہے۔

ابھی کل کی بات[23] ہے، اردو زبان جامع مسجد کی سیڑھیوں[24] تک محدود[25] تھی، مگر چونکہ بعض[26] خصوصیات[27] کی وجہ سے اِس میں بڑھنے کا مادّہ[28] تھا اِس واسطے[29] اِس

---

1 *naqqād* critic
2 *x par musir honā* to persist on x
3 *muravvaj honā* int to become popular
4 *behtar* better
5 *sūbā* m province
6 *ravāj honā* int to be in use
7 *x kā meyār* standard of x
8 *bāhamā* with all
9 *vujūh* f pl reasons
10 *kāmil* perfect
11 *adā-e-matlab* m expression, meaning
12 *qādir* capable
13 *muhāvarāt* m pl idioms
14 *x kī nisbat* regarding x
15 *qāim honā* int to be established
16 *alfāz-e-jadīd* m pl modern words
17 *vaqtan favaqtan* from time to time
18 *ixtirā* m inventing
19 *sehat* f authenticity
20 *adam sehat* f absence of authenticity
21 *rāe* f opinion
22 *muhālāt* m pl impossibilities
23 *kal kī bāt* recent matter/affair
24 *sīṛhiyāṅ* f pl stairs
25 *mahdūd* limited
26 *bāz* some
27 *xusūsīāt* f specialty
28 *māddā* m capacity
29 *x ke vāste* because of x

بولی[1] نے ہندوستان کے دیگر[2] حصوں کو بھی تسخیر[3] کرنا شروع کیا۔ اور کیا تعجب[4] ہے کہ کبھی تمام ملکِ ہندوستان اِس کے زیرِ نگیں[5] ہو جائے۔ ایسی صورت میں ممکن[6] نہیں کہ جہاں جہاں اِس کا رواج ہو وہاں کے لوگوں کا طریقِ معاشرت[7]، اُن کے تمدنی[8] حالات اور اُن کا طرزِ بیاں[9] اس پر اثر[10] کیے بغیر رہے۔ علم السنہ[11] کا یہ ایک مسلم اصول[12] ہے۔ جس کی صداقت[13] اور صحت تمام زبانوں کی تاریخ سے واضح[14] ہوتی ہے۔ اور یہ بات کسی لکھنوی یا دہلوی کے امکان[15] میں نہیں ہے کہ اِس اصول کے عمل[16] کو روک سکے۔

تعجب ہے کہ میرزا، کمرا، کچہری[17]، نیلام[18] وغیرہ[19] اور فارسی اور انگریزی کے محاورات کے لفظی ترجمے[20] تو بلا تکلف[21] استعمال کرو لیکن اگر کوئی شخص اپنی اردو تحریر میں کسی پنجابی محاورے کا لفظی ترجمہ یا کوئی پُر معنی[22] پنجابی لفظ استعمال کرے تو اُس کو کفر[23] و شرک[24] کا مرتکب[25] سمجھو۔ اور باتوں میں اختلاف[26] ہو تو ہو مگر یہ مذہبِ منصوص[27] ہے کہ اردو کی چھوٹی بہن یعنی پنجابی کا کوئی لفظ اردو میں گھسنے[28] نہ پائے۔ یہ

---

1 *bolī* f dialect
2 *dīgar* another
3 *x ko tasxīr karnā* to conquer x
4 *tājjub* m wondering
5 *x ke zer-e-nagīṅ honā* to be under the authority of x
6 *mumkin* possible
7 *tarīq-e-māširat* m life style
8 *tamaddunī* social
9 *tarz-e-bayāṅ* m way of speaking
10 *asar* m effect
11 *ilm-ul-lisn* m linguistics
12 *musallam usūl* authentic principle
13 *sadāqat* f truth
14 *vāzeh* apparent
15 *imkān meṅ honā* to be possible
16 *amal* m process
17 *kacehirī* tribunal
18 *nīlām* m auction
19 *vağairā* and the rest, etc
20 *lafzī tarjumā* m literal translation
21 *bilā takalluf* without any problem
22 *pur mānī* meaningful
23 *kufr* m infidelity
24 *širk* m infidelity
25 *x kā murtakib samajhnā* to be understood as a guilty of x
26 *ixtelāf* m difference
27 *mazhab-e-mansūs* m manifested religion
28 *ghusnā* int to enter forcibly

قید[1] ایک ایسی قید ہے جو علمِ زبان[2] کے اصولوں کے صریح[3] مخالف ہے۔ اور جس کا قائم و محفوظ رکھنا کسی فردِ[4] بشر[5] کے امکان میں نہیں ہے۔ اگر یہ کہو کہ پنجابی کوئی علمی[6] زبان نہیں ہے جس سے اردو الفاظ و محاورات اخذ[7] کرے، تو آپ کا عذر[8] بے جا[9] ہوگا۔ اردو ہی ابھی کہاں کی علمی زبان بن چکی ہے جس سے انگریزی نے کئی ایک الفاظ بدمعاش[10]، بازار، لوٹ[11]، چالان[12] وغیرہ لے لیے ہیں اور ابھی روز بروز لے رہی ہے۔

........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کو تیسری دنیا کے سنگین ترین[13] مسئلوں[14] کو پیش[15] کرنے کے لیے کہا گیا ہے۔ آپ پچیس جملوں[16] میں یہ مسئلے بتائیے۔

---

1 *qaid* f limitation, prison
2 *ilm-e-zabān* m linguistics
3 *sarīh* absolutely
4 *fard* single
5 *bašar* m man
6 *ilmī* literary
7 *axz karnā* to obtain, take
8 *uzr* m excuse
9 *be-jā* baseless
10 *badmāš* goon
11 *lūṭ* f robbery
12 *cālān* m fine
13 *sangīn tarīn* most serious
14 *masalā* m problem
15 *x ko peš karnā* to present x
16 *jumlā* m sentence

## ۴۵۔ غالب کے خط

(۱)

کیوں مرزا تفتہ، تم بے وفا[1] یا میں گنہ گار[2]؟ یہ بھی تو مجھ کو معلوم نہیں کہ تم کہاں ہو؟ ابھی ایک صاحب میری ملاقات کو آئے تھے۔ تقریباً[3] تمہارا ذکر[4] درمیان[5] میں آیا۔ وہ کہنے لگے کہ وہ کول میں ہیں۔ اب میں حیران[6] ہوں کہ خط کول بھیجوں[7] یا سکندرآباد! اگر کول بھیجوں تو مسکن[8] کا پتا کیا لکھوں۔ بہرحال[9] سکندرآباد بھیجتا ہوں۔ خدا کرے پہنچ جائے۔ تمہارا دیوان[10] بطریق[11] پارسل میرے پاس آیا۔ میں نے ہرکارے[12] کو راجہ امید سنگھ بہادر کے گھر کا پتا بتا کر وہاں بھجوا دیا۔ یقین[13] ہے کہ پہنچ[14] گیا ہوگا۔ پانچ چار دن سے سنتا ہوں کہ وہ متھرا اور اکبرآباد کی طرف گئے ہیں۔ مجھ سے مل کر نہیں گئے ہیں۔ بہرحال، اِس خط کا جواب جلد لکھو اور ضرور لکھو۔

بھائی تم سیّاح[15] آدمی ہو۔ جہاں جایا کرو، مجھ کو لکھ بھیجا کرو کہ میں وہاں جاتا ہوں یا جہاں جاؤ وہاں سے خط لکھو۔ تمہارے خط کے نہ آنے سے مجھے تشویش[16] رہتی ہے۔ میری تشویش تم کو کیوں پسند ہے؟

(۲)

سنا ہوگا تم نے، کہ مومن خاں مر گئے۔ آج اُن کو مرے ہوئے دسواں دن ہے۔ دیکھو

---

1 *bevafā* unfaithful
2 *gunāhgār* m sinner
3 *taqrīban* near to, approximately
4 *x ka zikr karnā* to mention x
5 *darmīān meṅ* in between
6 *hairān honā* int to become confused
7 *bhejnā* to send
8 *maskan* m residence
9 *baharhāl* in any case
10 *dīvān* m collection of poetry
11 *batarīq* by the way
12 *harkārā* m delivery man
13 *yaqīn* m belief
14 *pahuṅcnā* int to arrive
15 *saīyāh* m traveler, tourist
16 *tašvīš* f curiosity, anxiety

بھائی، ہمارے بچے مرے جاتے ہیں، ہمارے ہم عمر[1] مرے جاتے ہیں، قافلہ[2] چلا جاتا ہے اور ہم پا در رکاب[3] بیٹھے ہیں۔ مومن خاں میرا ہم عمر تھا اور یار[4] بھی تھا۔ بیالیس تینتالیس برس ہوئے یعنی چودہ چودہ، پندرہ پندرہ برس کی میری اور اُس مرحوم[5] کی عمر تھی کہ مجھ میں اُس میں ربط[6] پیدا ہوا۔ اِس عرصے[7] میں کبھی کسی طرح کا رنج و ملال[8] درمیان نہیں آیا۔ حضرت، چالیس چالیس برس کا دشمن بھی نہیں پیدا ہوتا، دوست تو کہاں ہاتھ آتا[9] ہے۔ یہ شخص بھی اپنی وضع[10] کا اچھا کہنے والا[11] تھا۔ طبیعت اُس کی معنی آفریں[12] تھی۔

(۳)

بھائی صاحب!

آج تک سوچتا رہا کہ بیگم صاحبہ قبلہ[13] کے انتقال[14] کے باب[15] میں تم کو کیا لکھوں۔ تعزیت[16] کے واسطے[17] تین باتیں ہیں: اظہارِ غم[18]، تلقینِ صبر[19] اور دعائے مغفرت[20]۔ سو[21] بھائی، اظہارِ غم تکلف[22] محض[23] ہے۔ جو غم تم کو ہوا ہے، ممکن نہیں کہ

---

1 *ham umr* of the same age
2 *qāfilā* m caravan
3 *pā-dar-rakāb* ready, foot in stirrup
4 *yār* m friend, beloved
5 *marhūm* m decease
6 *rabt paidā honā* int a relationship to be built
7 *arsā* m duration
8 *ranj-o-malāl* m grief, sorrow
9 *hāth ānā* int to get, to be at hand
10 *vazā* f style
11 *(šer) kahne vālā* m poet
12 *mānī āfrīn* meaningfulness, layers of meaning
13 *qiblā* term for respect
14 *x kā intiqāl* death of x
15 *x ke bāb meṅ* in the matter of x
16 *tāzīyat* f condolence
17 *x ke vāste* for x
18 *izhār-e-ğam* m showing grief, expressing grief
19 *talqīn-e-sabr* m instruction to have patience
20 *mağfirat* f remission (of sins)
21 *so* so
22 *takalluf* m formality
23 *mahaz* just for, in the sake of

دوسرے کو ہوا ہو۔ تلقینِ صبر بے دردی[1] ہے۔ یہ سانحۂ عظیم[2] ایسا ہے جس نے غمِ رحلتِ[3] نواب مغفور[4] کو تازہ[5] کیا۔ پس[6] ایسے موقعے[7] پر صبر کی تلقین کیا کی جائے۔ رہی دعائے مغفرت، میں کیا اور میری دعا کیا؟ مگر چونکہ[8] وہ میری مربیہ[9] و محسنہ[10] تھیں، دل سے دعا نکلتی ہے۔ تمہارا یہاں آنا سنا جاتا تھا، اِس واسطے خط نہ لکھا۔ اب جو معلوم ہوا کہ دشمنوں کی طبیعت ناساز[11] ہے اور اِس سبب[12] سے آنا نہ ہوا، یہ چند[13] سطریں[14] لکھی گئیں۔ حقِ تعلا[15] تندرست[16] اور خوش رکھے۔

..............................

مشق۔ فرض کیجیے آپ کے دوست کے نانا کا ایک سو پچیس سال کی عمر میں انتقال ہوا ہے۔ وہ اپنی موت کے دن تک بالکل صحت مند[17] تھے۔ آپ اپنے دوست کو ایک تعزیتی خط[18] لکھیے۔

---

1 *bedardī* f cruelty
2 *sānihā-e-azīm* m a big incident
3 *rahlat* f death
4 *mağfūr* honorable
5 *tāzā karnā* to recall
6 *pas* so
7 *mauqā* m situation, opportunity
8 *cūṅki* because
9 *murabbīyā* m guardian
10 *mohsinā* m generous
11 *nāsāz* unwell
12 *x ke sabab* because of x
13 *cand* few
14 *satar* f line
15 *haqq-e-tālā* m the most high god
16 *tandurust* healthy
17 *sehatmand* healthy
18 *tāzīyatī xat* m condolence letter

## ۴۶۔ تفہیمِ[1] غالب — شمس الرحمٰن فاروقی

نہ تھا کچھ تو خدا تھا کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا
ڈبویا[2] مجھ کو ہونے نے نہ ہوتا میں تو کیا ہوتا

اِس شعر کو اردو کے مشہور ترین[3] اشعار میں رکھا جا سکتا ہے۔ اِس غیر معمولی[4] شہرت[5] کی وجہ بے چارگی[6] سے بھرپور[7] اِس سوال میں ڈھونڈی[8] جا سکتی ہے جو دوسرے مصرعے[9] میں اٹھایا[10] گیا ہے۔ اِس شعر کی شرح[11] میں عام طور پر یہ دو نکتے[12] پیدا کیے گئے ہیں۔ (۱) جب کچھ نہ تھا تو خدا تھا۔ میں نہ ہوتا تو میں بھی الوہیت[13] کا ایک حصہ ہوتا۔ (۲) جب کچھ نہ تھا، تب بھی خدا تھا۔ اگر کچھ بھی خلق[14] نہ ہوتا تب بھی خدا کی ہستی[15] موجود رہتی۔ میرے وجود[16] نے خدا کی خدائی[17] میں کوئی اضافہ[18] نہیں کیا۔

لیکن شعر میں چند نکتے اور بھی ہیں۔ سب سے پہلی قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ یہ شعر غالب کے اُن اشعار میں سے ہے جن میں فارسی کی کوئی ترکیب[19] استعمال نہیں ہوئی ہے۔ یہی نہیں، بلکہ پورے شعر میں صرف ایک فارسی لفظ (خدا) استعمال کیا گیا ہے۔ اور وہ بھی اِس قدر کثیر الاستعمال[20] ہے کہ اِس کے فارسی ہونے کا خیال بھی نہیں آتا۔ دوسری بات

---

1 *tafhīm* f making (one) understand or know
2 *ḍubonā* to immerse
3 *mašhūr tarīn* most popular
4 *ğair māmūlī* extraordinary
5 *šohrat* f publicity
6 *becārigī* f helplessness
7 *x se bharpūr* full of x
8 *ḍhūṅḍnā* to seek
9 *misrā* m a single line (of a poem)
10 *savāl uṭhānā* to raise a question
11 *šarah* f interpretation
12 *nuktā* m a point
13 *ulūhīyat* f divinity
14 *xalq honā* to be created
15 *hastī* f existence
16 *vajūd* m existence
17 *xudāī* f existence
18 *x kā izāfā karnā* to add to x
19 *tarkīb* f in linguistic terminology it means word pattern
20 *kasīrul istemāl* excessively used

یہ کہ یہ شعر زندگی کی مجبوریوں کی طرف بھی اشارہ[1] کرتا ہے۔ یعنی انسان وجود میں آنے اور زندہ رہ کر اپنی تباہی[2] کرنے پر مجبور[3] ہے۔ اس کے ہونے نہ ہونے سے کائنات[4] کے نظام[5] میں کوئی فرق نہ پڑا ہو، لیکن اس کو وجود میں آنا اور زندگی اور موت کو برداشت[6] کرنا ہی ہے۔ زندگی اور اس کے مصائب[7] سے کسی کو مفر[8] نہیں۔

تیسرا نکتہ یہ ہے کہ خدا تو ہر صورت میں موجود رہتا۔ وجود میں آنے سے مجھ پر یہ ستم[9] ٹوٹے ہیں۔ اگر خدانخواستہ[10] میں کچھ بھی نہ ہوتا تو خدا جانے میری ناقدری[11] کا کیا عالم[12] ہوتا۔ چوتھا نکتہ یہ ہے کہ اگر میں وجود میں نہ لایا گیا ہوتا تو کیا ہرج[13] تھا؟

..........................

مشق۔ فرض کیجیے آپ سے پوچھا گیا ہے کہ کیا اخلاقی[14] زندگی گذارنے کے لیے کسی مذہب کی پیروی[15] کرنا ضروری ہے؟ آپ اپنے جواب کو تفصیل[16] سے لکھیے۔

1 *išārā karnā* to point, indicate
2 *tabāhī* f destruction
3 *x par majbūr honā* helpless regarding x
4 *kāināt* f the universe
5 *x ke nizām meṅ* in the system of x
6 *x ko bardāšt karnā* to bear x
7 *masāib* m pl calamities
8 *mafar* m a place of refuge
9 *x par sitam ṭūṭnā* int tyranny to be fell on x
10 *xudā nā xāstā* god forbid
11 *nāqadrī* f indignity
12 *ālam* m happening, condition
13 *harj* m obstacle
14 *axlāqī* moral
15 *x kī pairavī karnā* to follow x
16 *tafsīl* f detail